امام اہلسنت مجدد دین و ملت اعلیٰ حضرت مولانا الشاہ احمد رضا خان بریلوی علیہ الرحمہ
کے شہرہ آفاق ترجمہ قرآن کا آسان اور عام فہم

لفظی ترجمہ

کنز الایمان

المسمّٰی

ریاض الایمان

ابو حمزہ مفتی ظفر جبار چشتی

بسم الله الرحمن الرحيم

الله	الرحمن	الرحيم	الملك	القدوس	السلام	المومن
المهيمن	العزيز	الجبار	المتكبر	الخالق	الباری	المصور
الغفار	القهار	الوهاب		الرزاق	الفتاح	العليم
القابض	الباسط	الله جل جلاله			الخافض	الرافع
المعز	المذل				السميع	البصير
الحكم	العدل	اللطيف		الخبير	الحليم	العظيم
الغفور	الشكور	العلى	الكبير	الحفيظ	المقيت	الحسيب
الجليل	الكريم	الرقيب	المجيب	الواسع	الحكيم	الودود



المجيد الباعث الشهيد الحق الوكيل القوي المتين

الولي الحميد المحصي المبدئ المعيد المحيي المميت

الحي القيوم الواجد الماجد الواحد الصمد القادر

المقتدر المقدم المؤخر الاول الآخر الظاهر

الباطن الوالي

الله جل جلاله

المتعالي البر

التواب المنتقم العفو الرؤوف

مالك الملك ذو الجلال والاكرام المقسط الجامع الغني المغني

المانع الضار النافع النور الهادي البديع الباقي

الوارث الرشيد الصبور

ضروری اطلاع

کنز الایمان = لفظی ترجمہ اور بامحاورہ ترجمہ ریاض الایمان کاپی رائٹ ایکٹ کے تحت بنام مترجم رجسٹرڈ ہے، جس کا کوئی لفظ سطر یا کسی قسم کے مواد کی نقل یا کاپی کرنا اسے چھاپنا قانونی طور پر جرم ہے، کوئی فرد یا ادارہ اس قسم کی حرکت کرتا ہوا پایا گیا تو اُس کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔

قانونی مشیران گرامی:

عبدالسمیع قریشی	چودھری محمد سعید
ایڈووکیٹ ہائی کورٹ، لاہور	ایڈووکیٹ ہائی کورٹ، لاہور

نام ترجمہ : کنز الایمان
مترجم : امام اہل سنت احمد رضا قادری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ
نام ترجمہ : ریاض الایمان
مترجم : ابوحمزہ مفتی ظفر جبار چشتی
سن اشاعت : ۲۷ رمضان ۱۴۳۲ھ/۲۰۱۲ عیسوی
ایڈیشن : اوّل
ناشر : مشتاق احمد
مطبع : آر۔ آر پرنٹنگ پریس، بندروڈ لاہور

استدعا

انسانی طاقت اور بساط میں جو کچھ ہے اس کے مطابق اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ادارہ نے ہر ممکن کوشش کی ہے کہ نسخہ ہذا میں کسی قسم کی کوئی غلطی نہ رہ جائے پھر بھی انسان خطا کا پتلا ہے اگر دوران طباعت کوئی زیر۔ زبر۔ نقطہ۔ شد یا مد ٹوٹ جائے تو اسے غلطی نہیں کہتے۔ کثیر تعداد میں چھپنے والی مطبوعات میں باوجود ہر امکانی کوشش کے ایسی خفیف نادانستہ لغزش قابل گرفت نہیں ہوتی بلکہ قابل معافی ہوتی ہے۔ کوئی مسلمان جان بوجھ کر دیدہ دانستہ تو طباعت میں ذرا سی غفلت بھی نہیں کر سکتا۔ پھر بھی آپ سے استدعا ہے کہ اگر قرآن پاک پڑھنے کے دوران اس قسم کی کسی غلطی کا شبہ ہو تو ہمیں مطلع فرما کر مشکور فرمائیے۔ ان شاء اللہ آئندہ طباعت میں درست کر دی جائے گی۔ ادارہ

امام اہلسنت مجدد دین وملت اعلیٰ حضرت مولانا الشاہ احمد رضا خان بریلوی قدس سرہ
کے شہرہ آفاق ترجمہ قرآن کا آسان اور عام فہم

لفظی ترجمہ

کنز الایمان

المسمّٰی

ریاض الایمان

کرمانوالا بک شاپ

ابو حمزہ مفتی ظفر جبار چشتی

مشتاق بک کارنر
الکریم مارکیٹ۔ اردو بازار۔ لاہور

عرضِ مترجم

قرآن انوار و تجلیاتِ الٰہی کا بیکراں سمندر جو حضور رحمت عالم معلم انسانیت کے سینۂ اطہر میں سما کر ان کے نوری ہونٹوں سے موجزن ہوا..... قرآن! کلامِ الٰہی، قرآن منزل من اللہ، قرآن ذکریٰ للعالمین، قرآن هدی لـلمتقین، قرآن شفاء رحمۃ للمومنین اور قرآن جس ذاتِ اقدس پر نازل ہوا وہ رحمۃ للعالمین ہے۔

قرآن کریم ربِ رحمٰن و رحیم کی طرف سے دُکھوں میں گری انسانیت کے لیے پیغامِ رحمت و رأفت ہے، قرآن مجید کائنات کے الٰہ و معبودِ مطلق کی طرف سے گم کردہ راہ رووں کے لیے پیغام امن و سعادت ہے۔ قرآن حکیم طبیب ازلی کی طرف سے بیمار انسانوں کے لیے نسخۂ شفا ہے، قرآن جلیل ربِ ذوالجلال کی طرف سے سرکش مخلوق کے لیے آوازہ ہیبت و جلالت ہے۔ قرآن شریف ربِ ذوالمنن کی طرف سے فرمانبرداروں کے لیے نوید عنایت ہے، قرآن کریم معبودِ جلیل و جمیل کی طرف سے شکستہ دلوں، بے چین روحوں اور مضطرب کانوں کے لیے نغمہ پیار و محبت ہے۔

جہاں تک قرآن حکیم کے ترجمہ کا تعلق ہے تو یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ دورِ حاضر میں جتنے ہی اُردو میں تراجم ہوتے ہیں، ان سب کا ماخذ کنز الایمان ہے، پوری دنیا میں جو پذیرائی کنز الایمان کو حاصل ہوئی ہے کسی اور ترجمہ کو نہیں مل سکی، یہ ایک حقیقت ہے کہ امام اہل سنت مجدد دین وملت الشاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمہ ایک عظیم شاہکار ہے اور اپنے نہج میں وہ ایک ہی ترجمہ ہے لیکن اس میں ایسے مشکل الفاظ موجود ہیں اور کچھ الفاظ فارسی و عربی اور پرانی اُردو ترکیبوں پر مشتمل ہیں جو عام قاری قرآن کی سمجھ میں نہیں آتے تھے، اس لیے ہم نے اس ترجمہ کے الفاظ کو آسان اُردو میں تبدیل کیا اور ساتھ ہی لفظی ترجمہ میں بھی تبدیل کر دیا۔

لہٰذا یہ اعلیٰ حضرت کے بامحاورہ ترجمہ کنز الایمان کا لفظ بہ لفظ پہلا ترجمہ ہے، کوشش کے باوجود قرآنی بلاغت کی عظمتوں کو چھونا بہت مشکل معاملہ ہے، فہم میں غلطی کھانا اور آرائے فہم میں کمزوری کا رہ جانا بشر کی بشریت کا تقاضا ہے اور قرآن کے اعجاز کی دلیل ہے، قرآن کے الفاظ و معانی کے بحر بیکراں کی حقیقت تک رسائی ممکن نہیں۔

اس ترجمہ میں ہم نے الفاظِ قرآن کی ترتیب کو حتی الامکان ملاحظہ رکھا ہے اور مفہوم قرآن کو عام کرنے کے لیے سلیس اور سادہ زبان اختیار کی ہے۔

جہاں جملہ مکمل کرنے کے لیے کوئی لفظ شامل کرنے کی ناگزیر ضرورت تھی، ایسے مقامات کو بریکٹ کے استعمال سے واضح کر دیا گیا ہے تاکہ قرآن کی زندہ عبارت کی تاثیر متاثر نہ ہو اور پڑھنے والا اس کا لفظ لفظ اس اعتماد سے پڑھے کہ میرے رب کا کلام ہے۔

اپنی کمیوں اور کوتاہیوں کے اعتراف کے ساتھ اربابِ علم و دانش سے بڑے ادب سے درخواست کرتا ہوں کہ اگر ترجمہ میں کہیں کوئی ایسی جگہ پائیں جہاں اصلاح کی ضرورت محسوس کریں تو نشاندہی فرماتے ہوئے راقم کو مطلع فرمائیں' اسے شکریہ کے ساتھ قبول کیا جائے گا اور ان شاء اللہ آئندہ ایڈیشن میں اصلاح کر دی جائے گی۔

خصوصاً ادارہ مشتاق بک کارنر کے ایم ڈی جناب محمد مشتاق بٹ صاحب اور محمد خالد منیر بٹ صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس عظیم ترین کام کی اشاعت کا ذمہ لیا اور پورے طباعتی حسن کے ساتھ اس کو شائع کیا' اللہ تعالیٰ ادارہ کے تمام افراد و معاونین کو اجر عظیم عطا فرمائے اور ہم سب کی غلطیوں کو قرآن اور صاحبِ قرآن کے صدقے معاف فرمائے۔ اور اس ترجمہ قرآن کو عوام الناس کے لیے نفع بخش فرمائے۔ آمین!

غلطیوں پر معافی کا طلب گار
کوتاہیوں پر شرمسار
ابوحمزہ (مفتی) ظفر جبار چشتی

قرآن مجید کی تلاوت کے احکام، آداب

کسی پاک اور صاف جگہ پر بیٹھ کر قرآن مجید کی تلاوت کرنی چاہیے۔ مسجد میں تلاوت کرنا بہت عمدہ ہے سر ڈھانک کر سکون، خضوع خشوع، وقار اور ادب کے ساتھ بیٹھ کر تلاوت کرے اور قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے جو شخص قرآن مجید کی تلاوت کا ارادہ کرے اسے چاہیے کہ وہ اپنے منہ کو ہر قسم کی بد بو سے اچھی طرح صاف کر لے، یعنی وضو کرتے وقت مسواک اچھی طرح سے کرے، کیونکہ تلاوت قرآن مجید کے وقت فرشتے حاضر ہوتے ہیں بد بو سے اُن کو تکلیف ہوتی ہے اور خوشبو سے راحت ہوتی ہے۔

قرآن مجید کی تلاوت شروع کرنے سے پہلے **اعوذ باللّٰہ من الشیطن الرجیم** اور **بسم اللہ الرحمن الرحیم** ضرور پڑھے، اور قرآن مجید کی آیات کے معانی میں غور وفکر اور تدبر تفکر کرے۔

قرآن مجید کو ترتیل کے ساتھ آہستہ آہستہ اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا چاہیے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جلدی جلدی پورا قرآن پڑھنے کی نسبت میرے نزدیک یہ بہتر ہے کہ صرف ایک سورۃ ترتیل کے ساتھ پڑھ لی جائے۔

جب قرآن مجید کی کوئی ایسی آیت پڑھے جس میں اللہ تعالیٰ کی رحمت اور مغفرت کا ذکر ہو تو اللہ تعالیٰ سے اس کی رحمت اور مغفرت کا سوال کرے اور جب عذاب کی آیت پڑھے تو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے پناہ طلب کرے۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ جب قرآن مجید ختم کرتے تو اپنے گھر والوں کو جمع کرتے اور دُعا مانگتے احادیث صحیحہ میں ہے کہ ختم قرآن کے وقت اللہ کی رحمت نازل ہوتی ہے اور دُعا قبول ہوتی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شیخ القرآن والحدیث وتفسیر

حضرت ڈاکٹر مفتی غلام سرور قادری بخاری دامت برکاتہم العالیہ

جامعہ رضویہ وخانقاہ قادریہ نوریہ' ماڈل ٹاؤن لاہور

حمد ہے اس اللہ جل شانہ کو جس نے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پیدا فرمایا۔ پھر ان کو عظیم کتاب عطا فرمائی۔ جس کا نام ہے قرآن کریم۔

اتر کر حرا سے سوئے قوم آیا
اور ایک نسخۂ کیمیا ساتھ لایا

نسخہ کیا ہے کیمیا ہے' بیماروں کی شفاء' تندرستوں کا ذریعہ بقا' گمراہوں کا رہنما' مسجدوں میں اس کی تلاوت ہوتی ہے' میدانوں میں اس سے جہاد' عدالتوں میں اس سے فیصلے' بیماروں کے گلوں میں تعویذ بن کر پڑے' جان کنی میں مشکل حل کرے۔ بعد موت قبر اور حشر میں کام آئے۔ غرض کہ انسان کی دینی اور دنیوی زندگی کا دستور العمل ہے۔ ہر مسلمان کے دل میں جذبہ ہے کہ اسے سمجھے ہر مومن کے قلب میں تڑپ ہے کہ اس فرمان تک اس کی رسائی ہو۔ علماء تو محنت کر کے اس کے مضامین تک پہنچتے ہیں مگر عوام چاہتے ہیں کہ اس کے مضامین ہماری زبان میں ہم تک پہنچیں۔ اس لئے تقریباً ہر زبان میں بے شمار ترجمے تفسیریں لکھی گئیں۔ اُردو زبان میں بھی بہت کام ہوا۔ ترجمۂ قرآن کے حوالے سے جو کام امام اہلسنت مجدد دین وملت اعلیٰ حضرت الشاہ احمد رضا خاں قادری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے کیا ہے وہ اپنی مثال آپ ہے۔ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے بامحاورہ ترجمے کو لفظ بہ لفظ لباس پہنایا ہے۔

عزیزم مولانا مفتی ظفر جبار چشتی زیدہ مجدہٗ نے اور ساتھ ہی ساتھ مشکل الفاظ کو بھی آسان کر دیا گیا ہے یہ کام خاصا مشکل تھا لیکن عزیزم مفتی ظفر جبار چشتی کو اللہ کریم نے ہمت عطا فرمائی۔ یہ سعادت ان کے حصے میں رکھی۔

مولانا موصوف میرے خاص تلامذہ میں سے ہیں میں نے ان کی شخصیت میں مستقل مزاجی' عظیم ہمت اور گہرا اخلاص پایا جس کا ثبوت ان کی اس کاوش کے بارے میں لگاتار شب بیداری اور اَن تھک محنت سے ملتا ہے۔

اس عظیم کام کے درمیان جب بھی میرے پاس تشریف لائے میں نے ان کی ہر جگہ رہنمائی کی۔ اب یقیناً مولانا صاحب کی اس عظیم کاوش سے اہل علم' اہل محبت' علماء' طلباء' وکلاء' دانشور اور عامۃ الناس اس سے بھرپور استفادہ کر سکیں گے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ خالق کائنات علامہ مفتی ظفر جبار چشتی زید مجدہٗ کی اس عظیم اور جذبۂ ایمانی سے بھرپور کاوش کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے۔ آمین بجاہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم

۲رفروری ۲۰۱۰ء
۱۷صفر المظفر ۱۴۳۱ھ بروز منگل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محقق عصر شیخ القرآن والحدیث

حضرت علامہ مفتی محمد خان قادری دامت برکاتہم العالیہ

پرنسپل جامعہ اسلامیہ، لاہور

بندہ ان دنوں تفسیر کبیر کے ترجمہ (فضل قدیر) میں اس قدر مصروف ہے کہ کسی اور کام کی فرصت ہی نہیں، ممتاز مذہبی سکالر علامہ مفتی ظفر جبار چشتی ترجمہ قرآن کا مسودہ لے کر آئے کہ وہ امام احمد رضا قادری رحمۃ اللہ علیہ کے ترجمہ "کنز الایمان" کی زبان کو آسان کر رہے ہیں، دیکھ کر دلی خوشی ہوئی کہ وہ یہ کام کر کے اُردو خواں حضرات پر احسان کر رہے ہیں کیونکہ اس میں بہت سے ایسے اُردو کے الفاظ و اصطلاحات ہیں کہ عام آدمی اسے سمجھ ہی نہیں پاتا، بندہ کو اس کا تجربہ یوں ہوا کہ دورانِ ترجمہ تفسیر کبیر، کنز الایمان فی ترجمۃ القرآن، کے مطالعہ کا موقعہ ملا تو محسوس ہوا کہ اس کی زبان کو آسان کرنا نہایت ضروری ہے تاکہ ہر کوئی فہم قرآن سے مالامال ہو سکے۔

عربی تفاسیر میں سب سے بڑا کام امام فخر الدین رازی (متوفی ۶۰۶ھ) نے تفسیر کبیر کی صورت میں کیا، اُردو میں بھی قرآن مجید کے متعدد تراجم ہیں مگر ان میں امام احمد رضا قادری رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۴۰ھ) کا ترجمہ کنز الایمان وہی درجہ رکھتا ہے جو دیگر تفاسیر میں امام رازی کی تفسیر کا ہے، کیونکہ امام احمد رضا قادری رحمۃ اللہ علیہ متکلم، محدث، مفسر، متصوف اور فقیہ ہیں، انہوں نے اپنی رائے کی بجائے تفسیر نبوی، تفسیر صحابہ، متقدمین، ائمہ مجتہدین، اولیاء، صوفیاء کی محنتوں اور کاوشوں سے خوب فائدہ اٹھایا کہ اس ترجمہ کے ذریعے اُمت مسلمہ کا رشتہ ان کے ساتھ جوڑنے کی بھرپور کامیاب کوشش کی، یہی وجہ ہے کہ جب کوئی تفاسیر اور شمائل کے موضوع پر مواد کا مطالعہ کرنے کے بعد ترجمہ کنز الایمان کا مطالعہ کرے گا تو وہ محسوس کرے گا کہ امام احمد رضا قادری نے ان تمام کا خلاصہ اس مبارک ترجمہ میں سمو دیا ہے۔

میرے مطالعہ کے مطابق اس مذکورہ ترجمہ کی خصوصیات پر پہلے کام ہوا ہے، اس پر انوار کنز الایمان کی فہرست عنوانات شاہد ہیں جو تقریباً ہزار صفحات پر پھیلا ہوا ہے، مگر اس ترجمہ کو آسان کرنے کی طرف توجہ کسی کی نہیں گئی، خوش قسمت ہیں علامہ مفتی ظفر جبار چشتی حفظہ اللہ تعالیٰ کہ ان کے حصے میں اللہ تعالیٰ نے یہ سعادت رکھی کہ انہوں نے یہ نہایت اہم کام کر دیا جس پر وہ شکریہ کے مستحق ہیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ان کی خدمت جلیلہ کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور اسے ہم سب کے لیے مفید اور نافع بنائے۔

(آمین!)

۱۴ ستمبر ۲۰۱۰ء بروز بدھ

جامعہ اسلامیہ، لاہور

کنز العلماء جانشینِ محدث قصوری شیخ الحدیث

حضرت علامہ مفتی محمد سعادت علی قادری دامت برکاتہم العالیہ

مہتمم مرکزی دار العلوم جامعہ حنفیہ، قصور

قرآنِ مجید برہانِ رشیدِ ربِ کائنات کی لاریب کتاب ہے، جو منبع رشد و ہدایت ہے۔ نزولِ قرآن سے لے کر آج تک اس کے تراجم علماء نے اپنی اپنی استعداد کے مطابق کیے۔ لیکن اُن تراجم میں جو مقام و مرتبہ اور شہرتِ دوام کنز الایمان کو حاصل ہوئی وہ کسی اور کا خاصہ نہیں بنی۔

ترجمہ کنز الایمان، حامیٔ سُنت، ماحیٔ بدعت، واقفِ اسرارِ علومِ عقلیہ و نقلیہ، وارثِ علومِ اسلاف، امامِ عاشقاں، فنافی الرسول، مجدد دین و ملت علامہ مفتی الحافظ القاری الشاہ امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ کا وہ عظیم شاہ کار ہے، جس کے لفظ لفظ سے خوفِ خدا و عشقِ مصطفیٰ کی جھلک نظر آتی ہے۔

جس حُسنِ تحریر سے یہ ترجمہ متصف ہے، وہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ کے علم و فضل کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ تمام علمی و ادبی جہات کے ساتھ ساتھ کہیں بھی ذرہ بھر لغزش نظر نہیں آتی۔

یوں سمجھئے جو فوقیت چاند کو تاروں پر اور سورج کو چاند پر حاصل ہے وہی فوقیت بلاشبہ کنز الایمان کو تمام تراجم پر حاصل ہے۔ کنز الایمان تمام تراجم پر فائق ہے۔

عزیزم مولانا مفتی ظفر جبار چشتی صاحب نے جس طرح ترجمہ قرآن کنز الایمان کے ساتھ لفظی ترجمہ کو شامل کیا ہے، ان کے اس کام نے جہانِ علم میں ایک نیا باب کھولا ہے۔ اس لفظی ترجمہ سے جہاں علماء بالخصوص درسِ نظامی کے طلباء مستفید ہوں گے، وہاں عوام بھی اس سے اپنی علمی تشنگی بجھا سکتے ہیں۔

یوں مولانا کا یہ کام کئی پہلوؤں سے ہر خاص و عام کے لیے ایک انمول علمی گلدستہ ہے۔ ربِ قدیر مولانا موصوف کے قلم کو مزید برکتیں عطاء فرمائے۔ ان کی کاوش کو قبول فرما کر ذریعۂ نجات بنائے۔

ربِ ذوالجلال ان کے علم اور عمل میں اپنی رحمت خاصہ داخل فرمائے۔ آمین!

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

رَبِّ يَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ وَتَمِّمْ بِالْخَيْرِ

ادیب اہلسنت استاذ العلماء حضرت علامہ الحاج **محمد منشا تابش قصوری** دامت برکاتہم العالیہ

مدرس جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

تراجم کا سلطان ترجمہ کنزالایمان

ربّ العزت جل وعلاء نے اپنے حبیب کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کو ختمِ نبوت کا تاج پہنا کر خاتم الکتب قرآن کریم فرقانِ حمید کی نعمت عظمیٰ سے عطا فرما کر معلمِ کتاب وحکمت کے وصف سے بھی سرفراز کیا، پھر آپ کی ذات والا برکات نے قرآن کریم کی تعلیم سے اس طرح نوازا کہ ہر زمانہ آپ کی تعلیم وحکمت اور اس کتاب مبین پر ناز کرتا آ رہا ہے، آج روئے زمین پر کوئی ایسا ملک نہیں جو قرآنِ مجید فرقانِ حمید کے انوار وتجلیات سے مستنیر نہ ہو، ہر زبان قرآن کریم سے تر ہے، چہار دانگ عالم میں ایسا کوئی علاقہ، خطہ نہیں جس کی زبان میں قرآن کریم کا ترجمہ نہ ہوا ہو اور پھر تراجم کے انداز مختلف ہیں، کوئی ادبی انداز لیے ہوئے ہے تو کوئی فصاحت و بلاغت کا مرقع ہے۔ ہر خوش نصیب مترجم نے اپنی علمی استعداد کے مطابق آسان اور سہل طریقہ کو اپنانے کی کوشش کی۔

برصغیر پاک وہند میں بھی بکثرت زبانیں بولی جاتی ہیں، علاقائی سطح پر قرآن کریم کے ان زبانوں میں ترجمے پائے جاتے ہیں، مگر برصغیر پاک وہند میں سب سے زیادہ بولی اور سمجھی جانے والی زبان اُردو ہے۔ اس لیے علمائے پاک وہند نے اُردو زبان کو قرآن مجید کے تراجم سے خوب مستفیض فرمایا۔ اُردو میں بیشتر تراجم وتفاسیر بھی معرضِ وجود میں آئیں۔ نظم ونثر میں ترجمے اور تفسیر پائی جاتی ہیں، وقت کے تقاضے کے مطابق کئی اہلِ محبت نے مسلمان بچے، بچیوں اور عام کم علم لوگوں کی آسانی کے لیے لفظی ترجمے کی طرف رجوع کیا اور اس مقصد میں وہ کامیاب بھی رہے، جیسے جیسے اُردو زبان میں نکھار آتا گیا، تراجم کی طرف بھی اتنی کیفیت و جاذبیت ترقی کرتی گئی۔ اعلیٰ حضرت امام اہل سنت، مجدد دین وملت، مولانا شاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمہ کنزالایمان کو رائج الوقت تراجم کا سلطان تسلیم کیا گیا ہے، اور اس کثرت سے ناشرین قرآن ادارے اسے شائع کر رہے ہیں کہ طلب میں اضافہ ہی ہوتا جا رہا ہے۔ اسی عظیم الشان، عدیم المثال ترجمہ کنزالایمان کو لفظاً لفظاً لباس پہنانے کی طرح ڈالی ہے۔ محترم المقام حضرت علامہ مولانا مفتی ظفر جبار چشتی، صاحب نے۔

مفتی ظفر جبار چشتی ایک سلجھے ہوئے اہل علم ہیں۔ مذکور قبل ازیں ریاض الایمان کے نام سے قرآن کریم کا ترجمہ کر چکے ہیں جو بحمدہٖ تعالیٰ شائع ہو چکا ہے، نیز متعدد کتب کے مصنف ہیں جنہیں لاہور کے کئی ادارے زیورِ طبع سے آراستہ کر رہے ہیں۔

اب کنزالایمان کو بعینہٖ الفاظ کا جامہ پہنا رہے ہیں تاکہ سکول، کالج، دینی مدارس اور دیگر اداروں کے طلباء آسانی سے استفادہ کر سکیں۔ امید ہے مولانا مذکور کی یہ دینی وملی کاوش قبولیت کا شرف پائے گی۔ انشاء اللہ العزیز الحمید!

استاذ العلماء حضرت علامہ

صاحبزادہ مفتی محمد لطف اللہ نوری

صدر شعبہ افتاء، مدرس جامعہ حنفیہ فریدیہ بصیر پور شریف اوکاڑہ

قرآن کے معانی اور مفاہیم سمجھنا اور بساط بھر عوام الناس کو سمجھانا علماءِ امتِ مسلمہ کی ذمہ داری ہے اور علاقائی زبان میں ترجمہ کرنا اور ایک ایک کلمہ، قرآن کا ترجمہ اور مفہوم واضح کرنا قرآن سکھانے کی بہترین صورت ہے۔ حدیث مبارکہ ہے کہ نبی رحمتؐ نے فرمایا ہے: خَیْرُکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَہٗ۔ تم میں بہتر وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے

برادر محترم گرامی قدر حضرت العلامہ ابو حمزہ مفتی ظفر جبار صاحب سلمہ ربہ الکریم نے جو کاوش کی ہے، ہمارے حلقوں میں اس طرح کے ترجمہ کی اشد ضرورت تھی، اللہ کریم ان کے علم، عمل، عمر اور وقار میں اضافہ فرمائے اور اس ترجمہ کو قبولیتِ عامہ تامہ سے ہمکنار کرے۔

میں نے اس ترجمہ پر نظر ثانی کی ہے، چیدہ چیدہ مقامات پر نشان دہی کر دی ہے، مولا کریم اس کو بہتر سے بہترین بنانے میں توفیق خیر عطاء فرمائے! آمین۔

دوسرے لفظوں میں امام اہل السنّت کے انوار سے مستنیر ہو کر یہ ترجمہ اب ضیا پاشیاں کرنے کے لائق ہے۔ علماء، طلباء، خطباء اور وکلاء اور ججز حضرات کے لیے یہ تحفہ گراں بہا ہے، قبولیت کے لیے دعا گو ہوں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
استاذ العلماء شیخ الحدیث

حضرت علامہ محمد صدیق ہزاروی سعیدی دامت برکاتہم العالیہ

شیخ الحدیث جامعہ ہجویریہ دربار حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ،
ممبر اسلامی نظریاتی کونسل، پاکستان

قرآن پاک کتابِ ہدایت ہے نہ صرف مسلمان بلکہ غیر مسلم بھی اس کتاب کے احکام و ہدایات سے بہرہ در ہو کر اپنی دنیوی اور (اگر وہ مؤمن بھی ہے تو) اُخروی زندگی کو ایک کامیاب زندگی بنا سکتا ہے۔

اس کتاب لاریب کو پڑھنا بھی ثواب اور دیکھنا بھی ثواب ہے، لیکن اس کی تعلیمات سے آگاہی کے لیے عربی زبان سے واقف ہونا یا قاری کی زبان میں اس کا ترجمہ لازمی ہے۔

اُردو خواں طبقہ کے لیے اُردو زبان میں متعدد تراجم معرضِ وجود میں آئے ہیں۔

ان تراجم میں حضرت امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمہ قرآن ''کنز الایمان'' متعدد حوالوں بالخصوص تقدیس خداوندی اور ناموسِ رسالت کے تحفظ کے اعتبار سے نہایت وقیع ترجمہ ہے، جس سے ایک دُنیا استفادہ کر رہی ہے۔

قرآن مجید کی آیاتِ بینات کا بامحاورہ ترجمہ مضمونِ آیت کو واضح کرتا ہے، اس لیے قرآن مجید سے استفادہ کے لیے یہ کافی ہوتا ہے لیکن جب قاری بالخصوص طلباء کو عربی زبان کے مختلف الفاظ کا ترجمہ الگ الگ سمجھنے کا ذوق بلکہ کسی حد تک ضرورت بھی ہو تو لفظی ترجمہ بہت اہم ہوتا ہے۔

فاضل نوجوان حضرت علامہ مفتی ظفر جبار چشتی مدظلہ متحرک، فعال اور مستند عالمِ دین ہیں۔ انہوں نے اس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے بڑی کاوش سے اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے ترجمہ قرآن ''کنز الایمان'' کو بامحاورہ انداز میں برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ لفظی ترجمہ ہدیۂ قارئین کیا ہے۔

ایک ہی نسخہ میں دونوں تراجم کی موجودگی یقیناً متعدد وجوہ سے قاری کے لیے بے حد مفید ہے۔

اللہ تعالیٰ حضرت علامہ کی اس کاوش کو شرفِ قبولیت عطا فرما کر انہیں اس کا اجرِ عظیم عطا فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین علیہ التحیۃ والتسلیم!

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

استاذ العلماء فخر السادات شیخ الحدیث

صاحبزادہ سیّد ہدایت رسول قادری دامت برکاتہم العالیہ

مہتمم دار العلوم نوریہ رضویہ گلبرگ اے فیصل آباد

قرآن مجید کسی مخصوص تعلیم یافتہ طبقے کے لئے نازل نہیں کیا گیا بلکہ یہ ہر شخص کے لئے پیغامِ ہدایت ہے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ وَلَقَدْ یَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّکْرِ کہ ہم نے نصیحت حاصل کرنے کے لئے قرآن مجید کو آسان کر دیا ہے۔ اسی طرح صاحب قرآن صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ یَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا کہ دین کے معاملات میں آسانی کو ملحوظ رکھو مشکلات کا باعث نہ بنو۔ ان فرامین کی روشنی میں اہل دین پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ قرآن مجید کی تعلیمات کو ایسے انداز میں پیش کریں کہ معمولی پڑھا لکھا انسان بھی قرآن مجید کی تعلیمات سے مستفیض ہو سکے۔

قرآن مجید محض کتاب ثواب نہیں بلکہ کتاب انقلاب ہے۔ آج کا مسلمان حصول ثواب کے لئے اس کی تلاوت تو کرتا ہے مگر اپنی زندگی اور معاشرے کو مصطفوی انقلاب سے ہمکنار کرنے کے لئے اس کی تعلیمات سے آشنا نہیں ہوتا۔ آج ضروری ہے کہ مسلمانوں کو قرآنِ مجید کی تلاوت کے ساتھ ساتھ اس کا ترجمہ پڑھنے کی ترغیب دی جائے۔ تاکہ وہ اپنے خالق و مالک کے پیغام کو سمجھ سکیں۔ آج فرقہ واریت کے فروغ کا سبب بھی تعلیمات قرآن سے عدم آگہی ہے۔

حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ فرماتے ہیں کہ جب میرا جی چاہے کہ میں رب سے باتیں کروں تو میں نماز پڑھتا ہوں اور جب میرا جی چاہتا ہے کہ رب مجھ سے باتیں کرے تو میں قرآن پڑھتا ہوں۔ چنانچہ عوام میں ترجمۂ قرآن پڑھنے کا شوق بڑھانے کے لئے ضروری ہے کہ ترجمہ بھی سلیس اور عام فہم ہو آج کے اسلوب بیان اور محاورات پر مشتمل ہو۔

ممتاز مذہبی سکالر حضرت علامہ مفتی ظفر جبار چشتی صاحب نے اسی ذمہ داری کو نبھانے کی بڑی خوبصورت کوشش کی ہے۔

برصغیر میں اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمۂ قرآن پاک جہاں دیگر علمی تحقیقی اور فنی کمالات کا حامل ہے وہاں اس کا سب سے بڑا کمال یہ ہے کہ اس کا ایک ایک لفظ عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم میں ڈوبا ہوا ہے۔ یہ ترجمہ جہاں رب قدوس کی بندگی کا جذبہ عطا کرتا ہے وہاں تعظیم رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے جذبے کو مسلمان کے رگ و ریشے میں اتارتا ہے۔ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ وہ واحد ہستی ہیں کہ جنہوں نے برصغیر میں مسلمانوں کے ایمان و عقائد کے خلاف اُٹھنے والے ہر طوفان کا مقابلہ کیا۔ جسٹس (ر) جاوید اقبال نے کہا کہ اگر ہندوستان میں نجدی تحریک کامیاب ہو جاتی تو پاکستان کبھی وجود میں نہ آتا۔ اس نجدی تحریک کا مقابلہ برصغیر میں صرف امام احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ نے کیا۔ آج ارضِ ہند و پاک میں درود و سلام کو جو ترانے اور نعتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے جو نغمے سنائی دے رہے ہیں یہ اسی ہستی کا فیض ہے۔

وقت کے ساتھ ساتھ ہر زبان میں تبدیلی آتی ہے۔ کچھ الفاظ متروک ہو جاتے ہیں کچھ نئے شامل ہو جاتے ہیں۔ اسلوب بھی بدل جاتا ہے۔ چنانچہ ضرورت تھی کہ اعلیٰ حضرت کے ترجمے کو آج کی زبان میں ڈھال کر پیش کیا جائے۔ حقیقی عالم دین وہی ہوتا ہے جو وقت کے تقاضوں کے مطابق دین کی تعلیمات کو پیش کرے اسی کا نام حکمت ہے۔ وَمَنْ یُّؤْتَ الْحِکْمَۃَ فَقَدْ اُوْتِیَ خَیْرًا کَثِیْرًا۔ صوفیائے کرام نے ہر دور میں حکمت کو اپنا کر ہی دین کو زندہ کیا ہے۔ محترم مفتی صاحب کی یہ کاوش خالصتاً اعلیٰ حکمت پر مبنی ہے۔ اللہ کی مخلوق کو علم و آگہی کے ایک عظیم خزانے تک رسائی دے دی جائے تو اس سے بڑھ کر اور کارنامہ کیا ہوگا۔ بلاشبہ یہ بہت بڑا کام ہے اللہ تعالیٰ حضرت مفتی صاحب کی علمی تحقیقی اور تبلیغی مساعی میں مزید برکتیں عطا فرمائے اور ہمیں دیگر دینی مواد کو بھی آج کی زبان اور محاورے میں لوگوں کی سماعت و مطالعہ کی نذر کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین بجاہ سیّد المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

استاذ العلماء، جانشینِ شہیدِ پاکستان حضرت علامہ

صاحبزادہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی

پرنسپل جامعہ نعیمیہ گڑھی شاہو لاہور (پاکستان)

قرآن کریم اللہ تعالیٰ وحدہ لاشریک کا کلام ہے۔

کسی بھی علم یا کسی بھی فن پر کوئی کتاب حرفِ آخر نہیں ہوتی۔ اس لئے کہ علم و تحقیق کا سفر جاری رہتا ہے اور ہر مصنف کے بعد کوئی بڑا مصنف اس سے مختلف اور نئی بات کہہ دیتا ہے۔ (ولا تنقضي عجائبہ)

یقیناً قرآن ہی وہ کتاب ہے کہ جس سے زیادہ جامع، کامل، اکمل اور مستند کوئی کتاب نہیں اس لئے کہ یہ جس کا کلام ہے اس سے بڑا کوئی عالم و حکیم نہیں۔

یہی وجہ ہے کہ قرآن حکیم اپنے آغاز ہی میں واضح کر دیتا ہے "ذٰلک الکتٰب لاریب فیہ" یہ بلند رتبہ کتاب جس میں شک کی کوئی جگہ نہیں۔ صاحب کلام کے علم میں کوئی شک ہو تو کتاب میں شک ہو وہ ذات تو علیم بذات الصدور ہے۔ قرآن نے لاریب ہونے کا اعلان کر کے دراصل ہر قاریٔ قرآن کو خبردار کر دیا کہ اس کے ضابطے اس کے اصول اور اس کے قانون اب تا قیامت نافذ العمل رہیں گے ہر دور کے انسان اسی سے رشد و ہدایت پائیں گے۔ قوموں کو اسی پر عمل کے نتیجے میں عروج ملے گا اور اس کو چھوڑ کر وہ شکارِ زوال بنا دی جائیں گی۔ یہی وجہ ہے کہ نزول قرآن کے بعد سے آج تک پوری دنیا میں علماء حق قرآن مجید کے فہم و تفہیم کے لیے ترجمہ اور تفسیر پر کام کرتے رہے ہیں۔

دنیا میں کوئی ایسی زبان نہیں جس میں کتاب اللہ کا ترجمہ نہ ہوا ہو۔ بالخصوص اُردو میں قرآن مجید کے بہت ترجمے ہوئے۔

حقیقت یہ ہے کہ جس طرح انسان اللہ تعالیٰ کے حضور خود کو عاجز و درماندہ پاتا ہے اسی طرح اسے کلام الٰہی کے سامنے اپنی کم علمی کا شدید احساس ہوتا ہے۔

قرآن کے الفاظ و آیات اتنے جامع وسیع المعنی اور زورِ بیان سے اس قدر بھرپور ہیں کہ ان کے ترجمہ یا ترجمانی کا حق ادا نہیں کیا جا سکتا۔

یہی وجہ ہے کہ مختصر الفاظ میں قرآنی آیات کا جامع، تمام پہلوؤں پر حاوی اور قرآن ہی کے انداز سے ایسا مؤثر اور مکمل

ترجمہ کرنا کہ اس میں قرآن کا زورِ بیان بھی مستقل ہو یہ بہت مشکل سا معاملہ ہے اس کے باوجود صاحبانِ عزم وہمت اور وارثانِ انبیاء نے عظیم فریضہ سرانجام دینے کی عظیم کوشش کی ہے لیکن ان تراجم میں جو مقام ومرتبہ کنزالایمان کو حاصل ہوا ہے وہ کسی اور کے حصہ میں نہیں آیا یہ بھی حقیقت ہے کہ اعلیٰ حضرت امام اہلسنّت مولانا الشاہ احمد رضا خاں قادری بریلوی علیہ الرحمہ کا ترجمۂ قرآن کنزالایمان رائج الوقت تراجم کا مآخذ ہے۔ برادرمکرم علامہ مفتی ظفر جبار چشتی صاحب نے جس طرح کنزالایمان کے الفاظ کو نئے پیرائے میں بیان کیا ہے اور الفاظ کی گنجلک کو ختم کیا ہے' مبارکباد کے مستحق ہیں۔

مفتی صاحب ایک مستند اور سلجھے ہوئے محنتی عالمِ دین ہیں۔ فاضل موصوف اِس سے پہلے کافی کتابیں تحریر کر چکے ہیں۔ مولانا موصوف نے یہ بہت بڑا کام سرانجام دیا ہے۔ اس کی اشد ضرورت محسوس کی جا رہی تھی۔ ان کی اس کاوش سے یقیناً علماء وطلباء' عامۃ الناس آسانی سے استفادہ کر سکیں گے۔

اللہ تعالیٰ مولانا مذکور کی اس کاوش کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور اس دینی خدمت کو عوام الناس کے لیے نفع بخش بنائے۔

آمین۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فخر العلماء حضرت علامہ احمد علی قصوری دامت برکاتہم العالیہ

چیئرمین قرآن بورڈ، حکومت پنجاب، صدر مرکزِ اہلسنت پاکستان

اللہ جل مجدہ العظیم کی صفات بے شمار و لامحدود ہیں، تاہم اس کی اوّلین اور اعلیٰ ترین صفت یہ ہے کہ وہ خالقِ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ اس قادر و قدیر اور علیم و حکیم ذات نے اپنے اختیار و قدرت، اپنے علم و حکمت اور اپنی رضا و مشیت سے اپنے حبیب پاک صاحب لولاک احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو اپنی قدرتِ کاملہ اور حکمتِ بالغہ کا ایسا عظیم ترین شاہکار بنایا کہ ان جیسا نہ کوئی تھا، نہ ہے، نہ ہوگا اور نہ ہوسکتا ہے۔ ربّ کریم نے اپنے حبیب کریم کو جو اَن گنت معجزات اور لاجواب کمالات عطا فرمائے، اُن میں سب سے بڑا معجزہ قرآن کریم ہے، جو کہ قیامت تک آنے والے تمام انسانوں کے لئے مکمل ضابطۂ حیات ہے۔ یہ صحیفۂ انقلاب اپنے پڑھنے سمجھنے اور عمل پیرا ہونے والے تمام انسانوں کے لئے دنیوی فلاح اور اُخروی نجات کا ضامن ہے۔

قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ كِتٰبٌ مُّبِیْنٌO یَّهْدِیْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَ یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَ یَهْدِیْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍO (پ۶، المائدہ ۱۶، ۱۵)

ترجمہ: بے شک تمہارے پاس (اے انسانو!) اللہ کی طرف سے ایک نور آیا اور روشن کتاب، جو اللہ کی مرضی پر چلا اللہ اسے سلامتی کے ساتھ ہدایت عطا فرماتا ہے، اور انہیں تاریکیوں سے روشنی کی طرف لے جاتا ہے اور انہیں اپنے حکم سے سیدھا راستہ دکھا دیتا ہے۔

اللہ کریم کے سب سے اعلیٰ و اکمل کلام قرآن مجید کے حوالے سے ہر مومن اور مومنہ پر لازم ہے کہ وہ اس بابرکت اور پاک کلام کے الفاظ کی صحت کے ساتھ تلاوت کو اپنا مستقل معمول بنائے، اس کے معنی کو سمجھے، اس کے احکام اور حکمتوں کے مطابق اپنی فکری، اعتقادی اور عملی زندگی گزارے۔ نبی اکرم نورِ مجسم فخرِ آدم و بنی آدم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک ارشاد مبارک ہے "خَیْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهٗ" "تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جس نے خود قرآن سیکھا اور دوسروں کو سکھایا۔ لہٰذا بڑے ہی خوش نصیب ہیں وہ افراد جنہیں قرآن حکیم کی کسی نہ کسی رنگ میں کوئی نہ کوئی خدمت سرانجام دینے کی سعادت مل جاتی ہے۔ یقیناً ایسے ہی خوش نصیبوں میں ہمارے مخدوم فاضل جلیل جناب مفتی ظفر جبار چشتی (اطال اللہ عمرہٗ و اعلی اللہ عملہٗ) بھی شامل ہیں کہ جنہوں نے معلمانہ اور مبلغانہ کردار ادا کرتے ہوئے عوام الناس بلکہ علماء اور محققین کے لئے اعلیٰ حضرت عظیم المرتبت الشاہ احمد رضا خان قادری رحمۃ اللہ علیہ کے بامحاورہ ترجمۂ قرآن کے ساتھ بڑی محنت و خوبی سے لفظی ترجمۂ قرآن کی سہولت مہیا کردی ہے۔ بندۂ عاجز نے متعدد مقامات سے یہ ترجمہ دیکھا ہے جو خاصہ خوب ہے، دعا ہے کہ اللہ کریم مترجم عزیز کی محنت کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت اور عوام و خواص میں مقبولیت عطا فرمائے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

امام اہلسنت مجدد دین و ملت اعلیٰ حضرت مولانا الشاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ
کے شہرہ آفاق ترجمہ قرآن کا آسان اور عام فہم
لفظی ترجمہ

کنز الایمان

المسمّٰی

ریاض الایمان

جلد اوّل

پارہ ۱ تا پارہ ۱۰

ابو حمزہ مفتی ظفر جبار چشتی

مشتاق بک کارنر
الکریم مارکیٹ۔ اردو بازار، لاہور

اٰیاتها ۷ ۱ سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ ۵ رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

منزل ۱

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ۙ

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
سب خوبیاں	اللہ کو	مالک (پرورش فرمانے والا)	سارے جہان والوں کا	بہت مہربان	رحمت والا

سب تعریف اللہ تعالیٰ کیلئے ہے جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔ بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ؕ

مٰلِكِ	يَوْمِ	الدِّيْنِ	اِيَّاكَ	نَعْبُدُ	وَ	اِيَّاكَ	نَسْتَعِيْنُ
مالک	روز	جزا کا	صرف تیری	ہم عبادت کرتے ہیں	اور	تجھی سے	ہم مدد چاہیں

بدلے کے دن (یعنی قیامت) کا مالک ہے۔ ہم صرف تیری عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھ سے مدد چاہتے ہیں۔

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ

اِهْدِنَا	الصِّرَاطَ	الْمُسْتَقِيْمَ	صِرَاطَ	الَّذِيْنَ	اَنْعَمْتَ
چلا ہم کو	راستہ	سیدھا	راستہ	ان لوگوں کا (کہ)	تو نے احسان کیا

ہم کو سیدھا راستہ چلا۔ ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام کیا۔

ع

عَلَيْهِمْ ۙ۬ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّيْنَ ۝ ع

عَلَيْهِمْ	غَيْرِ	الْمَغْضُوْبِ	عَلَيْهِمْ	وَ	لَا	الضَّآلِّيْنَ
جن پر	نہ ان کا (کہ)	غضب ہوا	جن پر	اور	نہ	بہکے ہوؤں کا

ان کا نہیں جن پر غضب کیا گیا اور نہ گمراہوں کا۔

الجزء ۱

ایاتها ۲۸۶ ۲ سورۃ البقرۃ مدنیۃ ۸۷ رکوعاتها ۴۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓ ۚ ① ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَیْبَ ۛۚ فِیْهِ ۛۚ هُدًى لِّلْمُتَّقِیْنَ ۙ ②

معانقة

الٓمّٓ	ذٰلِكَ	الْكِتٰبُ	لَا	رَیْبَ	فِیْهِ	هُدًى	لِّلْمُتَّقِیْنَ
ال م	وہ بلند رتبہ	کتاب	نہیں ہے	شک	اس میں	ہدایت ہے	ڈر والوں کو

ال م وہ بلند رتبہ کتاب (قرآن) کوئی شک کی جگہ نہیں اس میں ہدایت ہے ڈر والوں کو۔

الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ وَیُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

الَّذِیْنَ	یُؤْمِنُوْنَ	بِالْغَیْبِ	وَ	یُقِیْمُوْنَ	الصَّلٰوةَ	وَ	مِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ
وہ جو	ایمان لائیں	بے دیکھے	اور	قائم رکھیں	نماز	اور	ہماری دی ہوئی	روزی میں سے

جو غیب پر ایمان لاتے اور نماز کو (تمام حقوق کے ساتھ) قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں عطا کیا ہے اس میں سے (ہماری

یُنْفِقُوْنَ ۙ ③ وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْكَ وَمَآ اُنْزِلَ

یُنْفِقُوْنَ	وَ	الَّذِیْنَ	یُؤْمِنُوْنَ	بِمَآ	اُنْزِلَ	اِلَیْكَ	وَ	مَآ	اُنْزِلَ
خرچ کریں	اور	وہ جو	ایمان لائیں	اس پر جو	اترا	آپ کی طرف	اور	جو	اترا

راہ میں) خرچ کرتے ہیں۔ اور وہ لوگ جو آپ کی طرف نازل کیا گیا اور جو آپ سے پہلے نازل کیا گیا (سب) پر ایمان لاتے ہیں

مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ یُوْقِنُوْنَ ۗ ④

مِنْ قَبْلِكَ	وَ	بِالْاٰخِرَةِ	هُمْ	یُوْقِنُوْنَ
آپ سے پہلے	اور	آخرت پر	وہ	یقین رکھیں

اور وہ آخرت پر بھی (کامل) یقین رکھتے ہیں۔

أُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۚق وَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ⑤ إِنَّ

أُولٰٓئِكَ	عَلٰى هُدًى	مِّنْ رَّبِّهِمْ	وَ	أُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ	إِنَّ
وہی لوگ	ہدایت پر ہیں	اپنے رب کی طرف سے	اور	وہی لوگ	وہ	مراد کو پہنچنے والے	بیشک

وہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور وہی فلاح پانے والے ہیں۔ بے شک

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَأَنْذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	سَوَآءٌ	عَلَيْهِمْ	ءَأَنْذَرْتَهُمْ	أَمْ	لَمْ تُنْذِرْهُمْ
وہ (جن کی قسمت میں)	کفر ہے	برابر ہے	ان پر	چاہے تم انہیں ڈراؤ	یا	نہ ڈراؤ

وہ جن کی قسمت میں کفر ہے انہیں برابر ہے کہ آپ انہیں ڈرائیں یا نہ ڈرائیں

لَا يُؤْمِنُوْنَ ⑥ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ۭ وَ

لَا	يُؤْمِنُوْنَ	خَتَمَ	اللّٰهُ	عَلٰى قُلُوْبِهِمْ	وَعَلٰى سَمْعِهِمْ	وَ
نہیں	وہ ایمان لائیں گے	مہر لگادی	اللہ نے	ان کے دلوں پر	اور ان کے کانوں پر	اور

وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ اللہ نے ان کے دلوں اور کانوں پر مہر لگا دی اور

عَلٰٓى أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ۡز وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ⑦ع وَمِنَ النَّاسِ مَنْ ع ۱

عَلٰٓى أَبْصَارِهِمْ	غِشَاوَةٌ	وَّ	لَهُمْ	عَذَابٌ	عَظِيْمٌ	وَمِنَ	النَّاسِ	مَنْ
ان کی آنکھوں پر	گھٹا ٹوپ ہے	اور	ان کے لئے	عذاب ہے	بڑا	اور کچھ	لوگ	جو

ان کی آنکھوں پر پردہ ہے اور ان کیلئے بڑا عذاب ہے۔ اور لوگوں میں سے

يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ⑧م يُخٰدِعُوْنَ وقف لازم

يَّقُوْلُ	اٰمَنَّا	بِاللّٰهِ	وَ	بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَ	مَا	هُمْ	بِمُؤْمِنِيْنَ	يُخٰدِعُوْنَ
کہتے ہیں	کہ ہم ایمان لائے	اللہ پر	اور	پچھلے دن پر	اور	نہیں	وہ	ایمان والے	فریب دیا چاہتے ہیں

کچھ کہتے ہیں کہ ہم اللہ اور روز آخرت پر ایمان لائے اور وہ ایمان والے نہیں۔ وہ

اللّٰهَ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ وَ مَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَ

اللّٰهَ	وَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَ	مَا يَخْدَعُوْنَ	اِلَّآ	اَنْفُسَهُمْ	وَ
اللہ	اور	ایمان والوں کو	اور	فریب نہیں دیتے	مگر	اپنی جانوں کو	اور

اللہ اور ایمان والوں کو دھوکہ دیا چاہتے ہیں مگر وہ اپنے آپ کو ہی دھوکہ دے رہے ہیں اور انہیں اسکا

مَا يَشْعُرُوْنَ ۝۹ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ

مَا يَشْعُرُوْنَ	فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	فَزَادَهُمُ	اللّٰهُ	مَرَضًا	وَ	لَهُمْ
انہیں شعور نہیں	ان کے دلوں میں	بیماری ہے	تو اور بڑھائی ان کی	اللہ نے	بیماری	اور	ان کیلئے

شعور نہیں ہے۔ ان کے دلوں میں بیماری ہے پس اللہ نے ان کی بیماری کو اور بڑھا دیا اور ان کیلئے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۢ ۙ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۝۱۰ وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا

عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	بِمَا	كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ	وَ	اِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ	لَا تُفْسِدُوْا
عذاب ہے	دردناک	بدلہ اس کا کہ	جھوٹ بولتے تھے	اور	جب	کہا جائے	ان سے	فساد نہ کرو

درد ناک عذاب ہے اس وجہ سے کہ وہ جھوٹ بولتے تھے۔ اور جب انہیں کہا جائے

فِي الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ۝۱۱ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ

فِي الْاَرْضِ	قَالُوْٓا	اِنَّمَا نَحْنُ	مُصْلِحُوْنَ	اَلَآ	اِنَّهُمْ	هُمُ
زمین میں	تو کہتے ہیں	ہم تو	سنوارنے والے ہیں	سنتا ہے!	بے شک وہ	وہی

کہ زمین میں فساد نہ کرو تو وہ کہتے ہیں ہم تو صرف اصلاح کر رہے ہیں۔ سن لو یقیناً وہی

الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝۱۲ وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ

الْمُفْسِدُوْنَ	وَلٰكِنْ	لَا يَشْعُرُوْنَ	وَ	اِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ	اٰمِنُوْا	كَمَآ	اٰمَنَ
فسادی ہیں	مگر	انہیں شعور نہیں	اور	جب	کہا جائے	ان سے	ایمان لاؤ	جیسے	ایمان لائے

فساد کرنے والے ہیں مگر وہ سمجھتے نہیں۔ اور جب ان سے کہا جائے ایمان لے آؤ

النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ؕ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ

النَّاسُ	قَالُوْٓا	اَنُؤْمِنُ	كَمَآ	اٰمَنَ	السُّفَهَآءُ	اَلَآ	اِنَّهُمْ هُمُ	السُّفَهَآءُ
اور لوگ	تو کہیں	کیا ہم ایمان لائیں	جیسے	ایمان لائے	احمق	سنتا ہے!	وہی ہیں	احمق

کہ جس طرح دوسرے لوگ ایمان لائے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم احمقوں کی طرح ایمان لے

وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ (۱۳) وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ج وَاِذَا

وَلٰكِنْ	لَّا	يَعْلَمُوْنَ	وَ	اِذَا	لَقُوا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا	وَ	اِذَا
مگر	نہیں	جانتے	اور	جب	ملیں	ایمان والوں سے	تو کہیں	ہم ایمان لائے	اور	جب

آئیں سن لو وہی احمق ہیں مگر وہ جانتے نہیں۔ اور جب (وہ منافق) اہلِ ایمان سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم (بھی)

خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ

خَلَوْا	اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ	قَالُوْٓا	اِنَّا	مَعَكُمْ	اِنَّمَا	نَحْنُ
اکیلے ہوں	اپنے شیطانوں کے پاس	تو کہیں	ہم	تمہارے ساتھ ہیں	حقیقت میں	ہم تو

ایمان لے آئے ہیں اور جب اپنے شیطانوں سے تنہائی میں ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم یقیناً تمہارے ساتھ ہیں ہم (مسلمانوں کا تو)

مُسْتَهْزِءُوْنَ (۱۴) اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِىْ طُغْيَانِهِمْ

مُسْتَهْزِءُوْنَ	اَللّٰهُ	يَسْتَهْزِئُ	بِهِمْ	وَ	يَمُدُّهُمْ	فِىْ طُغْيَانِهِمْ
یونہی ہنسی کرتے ہیں	اللہ	استہزا فرماتا ہے	ان سے	اور	انہیں ڈھیل دیتا ہے	کہ اپنی سرکشی میں

محض مذاق اڑاتے ہیں۔ اللہ انہیں ان کے مذاق کی سزا دیتا ہے اور انہیں ڈھیل دیتا ہے سو وہ اپنی سرکشی میں

يَعْمَهُوْنَ (۱۵) اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ص

يَعْمَهُوْنَ	اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ	اشْتَرَوُا	الضَّلٰلَةَ	بِالْهُدٰى
بھٹکتے رہیں	یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے	خریدی	گمراہی	ہدایت کے بدلے

بھٹک رہے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی خریدی

فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ⑯ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي

فَمَا رَبِحَتْ	تِّجَارَتُهُمْ	وَ	مَا	كَانُوْا	مُهْتَدِيْنَ	مَثَلُهُمْ	كَمَثَلِ	الَّذِي
تو کچھ نفع نہ لایا	ان کا سودا	اور	نہ	تھے	راہ جانتے	ان کی کہاوت	اسکی طرح ہے کہ	جس نے

لیکن ان کی تجارت فائدہ مند نہ ہوئی اور وہ (فائدہ مند اور نفع بخش تجارت کی) راہ جانتے ہی نہ تھے۔ ان کی مثال اس شخص کی طرح ہے

اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ

اسْتَوْقَدَ	نَارًا	فَلَمَّآ	اَضَآءَتْ	مَا حَوْلَهٗ	ذَهَبَ	اللّٰهُ	بِنُوْرِهِمْ
روشن کی	آگ	تو جب	جگمگا اٹھا	آس پاس	لے گیا	اللہ	ان کا نور

جس نے آگ روشن کی پھر جب اس آگ نے اس کا آس پاس روشن کر دیا تو اللہ ان کے نور کو لے گیا

وَتَرَكَهُمْ فِيْ ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ ⑰ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ

وَ	تَرَكَهُمْ	فِيْ	ظُلُمٰتٍ	لَا يُبْصِرُوْنَ	صُمٌّ	بُكْمٌ	عُمْيٌ	فَهُمْ
اور	چھوڑ دیا انہیں	میں	اندھیریوں	کہ کچھ نہیں سوجھتا	بہرے	گونگے	اندھے	تو وہ

اور انہیں تاریکیوں میں چھوڑ دیا کہ وہ (کچھ) نہیں دیکھتے۔ بہرے گونگے اور اندھے ہیں پس وہ (ہدایت کی طرف)

لَا يَرْجِعُوْنَ ⑱ اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ وَّرَعْدٌ

لَا يَرْجِعُوْنَ	اَوْ	كَصَيِّبٍ	مِّنَ السَّمَآءِ	فِيْهِ	ظُلُمٰتٌ	وَّ	رَعْدٌ
پھر آنے والے نہیں	یا	جیسے اترتا پانی	آسمان سے	کہ اس میں	اندھیریاں ہیں	اور	گرج

نہیں لوٹیں گے۔ یا جیسے آسمان سے اترتا پانی کہ اس میں اندھیریاں ہیں اور گرج

وَّبَرْقٌ ۚ يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ

وَّ	بَرْقٌ	يَجْعَلُوْنَ	اَصَابِعَهُمْ	فِيْٓ اٰذَانِهِمْ	مِّنَ الصَّوَاعِقِ
اور	چمک	ٹھونس رہے ہیں	اپنی انگلیاں	اپنے کانوں میں	کڑک کے سبب

اور چمک اپنے کانوں میں انگلیاں ٹھونس رہے ہیں کڑک کے سبب موت کے ڈر سے

حَذَرَ الْمَوْتِ ؕ وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ (۱۹) يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ

حَذَرَ الْمَوْتِ	وَ	اللّٰهُ	مُحِيْطٌۢ	بِالْكٰفِرِيْنَ	يَكَادُ	الْبَرْقُ	يَخْطَفُ
موت کے ڈر سے	اور	اللہ	گھیرے ہوئے ہے	کافروں کو	یوں معلوم ہوتی ہے	بجلی	کر اچک لے جائیگی

اور اللہ کافروں کو گھیرے ہوئے ہے۔ قریب ہے کہ بجلی

اَبْصَارَهُمْ ؕ كُلَّمَاۤ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِيْهِ ۙۗ وَ اِذَاۤ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ

اَبْصَارَهُمْ	كُلَّمَاۤ	اَضَآءَ	لَهُمْ	مَّشَوْا	فِيْهِ	وَ	اِذَاۤ	اَظْلَمَ	عَلَيْهِمْ
ان کی نگاہیں	جب کچھ	چمک ہوئی	ان کے لئے	چلنے لگے	اس میں	اور	جب	اندھیرا ہوا	ان پر

ان کی نگاہوں کو چھین کر لے جائے جب کچھ ان پر روشنی ہوتی ہے اس میں وہ چل پڑتے ہیں اور جب ان پر اندھیرا چھا جاتا ہے

قَامُوْا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

قَامُوْا	وَ	لَوْ	شَآءَ	اللّٰهُ	لَذَهَبَ	بِسَمْعِهِمْ	وَ	اَبْصَارِهِمْ	اِنَّ	اللّٰهَ
کھڑے رہ گئے	اور	اگر	چاہتا	اللہ	تو لے جاتا	ان کے کان	اور	آنکھیں	بیشک	اللہ

تو وہ کھڑے ہو جاتے ہیں اور اللہ چاہتا تو ان کی سماعت اور بصارت کو زائل کر دیتا بیشک اللہ

عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ (۲۰) ع يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِىْ

عَلٰى	كُلِّ	شَىْءٍ	قَدِيْرٌ	يٰۤاَيُّهَا	النَّاسُ	اعْبُدُوْا	رَبَّكُمُ	الَّذِىْ
اوپر	ہر ایک	چیز کے	قادر ہے	اے	لوگو	عبادت کرو	اپنے رب	جس نے

ہر اپنی چاہت پر قادر ہے۔ اے لوگو! اپنے رب کی عبادت کرو جس نے

۲ ع ۱۳ ۲

خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ (۲۱) ۙ الَّذِىْ جَعَلَ

خَلَقَكُمْ	وَ	الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تَتَّقُوْنَ	الَّذِىْ	جَعَلَ
تمہیں پیدا کیا	اور	تم سے پہلوں کو	یہ امید کرتے ہوئے کہ تمہیں	پرہیزگاری ملے	جس نے	بنایا

تمہیں پیدا کیا اور ان لوگوں کو (بھی) جو تم سے پہلے تھے تاکہ تم پرہیز گار بن جاؤ۔ جس نے

لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً ص وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

لَكُمُ	الْاَرْضَ	فِرَاشًا	وَّ	السَّمَآءَ	بِنَآءً	وَّ	اَنْزَلَ	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً
تمہارے لئے	زمین کو	بچھونا	اور	آسمان کو	عمارت	اور	اتارا	آسمان سے	پانی

تمہارے فائدے کے لئے زمین کو فرش اور آسمان کو چھت بنایا اور آسمان سے پانی برسایا

فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ج فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّ

فَاَخْرَجَ	بِهٖ	مِنَ الثَّمَرٰتِ	رِزْقًا لَّكُمْ	فَلَا	تَجْعَلُوْا	لِلّٰهِ	اَنْدَادًا	وَّ
تو نکالے	اس سے	کچھ پھل	تمہارے کھانے کو	تو نہ	ٹھہراؤ	اللہ کے لئے	برابر والے	اور

پھر اس کے ذریعے تمہارے رزق کیلئے پھل پیدا کئے پس تم اللہ کیلئے شریک نہ ٹھہراؤ حالانکہ تم

اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا

اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ	وَ	اِنْ	كُنْتُمْ	فِيْ رَيْبٍ	مِّمَّا	نَزَّلْنَا	عَلٰى	عَبْدِنَا	فَاْتُوْا
تم جان بوجھ کر	اور	اگر	ہو تم	شک میں	اس سے	جو ہم نے اتارا	اوپر	اپنے بندے	تو لاؤ

جانتے ہو۔ اور اگر تم شک میں ہو اس کے بارے میں جسکو ہم نے اپنے خاص بندے (حضرت محمد ﷺ) پر نازل کیا تو لے آؤ

بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ص وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ

بِسُوْرَةٍ	مِّنْ مِّثْلِهٖ	وَ	ادْعُوْا	شُهَدَآءَكُمْ	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اِنْ
ایک سورت	اس جیسی	اور	بلاؤ	اپنے حمائتیوں کو	اللہ کے سوا	اگر

اس جیسی کوئی سورت اور اللہ کے سوا اپنے حمائتیوں کو بھی بلاؤ اگر تم (اپنے دعوے میں)

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۳﴾ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ	فَاِنْ	لَّمْ تَفْعَلُوْا	وَ	لَنْ تَفْعَلُوْا	فَاتَّقُوْا	النَّارَ الَّتِيْ	وَقُوْدُهَا
تم سچے ہو	پھر اگر	نہ لاسکو	اور	ہرگز نہ لاسکو گے	تو ڈرو	اس آگ جس کا	ایندھن

سچے ہو۔ پھر اگر تم نہ کر سکے اور ہرگز نہ کر سکو گے تو بچو اس آگ سے جس کا ایندھن

النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۚۖ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ (۲۴) وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

النَّاسُ	وَ	الْحِجَارَةُ	اُعِدَّتْ	لِلْكٰفِرِيْنَ	وَ	بَشِّرِ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
آدمی	اور	پتھر ہیں	تیار رکھی ہے	کافروں کے لئے	اور	خوشخبری دیجئے	انہیں جو	ایمان لائے

آدمی اور پتھر ہیں جو کافروں کیلئے تیار کی گئی ہے۔ اور اے محبوب ﷺ! بشارت دے دیجئے انہیں

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ

وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	اَنَّ	لَهُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ
اور	کام کیے	اچھے	کہ	ان کے لئے	باغ ہیں	رواں	ان کے نیچے	نہریں

جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے کہ ان کیلئے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں رواں ہیں

كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا

كُلَّمَا	رُزِقُوْا	مِنْهَا	مِنْ ثَمَرَةٍ	رِّزْقًا	قَالُوْا	هٰذَا	الَّذِيْ	رُزِقْنَا
جب	انہیں کھانے کو دیا جائیگا	ان باغوں سے	کوئی پھل	کھانے کو	تو کہیں گے	یہ تو	وہی رزق ہے جو	ہمیں ملا تھا

جب انہیں ان باغوں میں سے کوئی پھل کھانے کو دیا جائے گا صورت دیکھ کر کہیں گے یہ تو وہی رزق ہے

مِنْ قَبْلُ ۙ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ وَلَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۙۗ وَّهُمْ

مِنْ قَبْلُ	وَ	اُتُوْا بِهٖ	مُتَشَابِهًا	وَ	لَهُمْ	فِيْهَآ	اَزْوَاجٌ	مُّطَهَّرَةٌ	وَّ	هُمْ
پہلے	اور	دیا گیا انہیں	وہ ملتا جلتا	اور	ان کیلئے	اس میں	بیبیاں ہیں	پاکیزہ	اور	وہ

جو ہمیں پہلے ملا تھا اور وہ صورت میں ملتا جلتا انہیں دیا گیا اور ان کیلئے ان باغوں میں پاکیزہ بیویاں ہیں

فِيْهَا خٰلِدُوْنَ (۲۵) اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا

فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا	يَسْتَحْيٖٓ	اَنْ	يَّضْرِبَ	مَثَلًا	مَّا
ان میں	ہمیشہ رہیں گے	بیشک	اللہ	نہیں	حیا کرتا	اس سے کہ	ذکر کرے	کوئی مثال	کیسی ہی چیز کا

اور وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ بیشک اللہ اس سے حیا نہیں فرماتا کہ مثال سمجھانے کو کیسی ہی چیز کا ذکر فرمائے

بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ۭ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ

بَعُوْضَةً	فَمَا	فَوْقَهَا	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	فَيَعْلَمُوْنَ	اَنَّهُ	الْحَقُّ
مچھر ہو	یا اس سے	بڑھ کر	تو وہ	جو	ایمان لائے	وہ تو جانتے ہیں	کہ بیشک یہ	حق ہے

مچھر ہو یا اس سے بڑھ کر تو وہ جو ایمان لائے وہ تو جانتے ہیں کہ یہ

رَّبِّهِمْ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا

مِنْ رَّبِّهِمْ	وَ	اَمَّا الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	فَيَقُوْلُوْنَ	مَاذَآ	اَرَادَ	اللّٰهُ	بِهٰذَا
ان کے رب کی طرف سے	اور	وہ جو	رہے کافر	وہ کہتے ہیں	کیا ہے	مقصود	اللہ کا	ایسی

ان کے رب کی طرف سے حق ہے رہے کافر تو کہتے ہیں ایسی مثال میں خدا کا کیا مقصود ہے (اللہ) بہت سے

وقف لازم

مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا ۙ وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ۭ وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ

مَثَلًا	يُضِلُّ	بِهٖ	كَثِيْرًا	وَّيَهْدِيْ	بِهٖ	كَثِيْرًا	وَ	مَا	يُضِلُّ	بِهٖٓ
کہاوت میں	گمراہ کرتا ہے	اس سے	بہتیروں کو	اور ہدایت فرماتا ہے	اس سے	بہتیروں کو	اور	نہیں	گمراہ کرتا	اس سے

لوگوں کو اس سے گمراہ کرتا ہے اور بہت سے لوگوں کو ہدایت فرماتا ہے اور اس سے انہیں گمراہ کرتا ہے

اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ۙ﴿٢٦﴾ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۖ

اِلَّا	الْفٰسِقِيْنَ	الَّذِيْنَ	يَنْقُضُوْنَ	عَهْدَ اللّٰهِ	مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ
مگر	جو بے حکم ہیں	وہ جو	توڑ دیتے ہیں	اللہ کے عہد کو	اسکے پکا ہونے کے بعد

جو نافرمان ہیں۔ (یہ نافرمان وہ لوگ ہیں) جو اللہ کے عہد کو اس سے پختہ کرنے کے بعد توڑتے ہیں

وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ

وَ	يَقْطَعُوْنَ	مَآ	اَمَرَ	اللّٰهُ	بِهٖٓ	اَنْ	يُّوْصَلَ	وَ	يُفْسِدُوْنَ
اور	کاٹتے ہیں	اس چیز کو	کہ حکم دیا	اللہ نے	جس کے	یہ کہ	جوڑنے کا	اور	فساد پھیلاتے ہیں

اور اس (تعلق) کو کاٹتے ہیں جس کو اللہ نے جوڑنے کا حکم دیا ہے اور زمین میں فساد بپا کرتے ہیں

فِي الْاَرْضِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ (٢٧) كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ

فِي الْاَرْضِ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْخٰسِرُوْنَ	كَيْفَ	تَكْفُرُوْنَ	بِاللّٰهِ
زمین میں	وہی ہیں	وہ	نقصان میں ہیں	کیونکر	تم منکر ہوگے	خدا کے

یہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں۔ تم کس طرح اللہ کا

وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ

وَ	كُنْتُمْ اَمْوَاتًا	فَاَحْيَاكُمْ	ثُمَّ	يُمِيْتُكُمْ	ثُمَّ	يُحْيِيْكُمْ	ثُمَّ	اِلَيْهِ
حالانکہ	تم مردہ تھے	اس نے تمہیں جلایا	پھر	تمہیں مارے گا	پھر	تمہیں جلائے گا	پھر	اسی کی طرف

انکار کرتے ہو حالانکہ تم بے جان تھے اس نے تمہیں زندگی بخشی پھر تمہیں موت دے گا اور پھر تمہیں زندہ کرے گا پھر تم اسی کی طرف

تُرْجَعُوْنَ (٢٨) هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۚ ثُمَّ

تُرْجَعُوْنَ	هُوَ	الَّذِيْ	خَلَقَ	لَكُمْ	مَّا	فِي الْاَرْضِ	جَمِيْعًا	ثُمَّ
پلٹ کر جاؤ گے	وہی ہے	جس نے	بنایا	تمہارے لئے	جو کچھ	زمین میں ہے	سب	پھر

لوٹائے جاؤ گے۔ (اللہ) وہی ہے جس نے پیدا کیا تمہارے لئے زمین کی سب چیزوں کو پھر

اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ

اسْتَوٰٓى	اِلَى السَّمَآءِ	فَسَوّٰىهُنَّ	سَبْعَ	سَمٰوٰتٍ	وَ	هُوَ	بِكُلِّ	شَيْءٍ
استوا فرمایا	آسمان کی طرف	تو ٹھیک بنائے	سات	آسمان	اور	وہ	سب	کچھ

متوجہ ہوا آسمان کی طرف تو ٹھیک سات آسمان بنائے اور وہ ہر چیز کو

عَلِيْمٌ (٢٩) ع وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ جَاعِلٌ فِي الْاَرْضِ

عَلِيْمٌ	وَ	اِذْ	قَالَ	رَبُّكَ	لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اِنِّيْ	جَاعِلٌ	فِي الْاَرْضِ
جانتا ہے	اور	جب	فرمایا	آپ کے رب نے	فرشتوں سے	میں	بنانے والا ہوں	زمین میں

خوب جانتا ہے۔ اور (اے حبیب ﷺ) یاد کرو جب آپکے رب نے فرشتوں سے فرمایا بیشک میں بنانے والا ہوں زمین میں

خَلِيْفَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا وَ

خَلِيْفَةً ؕ	قَالُوْٓا	اَتَجْعَلُ	فِيْهَا	مَنْ	يُّفْسِدُ	فِيْهَا	وَ
نائب	بولے	کیا بنائے گا	اس میں	جو	فساد پھیلائے گا	اس میں	اور

اپنا نائب انہوں نے عرض کیا کیا تو اس میں اسے نائب بنائے گا جو وہاں فساد کرے اور خون بہائے؟

يَسْفِكُ الدِّمَآءَ ۚ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ؕ قَالَ اِنِّىْٓ

يَسْفِكُ الدِّمَآءَ	وَ	نَحْنُ	نُسَبِّحُ	بِحَمْدِكَ	وَ	نُقَدِّسُ لَكَ	قَالَ	اِنِّىْٓ
خون بہائے گا	اور	ہم	تجھے سراہتے ہوئے	تیری تسبیح کرتے ہیں	اور	تیری پاکی بولتے ہیں	فرمایا	میں

اور ہم تیری حمد کے ساتھ تیری تسبیح کرتے ہیں اور (ہر عیب ونقص سے) تیرا پاک ہونا بیان کرتے ہیں اللہ تعالیٰ نے فرمایا بیشک میں

اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ

اَعْلَمُ	مَا	لَا تَعْلَمُوْنَ	وَ	عَلَّمَ	اٰدَمَ	الْاَسْمَآءَ	كُلَّهَا	ثُمَّ	عَرَضَهُمْ
جانتا ہوں	وہ جو	تم نہیں جانتے	اور	سکھائے اللہ نے	آدم کو	نام	تمام	پھر	پیش کیا سب کو

وہ سب جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو تمام اشیاء کے نام

عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ ۙ فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِىْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ

عَلَى	الْمَلٰٓئِكَةِ	فَقَالَ	اَنْۢبِـُٔوْنِىْ	بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ	اِنْ	كُنْتُمْ
اوپر	ملائکہ کے	فرمایا	بتاؤ مجھے	نام ان چیزوں کے	اگر	ہو تم

سکھائے پھر سب اشیاء ملائکہ پر پیش کر کے فرمایا اگر تم سچے ہو تو

صٰدِقِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ

صٰدِقِيْنَ	قَالُوْا	سُبْحٰنَكَ	لَا عِلْمَ لَنَآ	اِلَّا	مَا	عَلَّمْتَنَا	اِنَّكَ
سچے	بولے	پاکی ہے تجھے	ہمیں کچھ علم نہیں	مگر	جتنا	تو نے ہمیں سکھایا	بیشک تو

ان کے نام تو بتاؤ۔ فرشتوں نے عرض کیا (باری تعالیٰ) تو پاک ہے ہمیں کچھ علم نہیں مگر جتنا تو نے ہمیں سکھایا بے شک تو

اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۳۲﴾ قَالَ يٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۚ فَلَمَّآ

اَنْتَ	الْعَلِيْمُ	الْحَكِيْمُ	قَالَ	يٰٓاٰدَمُ	اَنْۢبِئْهُمْ	بِاَسْمَآئِهِمْ	فَلَمَّآ
تو ہی	علم والا	حکمت والا ہے	فرمایا	اے آدم	بتادے انہیں	سب نام	جب آدم نے

ہی علم و حکمت والا ہے۔ اللہ سبحانہ نے فرمایا اے آدم علیہ السلام! انہیں ان اشیاء کے ناموں سے آگاہ کرو پس جب آدم علیہ السلام

اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۙ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ

اَنْۢبَاَهُمْ	بِاَسْمَآئِهِمْ	قَالَ	اَلَمْ اَقُلْ	لَّكُمْ	اِنِّيْٓ	اَعْلَمُ	غَيْبَ	السَّمٰوٰتِ
بتادیے	سب کے نام	فرمایا	کیا میں نہ کہتا تھا	تم کو	کہ میں	جانتا ہوں	چھپی ہوئی	آسمانوں کی

نے انہیں ان اشیاء کے ناموں سے آگاہ کیا تو اللہ سبحانہ نے فرمایا کیا میں نے تم سے نہیں فرمایا تھا کہ میں آسمانوں کی

وَالْاَرْضِ ۙ وَاَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَاِذْ قُلْنَا

وَالْاَرْضِ	وَاَعْلَمُ	مَا	تُبْدُوْنَ	وَ	مَا	كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ	وَاِذْ	قُلْنَا
اور زمین کی	اور میں جانتا ہوں	جو کچھ	تم ظاہر کرتے ہو	اور	وہ کچھ	تم چھپاتے ہو	اور جب	ہم نے حکم دیا

اور زمین کی مخفی حقیقتوں کو جانتا ہوں اور وہ بھی جانتا ہوں جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہو۔ اور (وہ وقت بھی یاد کریں)

لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ ۤ

لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اسْجُدُوْا	لِاٰدَمَ	فَسَجَدُوْٓا	اِلَّآ	اِبْلِيْسَ	اَبٰى	وَاسْتَكْبَرَ
فرشتوں کو	سجدہ کرو	آدم کو	تو سب نے سجدہ کیا	سوائے	ابلیس کے	منکر ہوا	اور غرور کیا

جب ہم نے فرشتوں سے فرمایا کہ آدم کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے اس نے انکار اور تکبر کیا

وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۴﴾ وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ

وَكَانَ	مِنَ الْكٰفِرِيْنَ	وَ	قُلْنَا	يٰٓاٰدَمُ	اسْكُنْ	اَنْتَ	وَزَوْجُكَ
اور ہو گیا	کافروں سے	اور	ہم نے فرمایا	اے آدم	رہ	تو	اور تیری بیوی

اور (نتیجتاً) کافروں میں سے ہو گیا۔ اور ہم نے فرمایا اے آدم! تم اور تمہاری بیوی

الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا ۖ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ

الْجَنَّةَ	وَكُلَا	مِنْهَا	رَغَدًا	حَيْثُ	شِئْتُمَا	وَلَا تَقْرَبَا	هٰذِهِ	الشَّجَرَةَ
اس جنت میں	اور کھاؤ	اس میں سے	بہت سا	جہاں سے	تمہارا جی چاہے	اور پاس نہ جانا	اس	پیڑ کے

جنت میں رہو اور اس میں جہاں سے چاہو خوب کھاؤ اور اس درخت کے قریب نہ جانا کہ

فَتَكُونَا مِنَ الظّٰلِمِينَ ﴿٣٥﴾ فَأَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَأَخْرَجَهُمَا

فَتَكُونَا	مِنَ الظّٰلِمِينَ	فَأَزَلَّهُمَا	الشَّيْطٰنُ	عَنْهَا	فَأَخْرَجَهُمَا
کہ ہو جاؤ گے	حد سے بڑھنے والوں میں	تو لغزش دی دونوں کو	شیطان نے	اس سے	تو الگ کر دیا

حد سے بڑھنے والوں میں سے ہو جاؤ گے۔ تو شیطان نے ان دونوں کو اس درخت کے ذریعے لغزش میں مبتلا کر دیا اور جہاں

مِمَّا كَانَا فِيهِ ۖ وَقُلْنَا اهْبِطُوا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ

مِمَّا	كَانَا فِيهِ	وَقُلْنَا	اهْبِطُوا	بَعْضُكُمْ	لِبَعْضٍ	عَدُوٌّ	وَلَكُمْ
وہاں سے	جہاں رہتے تھے	اور ہم نے فرمایا	نیچے اترو	آپس میں ایک تمہارا	دوسرے کا	دشمن ہے	اور تمہارے لیے

وہ رہتے تھے وہاں سے ان دونوں کو الگ کر دیا اور ہم نے فرمایا تم نیچے اُترو بعض تمہارے بعض کے دشمن ہوں گے اور تمہارے لئے

فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ إِلٰى حِينٍ ﴿٣٦﴾ فَتَلَقّٰى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ

فِي الْأَرْضِ	مُسْتَقَرٌّ	وَّمَتَاعٌ	إِلٰى حِينٍ	فَتَلَقّٰى	اٰدَمُ	مِنْ رَّبِّهٖ
زمین میں	ٹھہرنا ہے	اور برتنا ہے	ایک وقت تک	پھر سیکھ لئے	آدم نے	اپنے رب سے

ایک خاص وقت تک زمین میں ٹھکانا اور فائدہ اٹھانا ہے۔ پھر سیکھ لئے آدم علیہ السلام نے اپنے رب سے

كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ۗ إِنَّهُ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿٣٧﴾ قُلْنَا اهْبِطُوا

كَلِمٰتٍ	فَتَابَ	عَلَيْهِ	إِنَّهُ	هُوَ	التَّوَّابُ	الرَّحِيمُ	قُلْنَا	اهْبِطُوا
کچھ کلمے	تو توبہ قبول کی اس نے	اس کی	بیشک	وہی ہے	توبہ قبول کرنے والا	مہربان	ہم نے فرمایا	اتر جاؤ

کچھ کلمات تو اللہ نے ان کی توبہ قبول کی بیشک وہی بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔ ہم نے فرمایا تم سب

مِنۡهَا جَمِيۡعًا ۚ فَاِمَّا يَاۡتِيَنَّكُمۡ مِّنِّىۡ هُدًى فَمَنۡ تَبِعَ هُدَاىَ

مِنۡهَا	جَمِيۡعًا	فَاِمَّا	يَاۡتِيَنَّكُمۡ	مِّنِّىۡ	هُدًى	فَمَنۡ	تَبِعَ	هُدَاىَ
جنت سے	سب	پھر اگر	تمہارے پاس آئے	میری طرف سے	کوئی ہدایت	تو جو	پیرو ہوا	میری ہدایت کا

جنت سے اُتر جاؤ پھر اگر تمہارے پاس میری طرف سے کوئی ہدایت آئے پس جس نے میری ہدایت کی

فَلَا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُوۡنَ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَكَذَّبُوۡا

فَلَا خَوۡفٌ	عَلَيۡهِمۡ	وَلَا	هُمۡ	يَحۡزَنُوۡنَ	وَ	الَّذِيۡنَ	كَفَرُوۡا	وَكَذَّبُوۡا
تو نہیں ہے کوئی اندیشہ	اس کو	اور نہیں ہے	وہ	غم میں آنے والا	اور	وہ جو	کفر کریں گے	اور جھٹلائیں گے

پیروی کی ان پر نہ تو کوئی خوف ہوگا اور نہ ہی وہ غمگین ہوں گے۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا

بِاٰيٰتِنَاۤ اُولٰٓئِكَ اَصۡحٰبُ النَّارِ ۚ هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ ﴿۳۹﴾ ع

ع ۴ ۱۰ ۴

بِاٰيٰتِنَاۤ	اُولٰٓئِكَ	اَصۡحٰبُ النَّارِ	هُمۡ	فِيۡهَا	خٰلِدُوۡنَ
ہماری آیتیں	وہ	دوزخ والے ہیں	وہ	اس دوزخ میں	ہمیشہ رہنے والے ہیں

اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا تو وہی دوزخی ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

يٰبَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ اذۡكُرُوۡا نِعۡمَتِىَ الَّتِىۡۤ اَنۡعَمۡتُ عَلَيۡكُمۡ وَاَوۡفُوۡا بِعَهۡدِىۡۤ

يٰبَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ	اذۡكُرُوۡا	نِعۡمَتِىَ	الَّتِىۡۤ	اَنۡعَمۡتُ	عَلَيۡكُمۡ	وَاَوۡفُوۡا	بِعَهۡدِىۡۤ
اے یعقوب کی اولا	یاد کرو	میرا وہ احسان	جو	میں نے کیا	تم پر	اور پورا کرو	میرا عہد

اے اولادِ یعقوب! میرے وہ انعام یاد کرو جو میں نے تم پر کیے اور تم میرے ساتھ کیا ہوا وعدہ پورا کرو میں تمہارے ساتھ کیا ہوا وعدہ

اُوۡفِ بِعَهۡدِكُمۡ ۚ وَاِيَّاىَ فَارۡهَبُوۡنِ ﴿۴۰﴾ وَاٰمِنُوۡا بِمَاۤ اَنۡزَلۡتُ مُصَدِّقًا

اُوۡفِ	بِعَهۡدِكُمۡ	وَاِيَّاىَ	فَارۡهَبُوۡنِ	وَ	اٰمِنُوۡا	بِمَاۤ	اَنۡزَلۡتُ	مُصَدِّقًا
میں پورا کروں گا	تمہارا عہد	اور خاص میرا ہی	ڈر رکھو	اور	ایمان لاؤ	اس پر جو	میں نے اتارا	اسکی تصدیق کرتا ہوا

پورا کروں گا اور تم مجھ ہی سے ڈرو۔ اور ایمان لاؤ اس (قرآن) پر جو میں نے اُتارا تصدیق کرتا ہوا ہے

لِمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍۭ بِهٖ ۠ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۡ

لِمَا	مَعَكُمْ	وَلَا تَكُوْنُوْا	اَوَّلَ	كَافِرٍ	بِهٖ	وَلَا تَشْتَرُوْا	بِاٰيٰتِيْ	ثَمَنًا	قَلِيْلًا
جو	تمہارے ساتھ ہے	اور نہ بنو	سب سے پہلے	منکر	اس کے	اور نہ خریدو	میری آیتوں کے بدلے	دام	تھوڑے

اس (کتاب تورات) کی جو تمہارے پاس ہے اور تم سب سے پہلے اس کے انکار کرنے والے نہ بنو اور میری (کتاب تورات کی) آیتوں

وَّاِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ ﴿۴۱﴾ وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ

وَ	اِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ	وَلَا	تَلْبِسُوا	الْحَقَّ	بِالْبَاطِلِ	وَ	تَكْتُمُوا	الْحَقَّ
اور	مجھی سے ڈرو	اور نہ	ملاؤ	حق کو	باطل سے	اور	چھپاتے ہو	حق کو

کے بدلے تھوڑی قیمت نہ لو اور مجھ ہی سے ڈرو۔ اور حق کو باطل سے نہ ملاؤ اور (دانستہ) اور حق کو نہ چھپاؤ

وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ

وَاَنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ	وَ	اَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَاٰتُوا	الزَّكٰوةَ	وَارْكَعُوْا	مَعَ
اور حالانکہ تم	جانتے ہو	اور	قائم رکھو	نماز	اور دو	زکوٰۃ	اور رکوع کرو	ساتھ

حالانکہ تم جانتے ہو۔ اور تم نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دو اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ

الرّٰكِعِيْنَ ﴿۴۳﴾ اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ

الرّٰكِعِيْنَ	اَتَاْمُرُوْنَ	النَّاسَ	بِالْبِرِّ	وَ	تَنْسَوْنَ	اَنْفُسَكُمْ	وَ	اَنْتُمْ
رکوع کرنے والوں کے	کیا تم حکم دیتے ہو	لوگوں کو	بھلائی کا	اور	بھولتے ہو	اپنی جانوں کو	حالانکہ	تم

رکوع کرو۔ کیا تم لوگوں کو بھلائی کا حکم دیتے ہو اور خود کو بھول جاتے ہو

تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۭ

تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ	اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ	وَاسْتَعِيْنُوْا	بِالصَّبْرِ	وَالصَّلٰوةِ
کتاب پڑھتے ہو	کیا تمہیں عقل نہیں ہے	اور مدد چاہو	صبر سے	اور نماز سے

حالانکہ تم کتاب پڑھتے ہو کیا تمہیں عقل نہیں۔ اور صبر اور نماز کے ذریعے اللہ سے مدد چاہو

وَ اِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ ۙ﴿۴۵﴾ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا

وَ	اِنَّهَا	لَكَبِيْرَةٌ	اِلَّا	عَلَى	الْخٰشِعِيْنَ	الَّذِيْنَ	يَظُنُّوْنَ	اَنَّهُمْ	مُّلٰقُوْا
اور	بیشک نماز	ضرور بھاری ہے	مگر	ان پرنہیں	جو دل سے جھکتے ہیں	جنہیں	یقین ہے کہ	کہ انہیں	ملنا ہے

اور بے شک نماز بھاری ہے مگر ان پر نہیں جو اللہ سے ڈرنے والے ہیں۔ جو یقین رکھتے ہیں کہ وہ اپنے رب سے ملاقات

رَبِّهِمْ وَ اَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿۴۶﴾ ع يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ

ربع ۵ ع ۵

رَبِّهِمْ	وَ اَنَّهُمْ	اِلَيْهِ	رٰجِعُوْنَ	يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اذْكُرُوْا	نِعْمَتِيَ
اپنے رب سے	اور انہیں	اس کی طرف	پھر لوٹ کر جانا ہے	اے اولاد یعقوب	یاد کرو	میرا احسان

کرنے والے ہیں اور وہ اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ اے اولاد یعقوب! یاد کرو میرا وہ انعام

الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَ اَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَ اتَّقُوْا

الَّتِيْٓ	اَنْعَمْتُ	عَلَيْكُمْ	وَ	اَنِّيْ	فَضَّلْتُكُمْ	عَلَى الْعٰلَمِيْنَ	وَ	اتَّقُوْا
وہ جو	میں نے انعام کیا	تم پر	اور	بیشک میں	بڑائی دی تمہیں	اس سارے زمانے پر	اور	ڈرو

جو میں نے تم پر کیا اور یہ کہ اپنے زمانہ کے لوگوں پر تمہیں فضیلت دی۔ اور ڈرو

يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْـًٔا وَّ لَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ

يَوْمًا	لَّا	تَجْزِيْ	نَفْسٌ	عَنْ	نَّفْسٍ	شَيْـًٔا	وَّ	لَا	يُقْبَلُ مِنْهَا	شَفَاعَةٌ
دن	نہ	بدلہ ہوگی	کوئی جان	کسی	جان کی	کچھ	اور	نہ	قبول ہوگی اس سے	کوئی سفارش

اس دن سے جب کوئی کسی کی طرف سے کچھ بدلہ نہ دے گا اور کسی کی طرف سے (اذن الٰہی کے بغیر) کوئی شفاعت قبول نہ کی جائے گی

وَّ لَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّ لَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَ اِذْ نَجَّيْنٰكُمْ

وَّلَا	يُؤْخَذُ	مِنْهَا	عَدْلٌ	وَّ	لَا	هُمْ	يُنْصَرُوْنَ	وَ	اِذْ	نَجَّيْنٰكُمْ
اور نہ	لیا جائے گا	اس سے کچھ	بدلہ	اور	نہ	وہ	مدد کیے جائیں	اور یاد کرو	جب	ہم نے نجات بخشی تم کو

اور نہ اس سے کوئی فدیہ لیا جائے گا اور نہ ان کی مدد کی جائے گی۔ اور (یاد کرو) جب ہم نے تم کو

مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ

مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ	يَسُوْمُوْنَكُمْ	سُوْٓءَ	الْعَذَابِ	يُذَبِّحُوْنَ	اَبْنَآءَكُمْ
فرعون والوں سے	کہ کرتے تھے تم پر	برا	عذاب	ذبح کرتے	تمہارے بیٹوں کو

آل فرعون سے نجات بخشی کہ تم پر بُرا عذاب کرتے تھے تمہارے بیٹوں کو ذبح کرتے

وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ۭ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿۴۹﴾

وَ	يَسْتَحْيُوْنَ	نِسَآءَكُمْ	وَ	فِيْ ذٰلِكُمْ	بَلَآءٌ	مِّنْ رَّبِّكُمْ	عَظِيْمٌ
اور	زندہ رکھتے	تمہاری بیٹیوں کو	اور	اس میں تمہارے لیے	امتحان تھا	تمہارے رب کی طرف سے	بہت بڑا

اور تمہاری بیٹیوں کو زندہ رکھتے اور اس میں تمہارے رب کی طرف سے بڑی آزمائش تھی۔

وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ وَاَنْتُمْ

وَ	اِذْ	فَرَقْنَا	بِكُمُ	الْبَحْرَ	فَاَنْجَيْنٰكُمْ	وَ	اَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ	وَ	اَنْتُمْ
اور	جب	ہم نے پھاڑ دیا	تمہارے لیے	دریا	تو تمہیں بچا لیا	اور	فرعون والوں کو	اور	تم

اور (یاد کرو) جب ہم نے تمہارے لئے دریا پھاڑ دیا تو ہم نے تمہیں بچا لیا اور آل فرعون کو تمہاری

تَنْظُرُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ

تَنْظُرُوْنَ	وَاِذْ	وٰعَدْنَا	مُوْسٰى	اَرْبَعِيْنَ	لَيْلَةً	ثُمَّ	اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ
دیکھ رہے تھے	اور جب	ہم نے وعدہ فرمایا	موسیٰ سے	چالیس	رات	پھر	تم نے بچھڑے کی پوجا شروع کر دی

آنکھوں کے سامنے ڈبو دیا۔ اور (یاد کرو) جب ہم نے موسیٰ ؑ سے چالیس راتوں کا وعدہ فرمایا تھا پھر تم نے موسیٰ علیہ السلام

مِّنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۵۱﴾ ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ

مِّنْۢ بَعْدِهٖ	وَ	اَنْتُمْ	ظٰلِمُوْنَ	ثُمَّ	عَفَوْنَا عَنْكُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ
اس کے پیچھے	اور	تم	ظالم تھے	پھر	ہم نے تمہیں معافی دی	اس کے بعد

کے بعد بچھڑے کو معبود بنا لیا اور تم واقعی ظالم تھے۔ پھر ہم نے اس کے بعد (بھی)

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَ اِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ

لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ	وَاِذْ	اٰتَيْنَا	مُوْسَى	الْكِتٰبَ	وَالْفُرْقَانَ
کہ کہیں تم	احسان مانو	اور جب	ہم نے عطا کی	موسیٰ کو	کتاب	حق و باطل میں تمیز کردینے

تمہیں معاف کر دیا تا کہ تم شکر گزار ہو جاؤ۔ اور (یاد کرو) جب ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب دی اور حق و باطل میں فرق کرنے والا

لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۵۳﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ

لَعَلَّكُمْ	تَهْتَدُوْنَ	وَ	اِذْ	قَالَ	مُوْسٰى	لِقَوْمِهٖ	يٰقَوْمِ	اِنَّكُمْ	ظَلَمْتُمْ
کہیں تم	راہ پر آؤ	اور	جب	کہا	موسیٰ نے	اپنی قوم سے	اے میری قوم	بیشک تم نے	ظلم کیا

(معجزہ عطا فرمایا) تا کہ تم ہدایت پاؤ۔ اور (یاد کرو) جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا اے میری امت!

اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا

اَنْفُسَكُمْ	بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ	فَتُوْبُوْٓا	اِلٰى بَارِئِكُمْ	فَاقْتُلُوْٓا
اپنی جانوں پر	بچھڑا بنا کر	تو رجوع لاؤ	اپنے پیدا کرنے والے کی طرف	تو قتل کرو

بے شک تم نے بچھڑے کو (معبود) بنا کر اپنی جانوں پر ظلم کیا پس توبہ کرو اپنے پیدا کرنے والے کی طرف تو (آپس میں)

اَنْفُسَكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ ؕ فَتَابَ عَلَيْكُمْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ

اَنْفُسَكُمْ	ذٰلِكُمْ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	عِنْدَ بَارِئِكُمْ	فَتَابَ	عَلَيْكُمْ	اِنَّهٗ هُوَ
آپس میں ایک دوسرے کو	یہ	بہتر ہے	تمہارے لئے	تمہارے پیدا کرنیوالے کے نزدیک	توبہ قبول کی	تمہاری توبہ	بیشک وہی ہے

اپنی جانوں کو قتل کرو یہ تمہارے پیدا کرنے والے کے نزدیک تمہارے لئے بہتر ہے تو وہ تم پر رجوع برحمت ہوا بے شک وہی ہے بہت

التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۵۴﴾ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى

التَّوَّابُ	الرَّحِيْمُ	وَاِذْ	قُلْتُمْ	يٰمُوْسٰى	لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ	حَتّٰى	نَرَى
بہت توبہ قبول کرنیوالا	مہربان	اور جب	تم نے کہا	اے موسیٰ	ہم ہرگز تمہارا یقین نہیں لائینگے	جب تک	نہ دیکھ لیں

توبہ قبول کرنے والا بے حد رحم فرمانے والا۔ اور (یاد کرو) جب تم نے کہا اے موسیٰ ہم ہرگز تم پر ایمان نہ لائیں گے

اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿٥٥﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ

اللّٰهَ	جَهْرَةً	فَاَخَذَتْكُمُ	الصّٰعِقَةُ	وَ	اَنْتُمْ	تَنْظُرُوْنَ	ثُمَّ	بَعَثْنٰكُمْ
اللہ کو	علانیہ	تو آلیا تم کو	کڑک نے	اور	تم	دیکھ رہے تھے	پھر	ہم نے تم کو زندہ کیا

جب تک علانیہ خدا کو نہ دیکھ لیں تو تمہیں کڑک نے آ لیا اور تم دیکھ رہے تھے۔ پھر ہم نے تمہاری

مِّنْ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٥٦﴾ وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ

مِّنْ بَعْدِ مَوْتِكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ	وَ	ظَلَّلْنَا	عَلَيْكُمُ	الْغَمَامَ
مرے کے بعد	کہیں تم	احسان مانو	اور	ہم نے سایبان کیا	اوپر تمہارے	ابر کو

موت کے بعد تمہیں زندہ کیا کہ کہیں تم احسان مانو۔ اور یاد کرو جب ہم نے تم پر بادل کا سایہ کئے رکھا

وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ؕ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ

وَاَنْزَلْنَا	عَلَيْكُمُ	الْمَنَّ	وَالسَّلْوٰى	كُلُوْا	مِنْ طَيِّبٰتِ	مَا رَزَقْنٰكُمْ
اور اتارا ہم نے	تم پر	من	اور سلوا	کھاؤ	ستھری چیزیں	ہماری دی ہوئی

اور ہم نے تم پر من و سلویٰ اتارا کہ تم ہماری عطا کی ہوئی پاکیزہ چیزوں میں سے کھاؤ

وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَاِذْ

وَ	مَا	ظَلَمُوْنَا	وَ	لٰكِنْ	كَانُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُوْنَ	وَ	اِذْ
اور	نہیں	بگاڑا کچھ انہوں نے ہمارا	اور	لیکن	تھے وہ	اپنی ہی جانوں کا	بگاڑ کرتے	اور	جب

سو انہوں نے (نافرمانی اور ناشکری کر کے) ہمارا کچھ نہیں بگاڑا مگر اپنی ہی جانوں پر ظلم کرتے رہے۔ اور (یاد کرو) جب

قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا

قُلْنَا	ادْخُلُوْا	هٰذِهِ الْقَرْيَةَ	فَكُلُوْا	مِنْهَا	حَيْثُ	شِئْتُمْ	رَغَدًا
ہم نے فرمایا	جاؤ	اس بستی (میں)	تو کھاؤ	اس سے	جہاں	چاہو	تم بے روک ٹوک

ہم نے فرمایا اس شہر میں داخل ہو جاؤ اور اس میں جہاں سے چاہو خوب جی بھر کے کھاؤ اور (یہ کہ شہر کے) دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے

وَّادۡخُلُوا الۡبَابَ سُجَّدًا وَّ قُوۡلُوۡا حِطَّةٌ نَّغۡفِرۡ لَكُمۡ خَطٰيٰكُمۡ ؕ

وَّادۡخُلُوا	الۡبَابَ	سُجَّدًا	وَّقُوۡلُوۡا	حِطَّةٌ	نَّغۡفِرۡ	لَكُمۡ	خَطٰيٰكُمۡ ؕ
اور داخل ہوتم	دروازے میں	سجدہ کرتے ہوئے	اور کہو	بخش دے	ہم بخش دیں گے	تمہاری	خطائیں

داخل ہونا اور کہتے جانا (اے ہمارے رب! ہم سب خطاؤں کی) بخشش چاہتے ہیں (تو) ہم تمہاری (گذشتہ) خطائیں معاف فرمادیں گے

وَسَنَزِيۡدُ الۡمُحۡسِنِيۡنَ ﴿۵۸﴾ فَبَدَّلَ الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا قَوۡلًا غَيۡرَ الَّذِىۡ

وَ	سَنَزِيۡدُ	الۡمُحۡسِنِيۡنَ	فَبَدَّلَ	الَّذِيۡنَ	ظَلَمُوۡا	قَوۡلًا	غَيۡرَ	الَّذِىۡ
اور	زیادہ کریں گے	نیکی کرنیوالوں کو	تو بدل دی	ان	ظالموں نے	وہ بات	سوا	اس کے

اور (علاوہ اس کے) نیکی کرنے والوں کو مزید نوازیں گے۔ تو بدل دیا ظالموں نے اس بات کو جو ان سے کہی گئی تھی

قِيۡلَ لَهُمۡ فَاَنۡزَلۡنَا عَلَى الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا رِجۡزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوۡا

قِيۡلَ	لَهُمۡ	فَاَنۡزَلۡنَا	عَلَى	الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا	رِجۡزًا	مِّنَ السَّمَآءِ	بِمَا	كَانُوۡا
جو کہی گئی تھی	ان کو	تو اتارا ہم نے	اوپر	ان کے جنہوں نے ظلم کیا تھا	عذاب	آسمان سے	بدلہ اس کا	کرتے تھے

دوسری بات سے تو ہم نے ظالموں پر آسمان سے عذاب اتارا اس وجہ سے کہ

يَفۡسُقُوۡنَ ﴿۵۹﴾ ع وَاِذِ اسۡتَسۡقٰى مُوۡسٰى لِقَوۡمِهٖ فَقُلۡنَا اضۡرِبۡ

۶ ع ۱۲ ۶

يَفۡسُقُوۡنَ	وَاِذِ	اسۡتَسۡقٰى	مُوۡسٰى	لِقَوۡمِهٖ	فَقُلۡنَا	اضۡرِبۡ
وہ بے حکمی کرتے تھے	اور جب	پانی مانگا	موسیٰ نے	اپنی قوم کے لئے	تو ہم نے فرمایا	مارو

جو وہ نافرمانی کرتے تھے۔ اور (یاد کرو) جب پانی طلب کیا موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کیلئے

بِّعَصَاكَ الۡحَجَرَ ؕ فَانۡفَجَرَتۡ مِنۡهُ اثۡنَتَا عَشۡرَةَ عَيۡنًا ؕ قَدۡ عَلِمَ

بِّعَصَاكَ	الۡحَجَرَ	فَانۡفَجَرَتۡ	مِنۡهُ	اثۡنَتَا عَشۡرَةَ	عَيۡنًا	قَدۡ عَلِمَ
اپنا عصا	(اس) پتھر (پر)	تو فوراً بہہ نکلے	اس میں سے	بارہ	چشمے	بیشک پہچان لیا

تو ہم نے فرمایا اپنا عصا اس پتھر پر مارو تو فوراً اس سے بارہ چشمے جاری ہو گئے بے شک ہر گروہ نے

كُلُّ أُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ط كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا

كُلُّ	أُنَاسٍ	مَّشْرَبَهُمْ	كُلُوْا	وَاشْرَبُوْا	مِنْ رِّزْقِ	اللّٰهِ	وَ	لَا	تَعْثَوْا
ہر	گروہ نے	اپنا گھاٹ	کھاؤ	اور پیو	رزق دیا	اللہ کا	اور	نہ	پھرو

پانی پینے کی اپنی جگہ کو پہچان لیا کھاؤ اور پیو اللہ کے رزق سے اور نہ پھرو

فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۶۰﴾ وَ إِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى

فِي الْأَرْضِ	مُفْسِدِيْنَ	وَ	إِذْ	قُلْتُمْ	يٰمُوْسٰى	لَنْ نَّصْبِرَ	عَلٰى
زمین میں	فساد اٹھاتے	اور	جب	تم نے کہا	اے موسیٰ	ہم ہرگز صبر نہیں کریں گے	اوپر

زمین میں فساد کرتے ہوئے۔ اور (یاد کرو) جب تم نے کہا اے موسیٰ علیہ السلام ہم سے تو

طَعَامٍ وَّاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْبِتُ الْأَرْضُ مِنْ بَقْلِهَا

طَعَامٍ وَّاحِدٍ	فَادْعُ	لَنَا	رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا	مِمَّا	تُنْبِتُ	الْأَرْضُ	مِنْ بَقْلِهَا
ایک کھانے کے	تو دعا کیجئے	ہمارے لئے	آپ کا رب نکالے ہمارے لئے	اس سے جو	اگائی گئی ہو	زمین سے	ساگ

ایک کھانے پر ہرگز صبر نہ ہو گا تو آپ اپنے رب سے دُعا کیجئے کہ زمین کی اُگائی ہوئی

وَقِثَّآئِهَا وَفُوْمِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ط قَالَ أَتَسْتَبْدِلُوْنَ الَّذِيْ

وَقِثَّآئِهَا	وَ	فُوْمِهَا	وَ	عَدَسِهَا	وَبَصَلِهَا	قَالَ	أَتَسْتَبْدِلُوْنَ	الَّذِيْ
اور ککڑی	اور	گیہوں	اور	مسور	اور پیاز	فرمایا	کیا بدلے میں مانگتے ہو	وہ

چیزیں ہمارے لئے نکالے کچھ ساگ اور ککڑی اور گیہوں اور مسور اور پیاز فرمایا کیا ادنیٰ

هُوَ أَدْنٰى بِالَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ ط اِهْبِطُوْا مِصْرًا فَإِنَّ لَكُمْ مَّا سَأَلْتُمْ ط

هُوَ	أَدْنٰى	بِالَّذِيْ	هُوَ	خَيْرٌ	اِهْبِطُوْا	مِصْرًا	فَإِنَّ	لَكُمْ	مَّا	سَأَلْتُمْ
جو	ادنیٰ ہے	اس سے	جو	بہتر ہے	تم اترو	شہر (میں)	تو بیشک	تمہارے لئے	وہ ہے جو	تم مانگتے ہو

چیز کو بہتر کے بدلے مانگتے ہو اچھا کسی شہر میں اترو تمہیں وہی ملے گا جو تم نے مانگا ہے

وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ ۗ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ؕ

وَ	ضُرِبَتْ	عَلَيْهِمُ	الذِّلَّةُ	وَالْمَسْكَنَةُ	وَ	بَآءُوْ بِغَضَبٍ	مِّنَ اللّٰهِ
اور	مقرر کردی گئی	ان پر	خواری	اور ناداری	اور	غضب میں لوٹے	اللہ کے

اور ان پر مسلط کر دی گئی خواری اور ناداری اور لوٹے خدا کے غضب کے ساتھ یہ بدلا تھا

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ

ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ	بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ	وَ	يَقْتُلُوْنَ	النَّبِيّٖنَ
یہ	اس لئے کہ	وہ انکار کرتے تھے	آیات	اللہ کا	اور	شہید کرتے تھے	انبیاء کو

اس کا کہ وہ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے اور انبیاء کو ناحق شہید کرتے تھے

بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿۶۱﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ع

بِغَيْرِ الْحَقِّ	ذٰلِكَ	بِمَا	عَصَوْا	وَّكَانُوْا	يَعْتَدُوْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
ناحق	یہ	بدلہ تھا	نافرمانی کا	اور تھے وہ	حد سے بڑھنے والے	بیشک	ایمان والے

یہ بدلا تھا ان کی نافرمانیوں اور حد سے بڑھنے کا۔ بے شک ایمان والے

وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالنَّصٰرٰى وَالصّٰبِـِٕيْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ

وَ	الَّذِيْنَ هَادُوْا	وَالنَّصٰرٰى	وَ	الصّٰبِـِٕيْنَ	مَنْ	اٰمَنَ	بِاللّٰهِ	وَ
اور	یہودی	اور نصرانی	اور	ستارہ پرست	جو بھی	ایمان لائے	اللہ پر	اور

نیز یہودیوں اور نصرانیوں اور ستارہ پرستوں میں سے وہ کہ سچے دل سے اللہ اور یوم

الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ

الْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَعَمِلَ	صَالِحًا	فَلَهُمْ	اَجْرُهُمْ	عِنْدَ رَبِّهِمْ	وَلَا	خَوْفٌ
پچھلے دن پر	اور عمل کرے	نیک	تو ان کیلئے	ثواب ہے ان کا	ان کے رب کے پاس	اور نہیں ہے	کچھ اندیشہ

آخرت پر ایمان لائیں اور نیک کام کریں ان کا ثواب ان کے رب کے پاس ہے ان پر نہ تو کوئی

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ (٦٢) وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا

عَلَيْهِمْ	وَلَا	هُمْ	يَحْزَنُوْنَ	وَاِذْ	اَخَذْنَا	مِيْثَاقَكُمْ	وَ	رَفَعْنَا
ان پر	اور نہیں ہے	انہیں	کچھ غم	اور جب	لیا ہم نے	تم سے عہد	اور	اونچا کیا

خوف ہوگا اور نہ ہی وہ غمگین ہوں گے۔ اور (یاد کرو) جب ہم نے تمہارے اوپر (کوہ) طور کو بلند کر کے

فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ

فَوْقَكُمْ	الطُّوْرَ	خُذُوْا	مَآ	اٰتَيْنٰكُمْ	بِقُوَّةٍ	وَ	اذْكُرُوْا	مَا	فِيْهِ	لَعَلَّكُمْ
تم پر	طور کو	پکڑ لو	جو کچھ	ہم تم کو دیتے ہیں	زور سے	اور	یاد کرو	جو	اس میں ہے	تا کہ تمہیں

تم سے پختہ عہد لیا تھا کہ جو کچھ ہم نے تمہیں دیا ہے اسے مضبوطی کے ساتھ پکڑو اور جو کچھ اس کتاب میں ہے اسے یاد رکھو تا کہ تم

تَتَّقُوْنَ (٦٣) ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ ۚ فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

تَتَّقُوْنَ	ثُمَّ	تَوَلَّيْتُمْ	مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ	فَلَوْلَا	فَضْلُ	اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ
پرہیزگاری ملے	پھر	پھر گئے تم	اس کے بعد	تو اگر نہ ہوتا	فضل	اللہ کا	تم پر

پرہیزگار بن جاؤ۔ پھر اس (عہد اور تنبیہ) کے بعد بھی تم نے روگردانی کی پس اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت

وَرَحْمَتُهٗ لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ (٦٤) وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِيْنَ اعْتَدَوْا

وَرَحْمَتُهٗ	لَكُنْتُمْ	مِنَ الْخٰسِرِيْنَ	وَلَقَدْ	عَلِمْتُمُ	الَّذِيْنَ	اعْتَدَوْا
اور اس کی رحمت	تو ہو جاتے تم	نقصان اٹھانے والے	اور بیشک	ضرور تمہیں معلوم ہے	وہ لوگ	سرکشی کرنے والے

نہ ہوتی تو تم یقیناً نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو جاتے۔ اور بے شک ان لوگوں (کے انجام) کو تم (خوب) جانتے ہو

مِنْكُمْ فِي السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِئِيْنَ (٦٥) ۚ فَجَعَلْنٰهَا

مِنْكُمْ	فِي السَّبْتِ	فَقُلْنَا	لَهُمْ	كُوْنُوْا	قِرَدَةً	خٰسِئِيْنَ	فَجَعَلْنٰهَا
تم میں کے	ہفتہ میں	تو ہم نے فرمایا	ان سے	ہو جاؤ تم	بندر	دھتکارے ہوئے	تو کر دیا ہم نے اس کو

جنہوں نے تم میں سے ہفتے کے دن میں حد سے تجاوز کیا تو ہم نے ان سے فرمایا دھتکارے ہوئے بندر ہو جاؤ۔ تو ہم نے (ان کی سزا کے)

نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٦٦﴾ وَاِذْ قَالَ

نَكَالًا	لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا	وَمَا	خَلْفَهَا	وَمَوْعِظَةً	لِّلْمُتَّقِيْنَ	وَ	اِذْ	قَالَ
عبرت	جو ان کے آگے تھا	اور جو	ان کے پیچھے تھے	اور نصیحت	پرہیزگاروں کے لئے	اور	جب	فرمایا

اس (واقعہ) کو ان لوگوں کیلئے جو اس وقت موجود تھے اور جو اس کے بعد آنے والے تھے عبرت اور پرہیزگاروں کیلئے نصیحت بنا دیا۔ اور (یاد کرو) جب

مُوْسٰى لِقَوْمِهٖۤ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ؕ قَالُوْۤا

مُوْسٰى	لِقَوْمِهٖۤ	اِنَّ	اللّٰهَ	يَاْمُرُكُمْ	اَنْ	تَذْبَحُوْا	بَقَرَةً	قَالُوْۤا
موسیٰ نے	اپنی قوم سے	بے شک	اللہ	تمہیں حکم دیتا ہے	یہ کہ	ذبح کرو	ایک گائے	بولے

موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ تمہیں حکم دیتا ہے کہ ایک گائے ذبح کرو وہ بولے

اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ؕ قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿٦٧﴾

اَتَتَّخِذُنَا	هُزُوًا ؕ	قَالَ	اَعُوْذُ	بِاللّٰهِ	اَنْ	اَكُوْنَ	مِنَ الْجٰهِلِيْنَ
کیا آپ ہمیں بناتے ہیں	مسخرہ	فرمایا	میں پناہ مانگتا ہوں	اللہ سے	کہ	ہوں میں	جاہلوں میں سے

آپ ہم سے مذاق کرتے ہیں موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا اللہ کی پناہ کہ میں جاہلوں سے ہوں۔

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ؕ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ

قَالُوا	ادْعُ	لَنَا	رَبَّكَ	يُبَيِّنْ	لَّنَا	مَا هِيَ	قَالَ	اِنَّهٗ	يَقُوْلُ	اِنَّهَا	بَقَرَةٌ
بولے	دعا کیجئے	ہمارے لئے	اپنے سب سے	کہ بتادے	ہمیں	کہ وہ (گائے) کیسی ہو	فرمایا	بیشک اللہ	فرماتا ہے	کہ وہ	گائے

بولے اپنے رب سے دُعا کیجئے وہ ہمیں بتائے گائے کیسی ہو فرمایا اللہ فرماتا ہے کہ وہ ایک گائے ہے

لَّا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ ؕ عَوَانٌۢ بَيْنَ ذٰلِكَ ؕ فَافْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ ﴿٦٨﴾

لَّا	فَارِضٌ	وَّلَا	بِكْرٌ	عَوَانٌۢ بَيْنَ ذٰلِكَ	فَافْعَلُوْا	مَا	تُؤْمَرُوْنَ
نہ	بوڑھی	اور نہ	چھوٹی عمر	بلکہ ان دونوں کی بیچ کی	تو کرو	جس کا	تمہیں حکم ہوتا ہے

نہ بوڑھی اور نہ کم عمر بلکہ ان دونوں کے درمیان میں ہو تو تم وہی کرو جس کا تمہیں حکم دیا جاتا ہے۔

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا لَوْنُهَا ؕ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا

قَالُوا	ادْعُ	لَنَا	رَبَّكَ	يُبَيِّنْ	لَّنَا	مَا	لَوْنُهَا	قَالَ	اِنَّهٗ يَقُوْلُ	اِنَّهَا
بولے	دعا کیجئے	ہمارے لئے	اپنے رب سے	کہ بتادے	ہمیں	کیسا ہے	رنگ اس کا	فرمایا	بیشک وہ فرماتا ہے	کہ وہ

وہ (پھر) بولے اپنے رب سے ہمارے حق میں دعا کریں وہ ہمارے لئے واضح کردے کہ اس کا رنگ کیسا ہو؟ (موسیٰ علیہ السلام نے) کہا

بَقَرَةٌ صَفْرَآءُ ۙ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النّٰظِرِيْنَ ﴿٦٩﴾ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ

بَقَرَةٌ صَفْرَآءُ	فَاقِعٌ لَّوْنُهَا	تَسُرُّ	النّٰظِرِيْنَ	قَالُوا	ادْعُ	لَنَا	رَبَّكَ
وہ ایک زرد گائے ہے	جسکی رنگت خوب گہری ہے	کہ سے خوش ہوں	دیکھنے والے	بولے	دعا کیجئے	ہمارے واسطے	اپنے رب سے

اللہ فرماتا ہے کہ وہ گائے زرد رنگ کی ہو اس کی رنگت خوب گہری ہو جو دیکھنے والوں کو بہت بھلی لگے۔ (اب) انہوں نے کہا آپ ہمارے لئے اپنے

يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۙ اِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ؕ وَاِنَّآ اِنْ شَآءَ

يُبَيِّنْ	لَّنَا	مَا	هِيَ	اِنَّ	الْبَقَرَ	تَشٰبَهَ عَلَيْنَا	وَاِنَّآ	اِنْ	شَآءَ
صاف بیان کردے	ہمارے لئے	کیسی ہے	وہ	بیشک	گائے میں	ہم کو مشتبہ پڑ گیا ہے	اور ہم	اگر	چاہا

رب سے دعا کیجئے کہ وہ ہم پر واضح فرمادے کہ وہ کون سی گائے ہے؟ (کیونکہ) ہم پر گائے مشتبہ ہو گئی ہے اور یقیناً اگر اللہ نے چاہا

اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ ﴿٧٠﴾ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُوْلٌ

اللّٰهُ	لَمُهْتَدُوْنَ	قَالَ	اِنَّهٗ	يَقُوْلُ	اِنَّهَا	بَقَرَةٌ	لَّا ذَلُوْلٌ
اللہ نے	یقیناً راہ پائینگے	فرمایا	تحقیق وہ	فرماتا ہے	کہ وہ	ایک گائے ہے کہ	اس سے خدمت نہیں لی جاتی کہ

تو ہم ضرور ہدایت یافتہ ہو جائیں گے۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا بے شک اللہ فرماتا ہے یقیناً وہ گائے ہے جس سے کوئی خدمت نہیں لی

تُثِيْرُ الْاَرْضَ وَلَا تَسْقِى الْحَرْثَ ۚ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا ؕ قَالُوا الْـٰٔنَ

تُثِيْرُ الْاَرْضَ	وَ	لَا	تَسْقِى	الْحَرْثَ	مُسَلَّمَةٌ	لَّا	شِيَةَ	فِيْهَا	قَالُوا	الْـٰٔنَ
زمین جوتے	اور	نہ	پانی دیتی ہے	کھیتی کو	بے عیب	نہیں	کوئی داغ	اس میں	بولے	اب

جاتی کہ وہ زمین میں ہل چلائے اور نہ وہ کھیت کو پانی دیتی ہے۔ صحیح سالم ہے جس میں کوئی (داغ) دھبہ نہیں (یک رنگ) وہ بولے اب آپ نے

جِئْتَ بِالْحَقِّ ؕ فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿٧١﴾ ع وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا

جِئْتَ	بِالْحَقِّ	فَذَبَحُوْهَا	وَ	مَا	كَادُوْا	يَفْعَلُوْنَ	وَاِذْ	قَتَلْتُمْ	نَفْسًا
لائے آپ	ٹھیک بات	تو ذبح کیا	اور	نہیں	تھے وہ	کرنے والے	اور جب	قتل کیا تم نے	ایک جان کو

ٹھیک ٹھیک سمجھا دیا پھر انہوں نے اسے ذبح کیا اور وہ (یہ کام) کرنے والے نہ تھے۔ اور جب تم نے ایک شخص کو قتل کیا

فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ؕ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ﴿٧٢﴾ ج فَقُلْنَا

فَادّٰرَءْتُمْ	فِيْهَا	وَ	اللّٰهُ	مُخْرِجٌ	مَّا	كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ	فَقُلْنَا
تو تہمت لگائی تم نے ایک دوسرے پر	اس میں	اور	اللہ	ظاہر کرنے والا ہے	جو	تم چھپاتے تھے	تو ہم نے فرمایا

پھر اس (کے قتل) کا الزام ایک دوسرے پر رکھنے لگے اور اللہ ظاہر فرمانے والا تھا جسے تم چھپاتے تھے۔ تو ہم نے فرمایا

اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ؕ كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى ۙ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ

اضْرِبُوْهُ	بِبَعْضِهَا	كَذٰلِكَ	يُحْيِ	اللّٰهُ	الْمَوْتٰى	وَيُرِيْكُمْ	اٰيٰتِهٖ	لَعَلَّكُمْ
مارو اس کو	اس کا کوئی حصہ	ایسے ہی	زندہ فرماتا ہے	اللہ	مردے کو	اور تمہیں دکھاتا ہے	اپنی نشانیاں	کہ تم

اس مقتول کو اس گائے کا ایک ٹکڑا مارو اللہ یوں ہی مردوں کو زندہ کرے گا اور اللہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے

تَعْقِلُوْنَ ﴿٧٣﴾ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ

تَعْقِلُوْنَ	ثُمَّ	قَسَتْ	قُلُوْبُكُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ	فَهِيَ	كَالْحِجَارَةِ
عقل ہو	پھر	سخت ہو گئے	تمہارے دل	اس کے بعد	تو وہ	مثل پتھروں کے ہیں

تاکہ تمہیں عقل ہو۔ پھر اس کے بعد تمہارے دل سخت ہو گئے تو وہ پتھروں کی مثل ہیں

اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ؕ وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ

اَوْ	اَشَدُّ	قَسْوَةً	وَاِنَّ	مِنَ الْحِجَارَةِ	لَمَا	يَتَفَجَّرُ	مِنْهُ	الْاَنْهٰرُ ؕ
یا	اس سے بھی زیادہ	سخت	اور بیشک	ان پتھروں سے	وہ ہیں جو	بہہ نکلتی ہے	اس سے	ندیاں

بلکہ اس سے بھی زیادہ سخت اور پتھروں میں تو کچھ وہ ہیں جن سے ندیاں بہہ نکلتی ہیں

وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ

وَاِنَّ	مِنْهَا	لَمَا	يَشَّقَّقُ	فَيَخْرُجُ	مِنْهُ	الْمَآءُ	وَ	اِنَّ	مِنْهَا	لَمَا	يَهْبِطُ
اور بیشک	ان سے وہ ہیں	جو	پھٹ جاتے ہیں	تو نکلتا ہے	اس سے	پانی	اور	بے شک	ان سے	وہ بھی ہیں جو	گر جاتے ہیں

اور کچھ وہ ہیں جو پھٹ جاتے ہیں تو ان سے پانی جاری ہوجاتا ہے اور کچھ وہ ہیں

مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۷۴﴾ اَفَتَطْمَعُوْنَ

مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ	وَ	مَا	اللّٰهُ	بِغَافِلٍ	عَمَّا	تَعْمَلُوْنَ	اَفَتَطْمَعُوْنَ
اللہ کے خوف سے	اور	نہیں ہے	اللہ	بے خبر	تمہارے	اعمال سے	کیا تمہیں یہ امید ہے

کہ اللہ کے ڈر سے گر پڑتے ہیں اور اللہ تمہارے اعمال سے بے خبر نہیں۔ (اے مسلمانو!)

اَنْ يُّؤْمِنُوْا لَكُمْ وَقَدْ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَسْمَعُوْنَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ

اَنْ	يُّؤْمِنُوْا	لَكُمْ	وَ	قَدْ	كَانَ	فَرِيْقٌ	مِّنْهُمْ	يَسْمَعُوْنَ	كَلٰمَ	اللّٰهِ	ثُمَّ
یہ کہ	یقین کریں گے	تم پر	اور	بیشک	تھا	ایک گروہ	ان میں سے	سنتا ہے	کلام	اللہ کا	پھر

کیا تم یہ توقع رکھتے ہو کہ وہ (یہودی) تم پر یقین کریں گے جبکہ ان میں سے ایک گروہ کے لوگ ایسے (بھی) تھے کہ اللہ کا کلام (تورات)

يُحَرِّفُوْنَهٗ مِنْۢ بَعْدِ مَا عَقَلُوْهُ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

يُحَرِّفُوْنَهٗ	مِنْۢ بَعْدِ مَا	عَقَلُوْهُ	وَ	هُمْ	يَعْلَمُوْنَ	وَ	اِذَا	لَقُوا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
بدل دیتے اسے	بعد اس کے جو	سمجھ لیا اس کو	اور	وہ	جانتے ہوتے	اور	جب	ملتے ہیں	مسلمانوں سے

سنتے پھر اسے سمجھنے کے بعد (خود) بدل دیتے حالانکہ وہ خوب جانتے تھے ہیں۔ اور جب اہلِ ایمان سے ملتے ہیں (تو) کہتے ہیں

قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚۖ وَاِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ قَالُوْٓا اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ

قَالُوْٓا	اٰمَنَّا	وَ	اِذَا	خَلَا	بَعْضُهُمْ	اِلٰى بَعْضٍ	قَالُوْٓا	اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ
تو کہتے ہیں	ہم ایمان لائے	اور	جب	علیحدہ ہوتا ہے	بعض ان کے	طرف بعض کی	تو کہتے ہیں	کیا بتاتے ہو تم ان کو

ہم ایمان لے آئے ہیں اور جب آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ تنہائی میں ہوتے ہیں (تو) کہتے ہیں کیا تم ان (مسلمانوں)

بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ لِيُحَآجُّوْكُمْ بِهٖ عِنْدَ رَبِّكُمْ ط

بِمَا	فَتَحَ	اللّٰهُ	عَلَيْكُمْ	لِيُحَآجُّوْكُمْ	بِهٖ	عِنْدَ رَبِّكُمْ
جو	کھولا	اللہ نے	تم پر	تا کہ تم پر حجت لائیں	اس سے	تمہارے رب کے نزدیک

سے وہ باتیں بیان کر دیتے ہو جو اللہ نے تم پر (تورات کے ذریعے) ظاہر کی ہیں تا کہ وہ اس سے تمہارے رب کے حضور تم ہی پر حجت قائم

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٧٦﴾ اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ	اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ	اَنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُ	مَا	يُسِرُّوْنَ	وَ	مَا
کیا تمہیں عقل نہیں	کیا نہیں جانتے	بے شک	اللہ	جانتا ہے	جو کچھ	وہ چھپاتے ہیں	اور	جو کچھ

کریں کیا تم (اتنی) عقل (بھی) نہیں رکھتے؟۔ کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور جو

يُعْلِنُوْنَ ﴿٧٧﴾ وَمِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّآ اَمَانِيَّ وَاِنْ

يُعْلِنُوْنَ	وَ	مِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ	لَا	يَعْلَمُوْنَ	الْكِتٰبَ	اِلَّآ	اَمَانِيَّ	وَ	اِنْ
ظاہر کرتے ہیں	اور	ان میں سے کچھ ان پڑھ ہیں	نہیں	جانتے	کتاب	مگر	خواہشات	اور	نہیں

ظاہر کرتے ہیں۔ اور ان میں بعض ان پڑھ ہیں جو زبان سے لفظوں کو پڑھ لینے کے سوا (اللہ کی) کتاب (کے معانی) کا کچھ علم نہیں رکھتے اور

هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿٧٨﴾ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ بِاَيْدِيْهِمْ ق ثُمَّ

هُمْ	اِلَّا	يَظُنُّوْنَ	فَوَيْلٌ	لِّلَّذِيْنَ	يَكْتُبُوْنَ	الْكِتٰبَ	بِاَيْدِيْهِمْ	ثُمَّ
وہ	مگر	گمان کرتے ہیں	تو خرابی ہے	ان کو جو	لکھتے ہیں	کتاب	اپنے ہاتھوں سے	پھر

وہ صرف (اپنے وہم و) گمان میں پڑے ہوئے ہیں۔ تو خرابی ہے ان کیلئے جو کتاب اپنے ہاتھ سے لکھیں پھر

يَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ط فَوَيْلٌ لَّهُمْ

يَقُوْلُوْنَ	هٰذَا	مِنْ عِنْدِ	اللّٰهِ	لِيَشْتَرُوْا	بِهٖ	ثَمَنًا	قَلِيْلًا	فَوَيْلٌ	لَّهُمْ
کہتے ہیں	یہ	پاس سے	اللہ (کے ہے)	کر خریدیں	اس کے ساتھ	قیمت	تھوڑی	تو خرابی ہے	ان کیلئے

کہہ دیں یہ اللہ کے پاس سے ہے تا کہ اس کے عوض تھوڑے سے دام حاصل کریں تو خرابی ہے ان کیلئے

مِمَّا كَتَبَتْ اَيْدِيْهِمْ وَ وَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا يَكْسِبُوْنَ ﴿٧٩﴾ وَ قَالُوْا لَنْ

مِمَّا	كَتَبَتْ	اَيْدِيْهِمْ	وَ	وَيْلٌ	لَّهُمْ	مِّمَّا	يَكْسِبُوْنَ	وَ	قَالُوْا	لَنْ
اس سے جو	لکھا	ان کے ہاتھوں نے	اور	خرابی ہے	ان کے لئے	اس سے جو	کماتے ہیں	اور	بولے	ہرگز نہیں

اس سے جو ان کے ہاتھوں نے لکھا ہے اور خرابی ہے ان کیلئے اس کمائی سے۔ اور بولے ہمیں تو

تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدَةً ۭ قُلْ اَتَّخَذْتُمْ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدًا فَلَنْ

تَمَسَّنَا	النَّارُ	اِلَّآ	اَيَّامًا	مَّعْدُوْدَةً	قُلْ	اَتَّخَذْتُمْ	عِنْدَ	اللّٰهِ	عَهْدًا	فَلَنْ
چھوئے گی ہم کو	آگ	مگر	دن	گنتی (کے)	تم فرمادو	کیا لے رکھا ہے تم نے	پاس	اللہ سے	عہد	تو ہرگز نہیں

آگ نہیں چھوئے گی مگر گنتی کے (چند) دن فرما دو کیا اللہ سے تم نے کوئی عہد لے رکھا ہے کہ اللہ ہرگز اپنے عہد

يُّخْلِفَ اللّٰهُ عَهْدَهٗٓ اَمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٨٠﴾ بَلٰى

يُّخْلِفَ	اللّٰهُ	عَهْدَهٗٓ	اَمْ	تَقُوْلُوْنَ	عَلَى	اللّٰهِ	مَا	لَا تَعْلَمُوْنَ	بَلٰى
خلاف کرے گا	اللہ	اپنے عہد (کے)	یا	کہتے ہو تم	اوپر	اللہ کے	جس کا	تمہیں علم نہیں	ہاں واقعی

کے خلاف نہیں کرے گا بلکہ ایسا نہیں تم تو اللہ پر وہ بات کہتے ہو جس کا تمہیں علم نہیں۔ ہاں

مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓئَتُهٗ فَاُولٰٓىِٕكَ اَصْحٰبُ

مَنْ	كَسَبَ	سَيِّئَةً	وَّاَحَاطَتْ	بِهٖ	خَطِيْٓئَتُهٗ	فَاُولٰٓىِٕكَ	اَصْحٰبُ
جو	کمائے	گناہ	اور گھیر لے	اس کو	اس کی خطا	تو یہی ہیں	رہنے والے

واقعی جس نے برائی اختیار کی اور اس کے گناہوں نے اس کو ہر طرف سے گھیر لیا تو وہی لوگ

النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٨١﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

النَّارِ ۚ	هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	وَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ
دوزخ کے	وہ	اس میں	ہمیشہ رہنے والے ہیں	اور	وہ جو	ایمان لائے	اور عمل کئے	اچھے

دوزخی ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور (انہوں نے) نیک عمل کئے

ع ۹

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۸۲﴾ ع وَاِذْ اَخَذْنَا

اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ	الْجَنَّةِ ۚ	هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	وَاِذْ	اَخَذْنَا
یہ لوگ ہیں	رہنے والے	جنت کے	وہ	اس میں	ہمیشہ رہنے والے ہیں	اور جب	ہم نے لیا

تو وہی لوگ جنتی ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ اور (یاد کرو)

مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ قف وَبِالْوَالِدَيْنِ

مِيْثَاقَ	بَنِيْٓ	اِسْرَآءِيْلَ	لَا	تَعْبُدُوْنَ	اِلَّا	اللّٰهَ قف	وَبِالْوَالِدَيْنِ
پختہ عہد	بنی	اسرائیل سے	نہ	پوجو	مگر	اللہ کو	اور ماں باپ کے ساتھ

جب اولادِ یعقوب سے ہم نے پختہ عہد لیا کہ اللہ کے سوا کسی کی تم عبادت نہ کرنا اور ماں باپ

اِحْسَانًا وَّ ذِي الْقُرْبٰى وَ الْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ

اِحْسَانًا	وَّ	ذِي الْقُرْبٰى	وَ	الْيَتٰمٰى	وَالْمَسٰكِيْنِ	وَقُوْلُوْا	لِلنَّاسِ
بھلائی کرو	اور	رشتہ داروں	اور	یتیموں	اور مسکینوں سے	اور کہو	لوگوں سے

اور رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں کے ساتھ حسن سلوک کرتے رہنا اور لوگوں سے

حُسْنًا وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ط ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ

حُسْنًا	وَّاَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَاٰتُوا	الزَّكٰوةَ ط	ثُمَّ	تَوَلَّيْتُمْ	اِلَّا	قَلِيْلًا	مِّنْكُمْ
اچھی بات	اور قائم رکھو	نماز	اور دو	زکوٰۃ	پھر	تم پھر گئے	مگر	تھوڑے	تم میں سے

اچھی بات کہنا اور نماز قائم کرنا اور زکوٰۃ ادا کرتے رہنا پھر تم (اس اقرار سے) پھر گئے مگر تم میں سے تھوڑے اور تم (حق سے) منہ

وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۸۳﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَآءَكُمْ

وَ	اَنْتُمْ	مُّعْرِضُوْنَ	وَ	اِذْ	اَخَذْنَا	مِيْثَاقَكُمْ	لَا	تَسْفِكُوْنَ	دِمَآءَكُمْ
اور	تم	روگردان ہو گئے	اور	جب	لیا ہم نے	عہد تم سے	نہ	بہاؤ گے	اپنوں کا خون

پھیرنے والے (لوگ) ہو۔ اور (یاد کرو) جب ہم نے تم سے پختہ عہد لیا کہ آپس میں خون ریزی نہ کرو گے

وَ لَا تُخْرِجُوْنَ اَنْفُسَكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ وَ اَنْتُمْ

وَ	لَا	تُخْرِجُوْنَ	اَنْفُسَكُمْ	مِّنْ دِيَارِكُمْ	ثُمَّ	اَقْرَرْتُمْ	وَ	اَنْتُمْ
اور	نہ	نکالنا	اپنوں کو	اپنی بستیوں سے	پھر	تم نے اقرار کیا	اور	تم

اور اپنے لوگوں کو اپنی بستیوں سے نہ نکالو گے پھر تم نے (اس کا) اقرار کیا اور (اب اس عہد پر) تم خود بھی

تَشْهَدُوْنَ ﴿۸۴﴾ ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَتُخْرِجُوْنَ

تَشْهَدُوْنَ	ثُمَّ	اَنْتُمْ	هٰٓؤُلَآءِ	تَقْتُلُوْنَ	اَنْفُسَكُمْ	وَتُخْرِجُوْنَ
گواہ ہو	پھر	تم	وہ ہو کہ	قتل کرتے ہو	اپنوں کو	اور نکالتے ہو

گواہی دیتے ہو۔ پھر یہ جو تم اپنوں کو قتل کرنے لگے اور اپنے ہی

فَرِيْقًا مِّنْكُمْ مِّنْ دِيَارِهِمْ ز تَظٰهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ط

فَرِيْقًا	مِّنْكُمْ	مِّنْ دِيَارِهِمْ	تَظٰهَرُوْنَ	عَلَيْهِمْ	بِالْاِثْمِ	وَالْعُدْوَانِ
ایک گروہ کو	اپنے میں سے	ان کے وطن سے	مدد دیتے ہو	ان پر	گناہ	اور زیادتی

ایک گروہ کو ان کے وطن سے نکالتے ہو گناہ اور زیادتی کے ساتھ انکے خلاف ایک دوسرے کی مدد کرتے ہو

وَاِنْ يَّاْتُوْكُمْ اُسٰرٰى تُفٰدُوْهُمْ وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ

وَاِنْ	يَّاْتُوْكُمْ	اُسٰرٰى	تُفٰدُوْهُمْ	وَهُوَ	مُحَرَّمٌ	عَلَيْكُمْ
اور اگر	آئیں تمہارے پاس	قیدی	بدلا دیتے ہو ان کا	اور وہ	حرام ہے	تم پر

اور اگر وہ قیدی ہو کر تمہارے پاس آئیں تو بدلا دے کر چھڑا لیتے ہو اور ان کا نکالنا تم پر حرام

اِخْرَاجُهُمْ ط اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَ تَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ ج

اِخْرَاجُهُمْ	اَفَتُؤْمِنُوْنَ	بِبَعْضِ	الْكِتٰبِ	وَ	تَكْفُرُوْنَ	بِبَعْضٍ
ان کا نکالنا	کیا ایمان لاتے ہو	کچھ	حکموں پر	اور	انکار کرتے ہو	کچھ سے

ہے تو۔ کیا خدا کے کچھ احکامات پر ایمان لاتے ہو اور کچھ سے انکار کرتے ہو تو

فَمَا جَزَآءُ مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْيٌ فِی الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ

فَمَا	جَزَآءُ	مَنْ	يَّفْعَلُ	ذٰلِكَ	مِنْكُمْ	اِلَّا	خِزْيٌ	فِی الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا
تو کیا	بدلہ ہے	جو	کرے	ایسا	تم میں سے	مگر یہ کہ	رسوائی	دنیا کی زندگی میں

جو تم میں ایسا کرے اس کا بدلا کیا ہے مگر یہ کہ دنیا میں رسوا ہو

وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا

وَ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	يُرَدُّوْنَ	اِلٰٓى	اَشَدِّ	الْعَذَابِ	وَ	مَا	اللّٰهُ	بِغَافِلٍ	عَمَّا
اور	قیامت کے دن	پھیرے جائینگے	طرف	سخت	عذاب کی	اور	نہیں	اللہ	بے خبر	تمہارے

اور قیامت کے دن سخت ترین عذاب کی طرف پھیردیئے جائیں گے اور اللہ تمہارے اعمال سے

تَعْمَلُوْنَ ﴿۸۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ۫ فَلَا

تَعْمَلُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	اشْتَرَوُا	الْحَيٰوةَ	الدُّنْيَا	بِالْاٰخِرَةِ	فَلَا
اعمال سے	یہ	وہ ہیں	کہ مول لیے ہیں	زندگی	دنیا (کی)	آخرت کے بدلے	تو نہ

بے خبر نہیں۔ یہ ہیں وہ لوگ جنہوں نے آخرت کے بدلے دنیا کی زندگی خرید لی تو نہ ان پر

يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۸۶﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى ۱۰ ع ۱۰

يُخَفَّفُ	عَنْهُمُ	الْعَذَابُ	وَ	لَا	هُمْ	يُنْصَرُوْنَ	وَ	لَقَدْ	اٰتَيْنَا	مُوْسَى
ہلکا ہو	ان سے	عذاب	اور	نہ	وہ	مدد کیے جائیں	اور	بے شک	عطا کی ہم نے	موسیٰ کو

سے عذاب ہلکا ہوگا اور نہ ان کی مدد کی جائے گی۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ علیہ السلام

الْكِتٰبَ وَقَفَّيْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ ۫ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ

الْكِتٰبَ	وَ	قَفَّيْنَا	مِنْۢ بَعْدِهٖ	بِالرُّسُلِ	وَ	اٰتَيْنَا	عِيْسَى	ابْنَ	مَرْيَمَ
کتاب	اور	پے درپے بھیجے ہم نے	اس کے بعد	رسول	اور	عطا فرمائیں ہم نے	عیسیٰ	بن	مریم (کو)

کو کتاب (تورات) عطا کی اور ان کے بعد ہم نے یکے بعد دیگرے (بہت سے) پیغمبر بھیجے اور ہم نے مریم کے فرزند عیسیٰ علیہ السلام کو

الْبَیِّنٰتِ وَاَیَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا

الْبَیِّنٰتِ	وَاَیَّدْنٰهُ	بِرُوْحِ الْقُدُسِ	اَفَكُلَّمَا	جَآءَكُمْ	رَسُوْلٌ	بِمَا
کھلی نشانیاں	اور مدد کی اس کی	پاک روح سے	تو کیا جب	آئے تمہارے پاس	رسول	اسکے ساتھ جو

(بھی) روشن نشانیاں عطا کیں اور ہم نے پاک روح کے ذریعے ان کی تائید کی تو کیا (ہوا) جب بھی کوئی پیغمبر تمہارے

لَا تَهْوٰٓی اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ ۚ فَفَرِیْقًا كَذَّبْتُمْ ۫ وَفَرِیْقًا

لَا	تَهْوٰٓی	اَنْفُسُكُمُ	اسْتَكْبَرْتُمْ	فَفَرِیْقًا	كَذَّبْتُمْ	وَفَرِیْقًا
نہ	چاہتے تھے	تمہارے نفس	تو تکبر کیا تم نے	تو ایک گروہ کو	تم نے جھٹلایا	اور ایک گروہ کو

پاس وہ (احکام) لایا جنہیں تمہارے نفس پسند نہیں کرتے تھے تو تم نے تکبر کیا اور بعضوں کو تم نے جھٹلا دیا اور بعضوں

تَقْتُلُوْنَ ﴿۸۷﴾ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِیْلًا

تَقْتُلُوْنَ	وَ	قَالُوْا	قُلُوْبُنَا	غُلْفٌ	بَلْ	لَّعَنَهُمُ	اللّٰهُ	بِكُفْرِهِمْ	فَقَلِیْلًا
قتل کرتے ہو	اور	بولے	ہمارے دلوں پر	پردے ہیں	بلکہ	لعنت کی ان پر	اللہ نے	ان کے کفر کے سبب	تو تھوڑے ہیں

کو تم قتل کرنے لگے۔ اور یہودیوں نے کہا ہمارے دلوں پر غلاف ہیں (ایسا نہیں) بلکہ ان کے کفر کے باعث اللہ نے ان پر لعنت کر دی ہے تو

مَّا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا

مَّا	یُؤْمِنُوْنَ	وَ	لَمَّا	جَآءَهُمْ	كِتٰبٌ	مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ	مُصَدِّقٌ	لِّمَا
جو	ایمان لاتے ہیں	اور	جب	آئی ان کے پاس	کتاب	اللہ کے پاس سے	تصدیق کرتی ہے	اسکی جو

ان میں سے تھوڑے ایمان لاتے ہیں۔ اور جب ان کے پاس اللہ کی طرف سے کتاب آئی جو تصدیق کرتی ہے اس کی

مَعَهُمْ ۙ وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ یَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَی الَّذِیْنَ كَفَرُوْا ۚۖ فَلَمَّا

مَعَهُمْ	وَكَانُوْا	مِنْ قَبْلُ	یَسْتَفْتِحُوْنَ	عَلَی	الَّذِیْنَ كَفَرُوْا	فَلَمَّا
ان کے ساتھ	اور تھے وہ	اس سے قبل	فتحیابی مانگتے	اوپر	کافروں کے	تو

جو ان کے پاس ہے (اصل آسمانی کتابوں سے) اور (یہود) اس سے پہلے (قرآن اور نبی آخر الزماں کے وسیلے سے) کافروں پر (اللہ سے) فتح مانگتے تھے

جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ز فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٨٩﴾

جَآءَهُمْ	مَّا	عَرَفُوْا	كَفَرُوْا	بِهٖ	فَلَعْنَةُ	اللّٰهِ	عَلَى الْكٰفِرِيْنَ
جب تشریف لایا انکے پاس	وہ	جانا پہچانا	منکر بیٹھے	اس سے	تو لعنت ہے	اللہ کی	منکروں کے

پھر جب وہ پہچانے ہوئے ان کے پاس تشریف لے آئے (تو) انہوں نے ان کا انکار کیا پس کافروں پر اللہ کی لعنت ہے۔

بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ اَنْ يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا

بِئْسَمَا	اشْتَرَوْا	بِهٖٓ	اَنْفُسَهُمْ	اَنْ	يَّكْفُرُوْا	بِمَآ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	بَغْيًا
کس کے مولوں میں	خریدا	انہوں نے	اپنی جان کو	اس سے	منکر ہوں	اس کے ساتھ	جو اتارا	اللہ نے	جلن میں

کیا ہی بری چیز ہے جس کے بدلے انہوں نے اپنی جانوں کو بیچا کہ وہ کفر کریں اس چیز کے ساتھ جو اللہ نے نازل فرمائی

اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ج فَبَآءُوْ

اَنْ	يُّنَزِّلَ	اللّٰهُ	مِنْ فَضْلِهٖ	عَلٰى	مَنْ	يَّشَآءُ	مِنْ عِبَادِهٖ	فَبَآءُوْ	بِغَضَبٍ	عَلٰى
اس سے کہ	نازل کیا	اللہ نے	اپنے فضل سے	اوپر	جس کے	چاہا	اپنے بندوں سے	تو سزاوار ہوگئے	غضب کے	اوپر

اس حسد سے کہ اللہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے اپنے فضل سے وحی نازل کرتا ہے، پس وہ غضب پر غضب کے

بِغَضَبٍ عَلٰى غَضَبٍ ط وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿٩٠﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا بِمَآ

غَضَبٍ	وَلِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابٌ	مُّهِيْنٌ	وَاِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ	اٰمِنُوْا	بِمَآ
غضب کے	اور کافروں کیلئے	عذاب ہے	ذلت کا	اور جب	کہا جائے	ان سے	ایمان لاؤ	اس پر جو

لائق ہوئے اور کافروں کیلئے ذلیل کر دینے والا عذاب ہے۔ اور جب ان سے کہا جائے کہ

اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَيَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَآءَهٗ ق وَهُوَ

اَنْزَلَ	اللّٰهُ	قَالُوْا	نُؤْمِنُ	بِمَآ	اُنْزِلَ	عَلَيْنَا	وَيَكْفُرُوْنَ	بِمَا	وَرَآءَهٗ	وَهُوَ
اتارے پر	اللہ کے	کہتے ہیں	ایمان لائے ہم	اس پر جو	اترا ہے	ہم پر	اور منکر ہیں	اس کے جو	علاوہ ہے اس کے	اور وہ

اللہ کے نازل کردہ (قرآن) پر ایمان لاؤ تو کہتے ہیں وہ جو ہم پر اترا ہم اس پر ایمان لاتے ہیں اور باقی سے انکار کرتے ہیں حالانکہ وہ

الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ؕ قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ

الْحَقُّ	مُصَدِّقًا	لِّمَا	مَعَهُمْ	قُلْ	فَلِمَ	تَقْتُلُوْنَ	اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ	مِنْ قَبْلُ
حق ہے	تصدیق کرنے والا	اس کا جو	ان کے ساتھ ہے	فرمادو تو	کس لئے	شہید کیا تم نے	اللہ کے نبیوں کو	اس سے پہلے

حق ہے ان کے پاس جو کچھ ہے اس کی تصدیق کرنیوالا اے حبیب ﷺ آپ فرما دیجئے کہ پہلے آئے انبیاء کو کیوں شہید

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ⑨① وَلَقَدْ جَآءَكُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ

اِنْ	كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ	وَلَقَدْ	جَآءَكُمْ	مُّوْسٰى	بِالْبَيِّنٰتِ	ثُمَّ
اگر	تھے تم	ایمان لانے والے	اور بے شک	آئے تمہارے پاس	موسیٰ	کھلی نشانیاں لیکر	پھر

کیا اگر تمہیں اپنی کتاب پر ایمان تھا۔ اور بے شک تمہارے پاس موسیٰ علیہ السلام کھلی نشانیاں لے کر تشریف لائے پھر

اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ⑨② وَاِذْ اَخَذْنَا

اتَّخَذْتُمُ	الْعِجْلَ	مِنْۢ بَعْدِهٖ	وَ	اَنْتُمْ	ظٰلِمُوْنَ	وَ	اِذْ	اَخَذْنَا
بنالیا تم نے	بچھڑا	اس کے بعد	اور	تم	ظالم تھے	اور	جب	لیا ہم نے

تم نے ان کے بعد بچھڑے کو معبود بنایا اور تم ظالم تھے۔ اور جب ہم نے تم سے

مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ

مِيْثَاقَكُمْ	وَرَفَعْنَا	فَوْقَكُمُ	الطُّوْرَ	خُذُوْا	مَآ	اٰتَيْنٰكُمْ	بِقُوَّةٍ
وعدہ تم سے	اور بلند کیا ہم نے	تم پر	طور کو	پکڑلو	جو	ہم نے تمہیں دیا	زور سے

پختہ عہد لیا اور ہم نے تمہارے اوپر طور کو بلند کیا کہ اس (کتاب) کو مضبوطی سے تھامے رکھو جو ہم نے تمہیں عطا کی ہے اور (ہمارا حکم) سنو تو (تمہارے

وَّاسْمَعُوْا ؕ قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا ۗ وَاُشْرِبُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ

وَّاسْمَعُوْا	قَالُوْا	سَمِعْنَا	وَ	عَصَيْنَا	وَ	اُشْرِبُوْا	فِيْ قُلُوْبِهِمُ	الْعِجْلَ
اور سنو	بولے	ہم نے سنا	اور	نہ مانا	اور	رچ بچ گیا	ان کے دلوں میں	بچھڑا

بڑوں نے) کہا ہم نے سنا اور ہم نے نافرمانی کی اور ان کے دلوں میں ان کے کفر کے باعث بچھڑے کی محبت رچ گئی تھی (اے محبوب ﷺ انہیں) بتا

بِكُفْرِهِمْ ؕ قُلْ بِئْسَمَا يَأْمُرُكُمْ بِهٖٓ اِيْمَانُكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۹۳﴾

بِكُفْرِهِمْ	قُلْ	بِئْسَمَا	يَأْمُرُكُمْ	بِهٖٓ	اِيْمَانُكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ
ان کے کفر کے سبب	فرمادو	برا ہے جو	حکم دیتا ہے تمہیں	اس کا	تمہارا ایمان	اگر	ہوتے تم	ایمان والے

دیں کہ یہ باتیں بہت (ہی) بری ہیں جن کا حکم تمہیں تمہارا (نام نہاد) ایمان دے رہا ہے اگر تم سچا ایمان رکھتے ہو۔

قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً

قُلْ	اِنْ	كَانَتْ	لَكُمُ	الدَّارُ	الْاٰخِرَةُ	عِنْدَ	اللّٰهِ	خَالِصَةً
فرمادیں	اگر	ہو	تمہارے لئے	گھر	پچھلا	نزدیک	اللہ کے	خالص

(اے محبوب ﷺ آپ فرما دیں اگر آخرت کا گھر اللہ کے نزدیک صرف تمہارے لئے ہی مخصوص ہے اور

مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۹۴﴾ وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًا

مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ	فَتَمَنَّوُا	الْمَوْتَ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	وَ	لَنْ يَّتَمَنَّوْهُ	اَبَدًا
نہ اوروں کیلئے	تو آرزو کرو	موت کی	اگر	ہو تم	سچے	اور	ہرگز اس کی آرزو نہیں کرینگے	کبھی

لوگوں کیلئے نہیں تو تم ذرا موت کی آرزو تو کرو اگر تم (اپنے قول میں) سچے ہو۔ اور وہ ہرگز کبھی اس کی تمنا نہ کریں

بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۹۵﴾ وَلَتَجِدَنَّهُمْ

بِمَا	قَدَّمَتْ	اَيْدِيْهِمْ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	بِالظّٰلِمِيْنَ	وَلَتَجِدَنَّهُمْ
بسبب اس کے	جو بداعمالیاں کرچکے ہیں	تمہارے ہاتھ	اور اللہ	خوب جانتا ہے	ظالموں کو	اور بیشک تم ضرور انہیں پاؤ گے

گے ان (برے کاموں) کی وجہ سے جو وہ پہلے کر چکے ہیں اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے۔ اور ضرور تم انہیں پاؤ گے

اَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰى حَيٰوةٍ ۚۛ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚۛ يَوَدُّ

معانقة ۲

اَحْرَصَ	النَّاسِ	عَلٰى	حَيٰوةٍ	وَ	مِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا	يَوَدُّ
زیادہ ہوس والے	لوگوں سے	اوپر	زندہ رہنے کے	اور	اور مشرکوں سے	چاہتا ہے

کہ وہ (دنیا کی) زندگی پر سب لوگوں سے زیادہ حرص رکھتے ہیں اور مشرکوں سے (بھی زیادہ حریص ہیں)

اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ ۚ وَ مَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ

اَحَدُهُمْ	لَوْ	يُعَمَّرُ	اَلْفَ	سَنَةٍ ۚ	وَ	مَا	هُوَ	بِمُزَحْزِحِهٖ
ایک ان کے	اگر	زندہ رہیں	ہزار	برس	اور	نہیں	وہ	اسے دور کرے گا

ہر ایک ان (یہود) میں سے چاہتا ہے کہ کاش اسے ہزار برس کی عمر مل جائے اور یہ امر اس کو عذاب سے بچانے والا نہیں

مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿٩٦﴾ ع قُلْ مَنْ

مِنَ الْعَذَابِ	اَنْ	يُّعَمَّرَ	وَ	اللّٰهُ	بَصِيْرٌۢ	بِمَا	يَعْمَلُوْنَ	قُلْ	مَنْ
عذاب سے	اگر	زندہ رہیں	اور	اللہ	دیکھ رہا ہے	ان کے	اعمال	تم فرمادو	جو کوئی

کہ اسے اتنی عمر دے دی جائے اور اللہ ان کے سب کاموں کو خوب دیکھ رہا ہے۔ اے محبوب ﷺ آپ فرما دیں

ع

كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا

كَانَ عَدُوًّا	لِّجِبْرِيْلَ	فَاِنَّهٗ	نَزَّلَهٗ	عَلٰى قَلْبِكَ	بِاِذْنِ اللّٰهِ	مُصَدِّقًا	لِّمَا
دشمن ہو	جبریل کا	تو اس نے	اتارا یہ	آپ کے دل پر	اللہ کے حکم سے	تصدیق فرماتا	اس کی

جو کوئی جبریل کا دشمن ہو تو اس (جبریل) نے آپ کے دل پر اللہ کے حکم سے یہ قرآن نازل کیا اگلی

بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٩٧﴾ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ

بَيْنَ يَدَيْهِ	وَ	هُدًى	وَّبُشْرٰى	لِلْمُؤْمِنِيْنَ	مَنْ كَانَ	عَدُوًّا	لِّلّٰهِ
جو اس کے آگے ہیں	اور	ہدایت	اور بشارت	مسلمانوں کیلئے	جو کوئی ہو	دشمن	اللہ کا

کتابوں کی تصدیق فرماتا اور مسلمانوں کو ہدایت اور بشارت دیتا ۔ جو کوئی دشمن ہو اللہ

وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰلَ فَاِنَّ اللّٰهَ

وَمَلٰٓئِكَتِهٖ	وَرُسُلِهٖ	وَجِبْرِيْلَ	وَمِيْكٰلَ	فَاِنَّ اللّٰهَ
اور اس کے فرشتوں کا	اور اس کے رسولوں کا	اور جبریل کا	اور میکائل کا	تو بیشک اللہ

اور اس کے فرشتوں اور اس کے رسولوں اور جبریل اور میکائیل کا تو اللہ

عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۹۸﴾ وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۚ وَمَا يَكْفُرُ بِهَآ

عَدُوٌّ	لِّلْكٰفِرِيْنَ	وَ	لَقَدْ	اَنْزَلْنَآ	اِلَيْكَ	اٰيٰتٍ	بَيِّنٰتٍ	وَ	مَا	يَكْفُرُ بِهَآ
دشمن ہے	کافروں کا	اور	بیشک	ہم نے اتاری	آپ کی طرف	آیتیں	روشن	اور	نہیں	منکر اس کے

کافروں کا دشمن ہے۔ اور بے شک ہم نے آپ کی طرف روشن آیتیں اتاری ہیں اور ان (نشانیوں) کا سوائے نافرمانوں

اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ ﴿۹۹﴾ اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا نَّبَذَهٗ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ ؕ بَلْ

اِلَّا	الْفٰسِقُوْنَ	اَوَ	كُلَّمَا	عٰهَدُوْا	عَهْدًا	نَّبَذَهٗ	فَرِيْقٌ	مِّنْهُمْ	بَلْ
مگر	فاسق لوگ	کیا	جب بھی وہ	عہد کرتے ہیں	(کوئی) عہد	اسے پھینک دیتا ہے	ایک فریق	ان میں سے	بلکہ

کے کوئی انکار نہیں کرتا۔ اور کیا (ایسا نہیں کہ) جب بھی انہوں نے کوئی عہد کیا تو ان میں سے ایک گروہ نے اسے (توڑ) کر

اَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ

اَكْثَرُهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	وَ	لَمَّا	جَآءَهُمْ	رَسُوْلٌ	مِّنْ عِنْدِ	اللّٰهِ
ان میں بہتیروں کو	ایمان نہیں	اور	جب	تشریف لے آیا انکے پاس	(کوئی) رسول	پاس سے	اللہ کے

پھینک دیا، بلکہ ان میں سے اکثر ایمان ہی نہیں رکھتے۔ اور جب ان کے پاس اللہ کی طرف سے رسول (محمد ﷺ) تشریف

مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيْقٌ مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ ۙ كِتٰبَ

مُصَدِّقٌ	لِّمَا	مَعَهُمْ	نَبَذَ	فَرِيْقٌ	مِّنَ الَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْكِتٰبَ
تصدیق کرتا	اس کی	جو ان کے پاس ہے	پھینک دیتا ہے	ایک گروہ	ان کا جنہیں	دی گئی ہے	کتاب

لائے جو تصدیق فرمانے والے ہیں اس (اصل آسمانی کتاب) کی جو ان کے ساتھ ہے (تو) اہل کتاب کے ایک گروہ نے

اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ كَاَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ ع وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا

كِتٰبَ اللّٰهِ	وَرَآءَ	ظُهُوْرِهِمْ	كَاَنَّهُمْ	لَا	يَعْلَمُوْنَ	وَ	اتَّبَعُوْا	مَا	تَتْلُوا
اللہ کی کتاب	پیچھے	اپنی پیٹھ کے	گویا کہ	نہیں	جانتے	اور	پیرو ہوئے	اسکے جو	پڑھا کرتے تھے

اللہ کی کتاب (تورات) کو اپنی پشتوں کے پیچھے پھینک دیا گویا وہ (کچھ) نہیں جانتے۔ اور وہ اس (کفر یا جادو منتر) کے

الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَ مَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ

الشَّيٰطِيْنُ	عَلٰى مُلْكِ	سُلَيْمٰنَ	وَ	مَا	كَفَرَ	سُلَيْمٰنُ	وَلٰكِنَّ
شیطان	سلطنت میں	سلیمان کے	اور	نہیں	کفر کیا	سلیمان نے	اور لیکن

پیچھے لگ گئے جسے سلیمان ؑ کے عہد سلطنت میں شیطان پڑھا کرتے تھے اور سلیمان ؑ نے (کوئی) کفر نہیں

الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۗ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى

الشَّيٰطِيْنَ	كَفَرُوْا	يُعَلِّمُوْنَ	النَّاسَ	السِّحْرَ	وَمَآ	اُنْزِلَ	عَلَى
شیطانوں نے	کفر کیا	سکھاتے ہیں	لوگوں کو	جادو	اور جو	اترا	اوپر

کیا ہاں شیطانوں ہی نے کفر کیا وہ لوگوں کو (کفریا) جادو (منتر) سکھاتے تھے اور (انہوں نے پیروی کی) اس کی

الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ؕ وَ مَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ

الْمَلَكَيْنِ	بِبَابِلَ	هَارُوْتَ	وَمَارُوْتَ	وَ	مَا	يُعَلِّمٰنِ	مِنْ اَحَدٍ
دو فرشتوں کے	بابل میں	ہاروت	اور ماروت	اور	نہیں	سکھاتے وہ	کسی ایک کو

جو شہر بابل میں دو فرشتوں ہاروت اور ماروت پر اتارا گیا اور وہ کسی کو (کچھ) نہ سکھاتے جب تک یہ نہ کہہ دیتے کہ

حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ؕ فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا

حَتّٰى	يَقُوْلَآ	اِنَّمَا	نَحْنُ	فِتْنَةٌ	فَلَا تَكْفُرْ	فَيَتَعَلَّمُوْنَ	مِنْهُمَا	مَا
جب تک کہ	یہ کہہ نہ لیتے	کہ ہم	ہم ہیں	نری آزمائش	تو تم کفر نہ کرو	تو ان سے سیکھتے	ان دونوں سے	وہ

ہم (تو) صرف آزمائش (کیلئے) ہیں لہٰذا تم (اسے سیکھ کر) کفر نہ کرنا پس لوگ ان سے سیکھ لیتے تھے وہ جس

يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ؕ وَ مَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ

يُفَرِّقُوْنَ	بِهٖ	بَيْنَ	الْمَرْءِ	وَزَوْجِهٖ	وَ	مَا	هُمْ	بِضَآرِّيْنَ	بِهٖ
جو جدائی ڈالیں	اس سے	درمیان	مرد کے	اور اسکی عورت کے	اور	نہیں	وہ	ضرر پہنچانے والا	اسکے

کے ذریعے جدائی ڈالتے تھے مرد اور اس کی بیوی کے درمیان اور وہ اس سے کسی کو کوئی تکلیف نہ پہنچا سکتے تھے

مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ ؕ

مِنْ اَحَدٍ	اِلَّا	بِاِذْنِ	اللّٰهِ	وَيَتَعَلَّمُوْنَ	مَا	يَضُرُّهُمْ	وَلَا يَنْفَعُهُمْ
کسی کو	مگر	حکم سے	اللہ کے	اور سیکھتے ہیں	وہ جو	انہیں نقصان دے	اور انکو اور نفع نہ دے گا

مگر اللہ کے حکم سے اور وہ ان سے وہ چیز سیکھ لیتے جو انہیں نقصان دیتی اور نفع نہ دیتی

وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۗ وَلَبِئْسَ

وَلَقَدْ	عَلِمُوْا	لَمَنِ	اشْتَرٰىهُ	مَا لَهٗ	فِي الْاٰخِرَةِ	مِنْ خَلَاقٍ	وَلَبِئْسَ
اور بیشک	انہیں معلوم ہے	جس نے	لیا وہ سودا	نہیں اس کا	آخرت میں	کوئی حصہ	اور بیشک بری ہے

اور بے شک وہ خوب جانتے تھے کہ جس نے یہ سودا کیا آخرت میں اس کیلئے کوئی حصہ نہیں اور بے شک وہ بری چیز ہے

مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ ؕ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا وَ

مَا	شَرَوْا	بِهٖٓ	اَنْفُسَهُمْ	لَوْ	كَانُوْا	يَعْلَمُوْنَ	وَلَوْ	اَنَّهُمْ	اٰمَنُوْا	وَ
وہ چیز	جو خریدی	اس سے	اپنی جان دے کر	اگر	ہوتے وہ	جاننے والے	اور اگر	وہ	ایمان لاتے	اور

جس کے بدلے انہوں نے اپنی جانیں بیچیں کاش! وہ جانتے۔ اور اگر وہ ایمان لاتے اور

اتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ ؕ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ع ﴿۱۰۳﴾ ۱۲ ع ۱۲

اتَّقَوْا	لَمَثُوْبَةٌ	مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ	خَيْرٌ	لَوْ	كَانُوْا	يَعْلَمُوْنَ
پرہیزگاری کرتے	تو ثواب پاتے	اللہ تعالیٰ کے پاس	بہتر	اگر	ہوتے وہ	جاننے والے

پرہیزگاری کرتے تو اللہ کے ہاں اس کا ثواب بہت اچھا ہے کاش وہ (اس بات) کو جان لیتے۔ اے ایمان والو راعنا نہ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا	تَقُوْلُوْا	رَاعِنَا	وَقُوْلُوا	انْظُرْنَا	وَ	اسْمَعُوْا	وَلِلْكٰفِرِيْنَ
اے ایمان والو	نہ	کہو	راعنا	اور کہو	ہم پر نظر رکھیں	اور	سن لو	اور کافروں کیلئے

کہو اور یوں عرض کرو کہ حضور ہم پر نظر کرم فرمائیں اور (پہلے ہی سے) بغور سنو اور کافروں کیلئے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۰۴﴾ مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ

عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	مَا	يَوَدُّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ
عذاب ہے	دردناک	نہیں	چاہتے	وہ جو	کافر ہوئے	اہل کتاب میں سے

دردناک عذاب ہے۔ نہ وہ لوگ جو اہل کتاب میں سے کافر ہو گئے ہیں

وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ

وَ	لَا	الْمُشْرِكِيْنَ	اَنْ	يُّنَزَّلَ	عَلَيْكُمْ	مِّنْ خَيْرٍ	مِّنْ رَّبِّكُمْ	وَاللّٰهُ
اور	نہ	مشرکین	یہ کہ	اترے	آپ پر	کوئی بھلائی	تمہارے رب کی طرف سے	اور اللہ

اور نہ ہی مشرکین اسے پسند کرتے ہیں کہ تمہارے رب کی طرف سے تم پر کوئی بھلائی اترے اور اللہ

يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۰۵﴾ مَا

يَخْتَصُّ	بِرَحْمَتِهٖ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَ	اللّٰهُ	ذُو الْفَضْلِ	الْعَظِيْمِ	مَا
خاص کرتا ہے	اپنی رحمت سے	جسے	چاہے	اور	اللہ	صاحب فضل	عظیم ہے	جب

جسے چاہتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ خاص کر لیتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ ہم

نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ؕ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ

نَنْسَخْ	مِنْ اٰيَةٍ	اَوْ نُنْسِهَا	نَاْتِ	بِخَيْرٍ مِّنْهَآ	اَوْ مِثْلِهَا	اَلَمْ	تَعْلَمْ	اَنَّ
منسوخ فرمائیں ہم	کوئی آیت	یا بھلادیں	تو لے آئیں گے	بہتر اس سے	یا اس کے مثل	کیا نہیں	جانتے	کہ بیشک

جب کوئی آیت منسوخ کر دیتے ہیں یا اسے فراموش کرا دیتے ہیں اس سے بہتر یا ویسی ہی (کوئی اور آیت) لے آتے ہیں کیا تم نہیں

اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۰۶﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

اللّٰهَ	عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	اَلَمْ	تَعْلَمْ	اَنَّ	اللّٰهَ	لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ
اللہ	اوپر	ہر	چیز کے	قادر ہے	کیا نہیں	جانتے	کہ بیشک	اللہ	کے لئے	بادشاہی ہے	آسمانوں

جانتے کہ اللہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ (اے مخاطب) کیا تجھے معلوم نہیں کہ زمین اور آسمانوں

وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ ﴿۱۰۷﴾ اَمْ

وَالْاَرْضِ	وَ	مَا	لَكُمْ	مِّنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	مِنْ وَّلِیٍّ	وَّ	لَا	نَصِیْرٍ	اَمْ
اور زمین کی	اور	نہیں	تمہارے لئے	سوا	اللہ کے	کوئی حمایتی	اور	نہ	مددگار	کیا

کی بادشاہی اللہ ہی کیلئے ہے؟ اور (اے مسلمانو!) اللہ کے سوا تمہارا کوئی دوست اور مددگار نہیں ہے۔ کیا

تُرِیْدُوْنَ اَنْ تَسْـَٔلُوْا رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُئِلَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ؕ وَمَنْ

تُرِیْدُوْنَ	اَنْ	تَسْـَٔلُوْا	رَسُوْلَكُمْ	كَمَا	سُئِلَ	مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ	وَ	مَنْ
یہ چاہتے ہو	کہ	ویسا سوال کرو	اپنے رسول سے	جیسا	سوال کیا گیا	موسیٰ علیہ السلام سے پہلے	اور	جو

تم (بھی) اپنے رسول ﷺ سے ایسے سوال کرنا چاہتے ہو جیسے پہلے (زمانہ میں) موسیٰ علیہ السلام سے کیے گئے، اور جو

یَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْاِیْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِیْلِ ﴿۱۰۸﴾ وَدَّ كَثِیْرٌ

یَّتَبَدَّلِ	الْكُفْرَ	بِالْاِیْمَانِ	فَقَدْ	ضَلَّ	سَوَآءَ	السَّبِیْلِ	وَدَّ	كَثِیْرٌ
بدلے	کفر کو	ایمان سے	تو تحقیق	بہک گیا	سیدھے	راستہ سے	چاہا	بہت سے

ایمان کے بدلے کفر اختیار کرے تو بیشک وہ سیدھی راہ سے بھٹک گیا۔ اہل کتاب میں

مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ یَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ اِیْمَانِكُمْ كُفَّارًا ۖۚ حَسَدًا

مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ	لَوْ	یَرُدُّوْنَكُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ	اِیْمَانِكُمْ	كُفَّارًا	حَسَدًا
کتابیوں نے	کاش	پھیر دیں تم کو	بعد	ایمان تمہارے کے	کفر کی طرف	حسد سے

سے بہت (لوگوں) نے چاہا کہ کاش تمہیں ایمان کے بعد کفر کی طرف پھیر دیں اپنے دلوں کے حسد

مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَیَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ۚ فَاعْفُوْا

مِّنْ عِنْدِ	اَنْفُسِهِمْ	مِّنْۢ بَعْدِ مَا	تَبَیَّنَ	لَهُمُ	الْحَقُّ	فَاعْفُوْا
نزدیک	اپنی جانوں کے	بعد اس کے کہ	ظاہر ہوا	ان پر	حق	تو تم چھوڑ دو

سے بعد اس کے کہ حق ان پر خوب ظاہر ہو چکا تو تم چھوڑ دو

وَاصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۰۹﴾

وَاصْفَحُوْا	حَتّٰى	يَاْتِيَ	اللّٰهُ	بِاَمْرِهٖ	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ	قَدِيْرٌ
اور درگزر کرو	یہاں تک کہ	لائے	اللہ	اپنا کوئی حکم	بے شک	اللہ	اوپر	ہر	چیز کے	قادر ہے

اور درگذر کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم لائے بے شک اللہ ہر اپنی چاہت پر قادر ہے۔

وَ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ ؕ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ

وَ	اَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَ	اٰتُوا	الزَّكٰوةَ	وَمَا	تُقَدِّمُوْا	لِاَنْفُسِكُمْ	مِّنْ
اور	قائم رکھو	نماز	اور	دو	زکوٰۃ	اور جو (کچھ)	آگے بھیجو گے	اپنی جانوں کیلئے	کوئی

اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دو اور اپنی جانوں کیلئے جو بھلائی آگے بھیجو گے اسے

خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۰﴾ وَقَالُوْا

خَيْرٍ	تَجِدُوْهُ	عِنْدَ اللّٰهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	وَ	قَالُوْا
بھلائی	پاؤ گے اسے	اللہ کے یہاں	بیشک	اللہ	اسے جو	تم کرتے ہو	دیکھ رہا ہے	اور	بولے اہل کتاب

اللہ کے ہاں پاؤ گے بیشک اللہ جو کچھ تم کرتے ہو اسے دیکھ رہا ہے۔ اور (اہل کتاب)

لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ؕ تِلْكَ اَمَانِيُّهُمْ ؕ

لَنْ يَّدْخُلَ	الْجَنَّةَ	اِلَّا	مَنْ	كَانَ	هُوْدًا	اَوْ	نَصٰرٰى	تِلْكَ	اَمَانِيُّهُمْ
ہرگز داخل نہ ہوں گے	جنت (میں)	مگر	جو	ہو	یہودی	یا	نصرانی	یہ	انکی خیال بندیاں ہیں

کہتے ہیں کہ جنت میں ہرگز کوئی بھی داخل نہیں ہوگا سوائے اس کے کہ وہ یہودی ہو یا نصرانی یہ ان کی (باطل) امیدیں ہیں

قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۱﴾ بَلٰى ۚ مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ

قُلْ	هَاتُوْا	بُرْهَانَكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	بَلٰى	مَنْ	اَسْلَمَ	وَجْهَهٗ
فرمادو	لاؤ	اپنی دلیل	اگر	ہو تم	سچے	ہاں	جس نے	جھکایا	اپنا منہ

آپ فرمادیں کہ اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو تو اپنی (اس خواہش پر) دلیل لاؤ۔ ہاں جس نے اپنا چہرہ اللہ کیلئے جھکا

لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهٗۤ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ص وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

لِلّٰهِ	وَهُوَ	مُحْسِنٌ	فَلَهٗ	اَجْرُهٗ	عِنْدَ رَبِّهٖ	وَلَا خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ
اللہ کے لئے	اور وہ	نیکوکار ہے	تو اس کا	بدلہ	اس کے رب کے پاس ہے	اور نہ اندیشہ	انہیں

دیا (یعنی خود کو اللہ کے سپرد کر دیا) اور وہ احسان کرنے والا بھی ہو تو اس کیلئے اس کا اجر اس کے رب کے ہاں ہے اور ایسے لوگوں

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿١١٢﴾ ع وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى عَلٰى شَیْءٍ ص ١٣ ع ٩ ١٣

وَ	لَا	هُمْ	يَحْزَنُوْنَ	وَقَالَتِ	الْيَهُوْدُ	لَيْسَتِ	النَّصٰرٰى	عَلٰى	شَیْءٍ
اور	نہ	وہ	غمگین ہوں	اور بولے	یہودی	نہیں ہیں	نصرانی	اوپر	کسی چیز کے

پر نہ کوئی خوف ہو گا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اور یہود نے کہا نصاریٰ کسی شے پر نہیں

وَّ قَالَتِ النَّصٰرٰى لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى شَیْءٍ لا وَّهُمْ يَتْلُوْنَ

وَّ	قَالَتِ	النَّصٰرٰى	لَيْسَتِ	الْيَهُوْدُ	عَلٰى	شَیْءٍ	وَّهُمْ	يَتْلُوْنَ
اور	بولے	نصاریٰ	نہیں ہیں	یہود	اوپر	کسی چیز کے	اور وہ	پڑھتے ہیں

اور نصاریٰ بولے یہود کسی شے پر نہیں حالانکہ وہ (آسمانی) کتاب پڑھتے ہیں،

الْكِتٰبَ ط كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ ج فَاللّٰهُ

الْكِتٰبَ	كَذٰلِكَ	قَالَ	الَّذِيْنَ	لَا يَعْلَمُوْنَ	مِثْلَ	قَوْلِهِمْ	فَاللّٰهُ
کتاب	اسی طرح	بولے	وہ جو	نہیں جانتے	مثل	ان کے قول کے	تو اللہ

اسی طرح جاہلوں نے (بھی) انہی کی سی بات کہی تو اللہ قیامت کے

يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿١١٣﴾ وَمَنْ

يَحْكُمُ	بَيْنَهُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	فِيْمَا	كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ	وَ	مَنْ
فیصلہ کرے گا	ان میں	قیامت کے دن	جس بات میں	جھگڑ رہے ہیں اس میں	اور	کون ہے

دن ان کے درمیان فیصلہ فرمائے گا جس بات میں وہ اختلاف کرتے تھے۔ اور اس سے

اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ وَسَعٰى

اَظْلَمُ	مِمَّنْ	مَّنَعَ	مَسٰجِدَ اللّٰهِ	اَنْ	يُّذْكَرَ	فِيْهَا	اسْمُهٗ	وَسَعٰى
ظالم ترین	اس سے جو	روکے	اللہ کی مسجدوں سے	یہ کہ	ذکر کیا جائے	اس میں	نام اس کا	اور کوشش کرے

بڑا ظالم کون ہے جس نے اللہ کی مسجدوں میں اللہ کا نام ذکر کیے جانے سے روکا اور ان

فِىْ خَرَابِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِيْنَ ؕ

فِىْ خَرَابِهَا	اُولٰٓئِكَ	مَا	كَانَ	لَهُمْ	اَنْ	يَّدْخُلُوْهَآ	اِلَّا	خَآئِفِيْنَ
اس کی ویرانی میں	یہ وہ ہیں	نہیں	ہے	ان کو حق	یہ کہ	داخل ہوں اس میں	مگر	ڈرتے ہوئے

کی ویرانی میں کوشش کی ایسے لوگ اس لائق نہیں کہ وہ مسجد میں جائیں مگر ڈرتے ہوئے

لَهُمْ فِى الدُّنْيَا خِزْىٌ وَّلَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۱۴﴾

لَهُمْ	فِى الدُّنْيَا	خِزْىٌ	وَّلَهُمْ	فِى الْاٰخِرَةِ	عَذَابٌ	عَظِيْمٌ
ان کیلئے	دنیا میں	رسوائی ہے	اور ان کیلئے	آخرت میں	عذاب ہے	بڑا

ان کیلئے دنیا میں ذلت اور ان کیلئے آخرت میں بڑا عذاب ہے۔

وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۗ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ

وَلِلّٰهِ	الْمَشْرِقُ	وَالْمَغْرِبُ	فَاَيْنَمَا	تُوَلُّوْا	فَثَمَّ	وَجْهُ	اللّٰهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	وَاسِعٌ
اور اللہ کیلئے ہے	پورب	اور پچھم	تو جدھر	پھیرو منہ اپنا	ادھر ہی	سامنے	اللہ ہے	بیشک	اللہ	وسعت والا

اور مشرق سے مغرب تک سب اللہ ہی کا ہے تو تم جدھر منہ کرو ادھر اللہ کی رحمت تمہاری طرف متوجہ ہے بے شک اللہ وسعت

عَلِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ لَّهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ

عَلِيْمٌ	وَقَالُوا	اتَّخَذَ	اللّٰهُ	وَلَدًا	سُبْحٰنَهٗ	بَلْ	لَّهٗ	مَا	فِى	السَّمٰوٰتِ
علم والا ہے	اور بولے	پکڑا	اللہ نے	بیٹا	پاکی ہے اسے	بلکہ	اسی کے لئے	جو کچھ	میں	آسمانوں کے ہے

والا علم والا ہے۔ اور بولے خدا نے اپنے لئے اولاد رکھی ہے اللہ اس سے پاک ہے بلکہ اسی کی ملکیت ہے جو کچھ آسمانوں

بِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ ع يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ ۱۴ ع ۹ ۱۴

بِهٖ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْخٰسِرُوْنَ	يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اذْكُرُوْا	نِعْمَتِيَ
اس سے	تو وہی ہیں	وہ	زیاں کار	اے اولادِ یعقوب	یاد کرو	میرا احسان

تو وہی نقصان اٹھانے والے ہیں۔ اے اولادِ یعقوب یاد کرو میرا احسان

الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَاتَّقُوْا

الَّتِيْٓ	اَنْعَمْتُ	عَلَيْكُمْ	وَ	اَنِّيْ	فَضَّلْتُكُمْ	عَلَى	الْعٰلَمِيْنَ	وَاتَّقُوْا
وہ جو	میں نے کیا	تم پر	اور	جو میں نے	بڑائی دی تمہیں	اوپر	اس زمانہ کے	اور ڈرو

جو میں نے تم پر کیا اور وہ جو میں نے اس زمانہ کے سب لوگوں پر تمہیں بڑائی دی۔ اور اس دن سے ڈرو

يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْـًٔا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ

يَوْمًا	لَّا	تَجْزِيْ	نَفْسٌ	عَنْ نَّفْسٍ	شَيْـًٔا	وَّ	لَا	يُقْبَلُ	مِنْهَا	عَدْلٌ
اس دن سے کہ	نہ ہو	بدلہ	کوئی جان	کسی جان سے	کچھ	اور	نہ	قبول ہوگا	اس سے	کوئی بدلہ

جب کوئی جان کسی دوسری جان کی جگہ کوئی بدلہ نہ دے سکے گی اور نہ اس کی طرف سے (اپنے آپ کو چھڑانے کیلئے) کوئی معاوضہ قبول کیا جائے گا اور نہ اس کو

وَّلَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ

وَّلَا	تَنْفَعُهَا	شَفَاعَةٌ	وَّلَا	هُمْ	يُنْصَرُوْنَ	وَاِذِ ابْتَلٰٓى	اِبْرٰهٖمَ	رَبُّهٗ
اور نہ	نفع دے گی اسے	سفارش	اور نہ	وہ	مدد کیے جائیں	اور یاد کرو جب آزمایا	ابراہیم کو	اس کے رب نے

(اذنِ الٰہی کے بغیر) کوئی سفارش ہی فائدہ پہنچا سکے گی اور نہ (امرِ الٰہی کے خلاف) انہیں کوئی مدد دی جا سکے گی۔ اور (وہ وقت یاد کرو) جب ابراہیم

بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّيْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ

بِكَلِمٰتٍ	فَاَتَمَّهُنَّ ؕ	قَالَ	اِنِّيْ	جَاعِلُكَ	لِلنَّاسِ	اِمَامًا ؕ	قَالَ
کچھ باتوں سے	تو اس نے وہ پوری کیں	فرمایا	میں	بنانے والا ہوں تجھے	لوگوں کا	پیشوا	عرض کی

علیہ السلام کو ان کے رب نے کئی باتوں میں آزمایا تو وہ آزمائش میں پورے اترے (اس پر) اللہ نے فرمایا میں تمہیں لوگوں کا پیشوا بناؤں گا انہوں نے

وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ؕ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۲۴﴾ وَ اِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ

وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ؕ	قَالَ	لَا	يَنَالُ	عَهْدِي	الظّٰلِمِيْنَ	وَ	اِذْ	جَعَلْنَا	الْبَيْتَ
اور میری اولاد سے	فرمایا	نہیں	پہنچتا	میرا عہد	ظالموں کو	اور	جب	بنایا	اس گھر کو

عرض کیا (کیا) میری اولاد میں سے بھی؟ ارشاد ہوا (ہاں مگر) میرا وعدہ ظالموں کیلئے نہیں ہے۔ اور (یاد کرو) جب ہم نے کعبہ کو لوگوں کیلئے

مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَ اَمْنًا ؕ وَ اتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى ؕ

مَثَابَةً	لِّلنَّاسِ	وَ	اَمْنًا	وَ	اتَّخِذُوْا	مِنْ مَّقَامِ	اِبْرٰهٖمَ	مُصَلًّى
مرکز	لوگوں کے لئے	اور	امان	اور	بناؤ	مقام	ابراہیم کو	نماز کی جگہ

مرکز اور (مقام) امن بنایا اور (حکم دیا کہ) مقام ابراہیم کو نماز پڑھنے کی جگہ بنا لو

وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَ اِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ

وَعَهِدْنَآ	اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ	وَ	اِسْمٰعِيْلَ	اَنْ	طَهِّرَا	بَيْتِيَ	لِلطَّآئِفِيْنَ
اور ہم نے تاکید فرمائی	ابراہیم کو	اور	اسماعیل کو	یہ کہ	ستھرا کرو	میرا گھر	طواف کرنیوالوں کیلئے

اور ہم نے تاکید فرمائی ابراہیم علیہ السلام اور اسماعیل علیہ السلام کو کہ پاک رکھو میرے گھر کو طواف کرنے والوں

وَالْعٰكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿۱۲۵﴾ وَ اِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا

وَالْعٰكِفِيْنَ	وَالرُّكَّعِ	السُّجُوْدِ	وَ اِذْ	قَالَ	اِبْرٰهٖمُ	رَبِّ	اجْعَلْ	هٰذَا
اعتکاف کرنیوالوں کیلئے	اور رکوع کرنیوالوں کیلئے	سجدہ کرنیوالوں کیلئے	اور جب	عرض کی	ابراہیم نے	اے رب	بنا دے	اس

اور اعتکاف کرنے والوں اور رکوع سجود کرنے والوں کیلئے۔ اور (یاد کرو) جب ابراہیم علیہ السلام نے کہا اے میرے رب! اس شہر کو امن

بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ

بَلَدًا	اٰمِنًا	وَّارْزُقْ	اَهْلَهٗ	مِنَ الثَّمَرٰتِ	مَنْ	اٰمَنَ	مِنْهُمْ	بِاللّٰهِ
کو	امن والا	اور روزی دے	اس کے رہنے والوں کو	پھلوں سے	جو	ایمان لائے	ان میں سے	اللہ پر

لا بنادے اور اس کے رہنے والوں کو پھلوں سے رزق عطا فرما اسے جو ان میں سے ایمان لائے اللہ پر اور قیامت کے دن پر فرمایا اور جس نے

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ قَالَ وَمَنْ كَفَرَ فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيْلًا ثُمَّ اَضْطَرُّهٗٓ اِلٰى عَذَابِ

وَالْيَوْمِ	الْاٰخِرِ	قَالَ	وَمَنْ	كَفَرَ	فَاُمَتِّعُهٗ	قَلِيْلًا	ثُمَّ	اَضْطَرُّهٗٓ	اِلٰى	عَذَابِ
اور دن	پچھلے پر	فرمایا	اور جو	کافر ہوا	تو اسے برتنے کو دوں گا	تھوڑا دوں گا	پھر	مجبور کروں گا	طرف	عذاب

کفر کیا تو میں اسے (بھی) تھوڑا سا فائدہ پہنچاؤں گا پھر (اس کی موت کے بعد) میں اسے دوزخ کے عذاب کی طرف (جانے پر) مجبور کردوں

النَّارِ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۲۶﴾ وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ

النَّارِ	وَبِئْسَ	الْمَصِيْرُ	وَ	اِذْ	يَرْفَعُ	اِبْرٰهٖمُ	الْقَوَاعِدَ	مِنَ الْبَيْتِ
دوزخ کے	اور بری ہے	پلٹنے کی جگہ	اور	جب	اٹھاتے تھے	ابراہیم	بنیادیں	اس گھر کی

گا اور (وہ) بہت بُرا ٹھکانا ہے۔ اور (یاد کرو) جب ابراہیم علیہ السلام اور اسمٰعیل علیہ السلام خانہ کعبہ کی بنیادیں اٹھارہے تھے

وَ اِسْمٰعِيْلُ ؕ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ

وَ	اِسْمٰعِيْلُ	رَبَّنَا	تَقَبَّلْ	مِنَّا	اِنَّكَ	اَنْتَ	السَّمِيْعُ
اور	اسماعیل	اے رب ہمارے	قبول فرما	ہم سے	بے شک	تو ہی	سننے والا

یہ کہتے ہوئے کہ اے ہمارے رب ہم سے یہ خدمت قبول فرمالے بے شک تو ہی خوب سننے والا خوب

الْعَلِيْمُ ﴿۱۲۷﴾ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً

الْعَلِيْمُ	رَبَّنَا	وَ	اجْعَلْنَا	مُسْلِمَيْنِ	لَكَ	وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ	اُمَّةً
جاننے والا ہے	اے ہمارے رب	اور	کر ہمیں	جھکنے والا	اپنے لئے	اور ہماری اولاد سے	ایک امت

جاننے والا ہے۔ اے ہمارے رب ہمیں اپنا اطاعت گزار بنا دے اور ہماری اولاد میں سے ایک اُمت کو

مُّسْلِمَةً لَّكَ ۪ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ

مُّسْلِمَةً	لَّكَ	وَ	اَرِنَا	مَنَاسِكَنَا	وَ	تُبْ	عَلَيْنَا	اِنَّكَ	اَنْتَ
جھکنے والی	تیرے لئے	اور	بتا ہم کو	قاعدے	اور	رجوع کر	ہم پر	بے شک تو	تو ہی

خاص فرمانبردار بنا اور ہمیں ہماری عبادت کے قاعدے بتا اور ہم پر اپنی رحمت کے ساتھ رجوع فرما بے شک تو ہی بہت

التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۲۸﴾ رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا

التَّوَّابُ	الرَّحِيْمُ	رَبَّنَا	وَابْعَثْ	فِيْهِمْ	رَسُوْلًا	مِّنْهُمْ	يَتْلُوْا
توبہ قبول فرمانے والا	بہت رحم کرنیوالا ہے	اے ہمارے رب	اور بھیج	ان میں	ایک رسول	ان میں سے	تلاوت فرمائے

توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔ اے ہمارے رب! ان لوگوں میں انہی میں سے رسول مبعوث فرما جو ان

عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ

عَلَيْهِمْ	اٰيٰتِكَ	وَ	يُعَلِّمُهُمُ	الْكِتٰبَ	وَ	الْحِكْمَةَ	وَيُزَكِّيْهِمْ	اِنَّكَ	اَنْتَ
ان پر	تیری آیتیں	اور	سکھائے انہیں	کتاب	اور	حکمت	اور ستھرا کرے انہیں	بیشک تو	تو ہی

پر تیری آیتیں تلاوت فرمائے اور انہیں کتاب اور حکمت کی تعلیم دے اور ان کو خوب پاک صاف کر دے بے شک تو ہی

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۲۹﴾ ع وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ

۱۵ ع ۱۵

الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	وَ	مَنْ	يَّرْغَبُ	عَنْ مِّلَّةِ	اِبْرٰهٖمَ	اِلَّا	مَنْ	سَفِهَ
غالب	حکمت والا ہے	اور	جو	منہ پھیرے	دین سے	ابراہیم کے	مگر	وہ	احمق

غالب حکمت والا ہے۔ اور کون ہے جو ابراہیم علیہ السلام کے دین سے منہ پھیرے گا سوائے اس کے جس نے

نَفْسَهٗ ؕ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا ۚ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ

نَفْسَهٗ	وَلَقَدِ	اصْطَفَيْنٰهُ	فِي الدُّنْيَا	وَ	اِنَّهٗ	فِي الْاٰخِرَةِ
اپنے دل کا	اور بیشک	ہم نے چن لیا اسے	دنیا میں	اور	بیشک وہ	آخرت میں ہے

خود کو احمق بنا لیا اور بے شک ہم نے انہیں ضرور دنیا میں (بھی) منتخب فرما لیا تھا اور یقیناً وہ آخرت میں (بھی)

لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗٓ اَسْلِمْ ۙ قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ

لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ	اِذْ	قَالَ	لَهٗ	رَبُّهٗٓ	اَسْلِمْ	قَالَ	اَسْلَمْتُ	لِرَبِّ
قرب کی قابلیت والوں میں ہے	جبکہ	فرمایا	اس سے	اس کے رب نے	گردن رکھ	کہا	گردن جھکائی میں نے	واسطے رب

بلند رتبہ صالحین میں ہوں گے۔ اور (یاد کیجئے) جب ان کے رب نے ان سے فرمایا اے ابراہیم علیہ السلام! میرے فرمانبردار ہو جاؤ ابراہیم علیہ السلام نے عرض کی میں

الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٣١﴾ وَوَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ ؕ يٰبَنِيَّ اِنَّ اللّٰهَ

الْعٰلَمِيْنَ	وَوَصّٰى	بِهَآ	اِبْرٰهٖمُ	بَنِيْهِ	وَيَعْقُوْبُ	يٰبَنِيَّ	اِنَّ	اللّٰهَ
جہانوں کے	اور وصیت کی	اس دین کی	ابراہیم نے	اپنے بیٹوں کو	اور یعقوب نے	اے میرے بیٹو	بیشک	اللہ نے

جہانوں کے پالنے والے کا فرمانبردار ہو گیا۔ اور (اسی دین) وصیت کی ابراہیم علیہ السلام نے اپنے بیٹوں کو اور یعقوب علیہ السلام نے (بھی) کہ اے میرے بیٹو! بے

اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿١٣٢﴾ ؕ اَمْ كُنْتُمْ

اصْطَفٰى	لَكُمُ	الدِّيْنَ	فَلَا	تَمُوْتُنَّ	اِلَّا	وَاَنْتُمْ	مُّسْلِمُوْنَ	اَمْ	كُنْتُمْ
چنا	تمہارے لئے	دین	تو نہ	مرنا	مگر	یہ کہ تم	مسلمان ہو	کیا	تم تھے

شک اللہ نے یہ دین تمہارے لئے چن لیا پس تم ہرگز نہ مرنا مگر اس حال میں کہ تم مسلمان ہو۔ کیا تم اس

شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ ۙ اِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ

شُهَدَآءَ	اِذْ	حَضَرَ	يَعْقُوْبَ	الْمَوْتُ	اِذْ	قَالَ	لِبَنِيْهِ	مَا تَعْبُدُوْنَ
موجود	جب	آئی	یعقوب کو	موت	جب	کہا	اپنے بیٹوں کو	کیا عبادت کروگے

وقت موجود تھے جب یعقوب علیہ السلام کو موت آئی؟ جب اس نے اپنے بیٹوں سے فرمایا میرے بعد تم کس کی

مِنْۢ بَعْدِيْ ؕ قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ

مِنْۢ بَعْدِيْ	قَالُوْا	نَعْبُدُ	اِلٰهَكَ	وَاِلٰهَ	اٰبَآئِكَ	اِبْرٰهٖمَ	وَاِسْمٰعِيْلَ
میرے بعد	بولے	عبادت کریں گے ہم	تیرے رب کی	اور اس رب کی	جو تمہارے آباء کا ہے	ابراہیم	اور اسماعیل

عبادت کرو گے انہوں نے کہا ہم آپ کے معبود اور آپ کے آباء ابراہیم علیہ السلام و اسمٰعیل علیہ السلام

وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿١٣٣﴾ تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ

وَاِسْحٰقَ	اِلٰهًا	وَّاحِدًا	وَّ	نَحْنُ	لَهٗ	مُسْلِمُوْنَ	تِلْكَ	اُمَّةٌ	قَدْ
اور اسحاق کا	خدا	ایک	اور	ہم	اس کے لئے	گردن جھکانے والے ہیں	یہ	امت ہے	بیشک

و اسحٰق علیہ السلام کے معبود کی عبادت کریں گے جو ایک معبود ہے اور ہم اسی کے فرمانبردار ہیں۔ وہ ایک امت ہے کہ گزر چکی

خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا

خَلَتْ	لَهَا	مَا	كَسَبَتْ	وَلَكُمْ	مَّا	كَسَبْتُمْ	وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ	عَمَّا	كَانُوْا
گزر گئی	اس کے لئے	وہ ہے جو	اس نے کمایا	اور تمہارے لئے	وہ ہے جو	تم کماؤ	اور نہ پرسش ہوگی تم سے	ان کاموں کی	کرتے تھے

ان کیلئے ہے جو انہوں نے کمایا اور تمہارے لئے ہے جو تم کماؤ اور تم سے یہ نہیں پوچھا جائے گا کہ وہ

يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۴﴾ وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا ؕ قُلْ بَلْ مِلَّةَ

يَعْمَلُوْنَ	وَقَالُوْا	كُوْنُوْا	هُوْدًا	اَوْ نَصٰرٰى	تَهْتَدُوْا	قُلْ	بَلْ	مِلَّةَ
عمل کرتے	اور بولے	ہو جاؤ	یہودی	یا نصرانی	راہ پا جاؤ گے	فرما دو	بلکہ	دین

کیا کرتے تھے۔ اور (اہل کتاب) کہتے ہیں یہودی یا نصرانی ہو جاؤ ہدایت پا جاؤ گے آپ ﷺ فرما دیں کہ (نہیں) بلکہ ہم تو ابراہیم علیہ السلام

اِبْرٰهٖمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۳۵﴾ قُوْلُوْۤا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ

اِبْرٰهٖمَ	حَنِيْفًا	وَمَا	كَانَ	مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ	قُوْلُوْۤا	اٰمَنَّا	بِاللّٰهِ
ابراہیم کا	سیدھا ہے	اور نہیں	تھے وہ	مشرکوں سے	یوں کہو	ایمان لائے ہم	اللہ پر

کا دین اختیار کئے ہوئے ہیں جو ہر باطل سے جدا صرف اللہ کی طرف متوجہ تھے اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھے۔ (اے مسلمانو!) تم کہہ دو ہم اللہ پر

وَمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَاۤ اُنْزِلَ اِلٰۤى اِبْرٰهٖمَ وَ اِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ

وَ	مَاۤ اُنْزِلَ	اِلَيْنَا	وَمَاۤ	اُنْزِلَ	اِلٰۤى اِبْرٰهٖمَ	وَ	اِسْمٰعِيْلَ	وَاِسْحٰقَ
اور	جو اتارا گیا	ہم پر	اور وہ جو	اترا	ابراہیم پر	اور	اسماعیل	اور اسحاق پر

ایمان لائے اور اس (کتاب) پر جو ہماری طرف اتاری گئی اور اس پر (بھی) جو ابراہیم علیہ السلام اور اسماعیل علیہ السلام اور اسحٰق علیہ السلام

وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَاۤ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمَاۤ اُوْتِيَ النَّبِيُّوْنَ

وَ	يَعْقُوْبَ	وَالْاَسْبَاطِ	وَمَاۤ اُوْتِيَ	مُوْسٰى	وَعِيْسٰى	وَ	مَاۤ اُوْتِيَ	النَّبِيُّوْنَ
اور	یعقوب پر	اور ان کی اولاد پر	اور جو عطا کیا گیا	موسیٰ کو	اور عیسیٰ کو	اور	جو عطا کیا گیا	نبیوں کو

اور یعقوب علیہ السلام اور ان کی اولاد کی طرف اتاری گئی اور ان (کتابوں) پر بھی جو موسیٰ علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام کو عطا کی گئیں اور (اسی طرح) جو دوسرے انبیاء کو

مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۖ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۶﴾

مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ	لَا نُفَرِّقُ	بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۖ	وَنَحْنُ	لَهٗ	مُسْلِمُوْنَ
ان کے رب کی طرف سے	ہم نہیں فرق کرتے	ان میں سے کسی ایک کے درمیان	اور ہم	اسی کے لئے	جھکنے والے ہیں

ان کے رب کی طرف سے عطا کی گئیں، ہم ان میں سے کسی ایک (پر بھی ایمان) میں فرق نہیں کرتے اور ہم اسی (معبود واحد) کے فرمانبردار ہیں۔

فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا

فَاِنْ اٰمَنُوْا	بِمِثْلِ	مَآ اٰمَنْتُمْ	بِهٖ	فَقَدِ	اهْتَدَوْا ۚ	وَاِنْ	تَوَلَّوْا	فَاِنَّمَا
تو اگر وہ ایمان لے آئیں	جیسے	تم ایمان لائے	اس کے ساتھ	تو بیشک	وہ ہدایت پا گئے	اور اگر	منہ پھیریں	تو اسکے سوا نہیں کہ

پھر اگر وہ اسی طرح ایمان لے آئیں جس طرح تم اس پر ایمان لائے ہو تو یقیناً ہدایت پا گئے اور اگر وہ اس سے منہ پھیریں

هُمْ فِيْ شِقَاقٍ ۚ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۳۷﴾ ۭ صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ

هُمْ فِيْ شِقَاقٍ ۚ	فَسَيَكْفِيْكَهُمُ	اللّٰهُ ۚ	وَهُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ
وہ میری ضد میں ہیں	تو کافی ہوگا تمہیں	اللہ	اور وہ	سننے والا	جاننے والا ہے	رنگ اللہ کا

تو یقیناً اب وہ ضد پر ہیں پھر ان کے مقابلے میں اللہ تم کو کافی ہے اور وہ خوب سننے والا جاننے والا ہے (کہو ہم نے لیا) رنگ

وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۡ وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ قُلْ

وَمَنْ	اَحْسَنُ	مِنَ اللّٰهِ	صِبْغَةً	وَّنَحْنُ لَهٗ	عٰبِدُوْنَ	قُلْ
اور کس کا	اچھا ہے	اللہ سے	رنگ	اور ہم اس کی	عبادت کرتے ہیں	فرمادو

اللہ کا (اس کا دین) اور اللہ کے رنگ سے کس کا رنگ بہتر ہے اور ہم اسی کی عبادت کرتے ہیں۔ آپ فرما دیں

اَتُحَآجُّوْنَنَا فِي اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۚ وَلَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۚ

اَتُحَآجُّوْنَنَا	فِي اللّٰهِ	وَهُوَ	رَبُّنَا	وَرَبُّكُمْ	وَلَنَآ	اَعْمَالُنَا	وَلَكُمْ	اَعْمَالُكُمْ
کیا تم ہم سے جھگڑتے ہو	اللہ کے بارے میں	اور وہ	ہمارا رب ہے	اور تمہارا رب ہے	اور ہمارے لئے	ہمارے عمل ہیں	اور تمہارے لئے	تمہارے اعمال

کیا اللہ کے بارے میں ہم سے جھگڑتے ہو حالانکہ وہ ہمارا بھی مالک ہے اور تمہارا بھی اور ہمارے لئے ہمارے اعمال ہیں اور تمہارے لئے تمہارے اعمال

وَنَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ﴿۱۳۹﴾ ۙ اَمْ تَقُوْلُوْنَ اِنَّ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ

وَنَحْنُ لَهٗ	مُخْلِصُوْنَ	اَمْ تَقُوْلُوْنَ	اِنَّ اِبْرٰهٖمَ	وَاِسْمٰعِيْلَ
اور ہم اسی کیلئے	خالص ہیں	کیا کہتے ہو	کہ ابراہیم	اور اسماعیل

ہیں اور ہم اسی کیلئے خالص ہونے والے ہیں۔ کیا تم یوں کہتے ہو کہ ابراہیم علیہ السلام و اسمٰعیل علیہ السلام

وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطَ كَانُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ۗ قُلْ ءَاَنْتُمْ

وَاِسْحٰقَ	وَيَعْقُوْبَ	وَالْاَسْبَاطَ	كَانُوْا هُوْدًا	اَوْ نَصٰرٰى	قُلْ	ءَاَنْتُمْ
اور اسحاق	اور یعقوب	اور ان کے بیٹے	یہودی تھے	یا نصرانی	فرمادو	کیا تم

و اسحٰق علیہ السلام و یعقوب علیہ السلام اور ان کے بیٹے یہودی یا نصرانی تھے ؟ آپ فرما دیجئے تمہیں علم زیادہ ہے یا اللہ کو؟

اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ ۗ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ ۗ وَمَا

اَعْلَمُ	اَمِ اللّٰهُ	وَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنْ	كَتَمَ	شَهَادَةً	عِنْدَهٗ	مِنَ اللّٰهِ	وَمَا
زیادہ جانتے ہو	یا اللہ	اور کون ہے	ظالم ترین	اس سے جو	چھپائے	گواہی	جو اس کے پاس ہے	اللہ کی طرف سے	اور نہیں

اور اس سے بڑا ظالم کون ہوگا جو اس گواہی کو چھپائے جو اللہ کی طرف سے اس کے پاس ہے ؟

اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۰﴾ تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا

اللّٰهُ	بِغَافِلٍ	عَمَّا	تَعْمَلُوْنَ	تِلْكَ اُمَّةٌ	قَدْ خَلَتْ	لَهَا مَا
اللہ	بے خبر	اس سے	جو تم کرتے ہو	وہ ایک گروہ ہے کہ	بیشک گزر گیا	ان کیلئے وہ ہے جو

اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے غافل نہیں ہے۔ وہ ایک امت تھی جو گزر چکی جو اس نے کمایا وہ اس کیلئے تھا

كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۱﴾ ع

كَسَبَتْ	وَلَكُمْ مَّا	كَسَبْتُمْ	وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ	عَمَّا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ
انہوں نے کمایا	اور تمہارے لیے ہے وہ جو	تم نے کمایا	اور تم سے پرسش نہیں ہوگی	اس کی جو کہ	وہ عمل کرتے تھے

اور جو تم کماؤ گے وہ تمہارے لئے ہو گا اور تم سے ان کے اعمال کے بارے میں نہیں پوچھا جائے گا۔

سَیَقُوْلُ السُّفَهَآءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلّٰىهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِیْ كَانُوْا عَلَیْهَا

سَیَقُوْلُ	السُّفَهَآءُ	مِنَ النَّاسِ	مَا	وَلّٰىهُمْ	عَنْ قِبْلَتِهِمُ	الَّتِیْ كَانُوْا عَلَیْهَا
اب کہیں گے	بے وقوف	لوگ	کس نے	پھیر دیا مسلمانوں کو	ان کے قبلہ سے	جس پر تھے

عنقریب لوگوں میں سے بے وقوف لوگ کہیں گے کہ ان کو کس چیز نے اس قبلے سے پھیر دیا جس پر

قُلْ لِّلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَ الْمَغْرِبُ ؕ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ

قُلْ	لِّلّٰهِ	الْمَشْرِقُ	وَ	الْمَغْرِبُ	یَهْدِیْ	مَنْ	یَّشَآءُ
فرمادو	اللہ کیلئے ہے	پورب	اور	پچھم	چلاتا ہے	جس کو	چاہتا ہے

تھے؟ آپ فرمادیں: مشرق اور مغرب اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں وہ جسکو چاہتا ہے

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۱۴۲﴾ وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا

اِلٰى	صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ	وَ	كَذٰلِكَ	جَعَلْنٰكُمْ	اُمَّةً	وَّسَطًا	لِّتَكُوْنُوْا
اِن	سیدھی راہ چلاتا ہے	اور	ایسے ہی	کیا ہم نے تم کو	امت	درمیانی	تا کہ ہو تم

سیدھا راستہ دکھاتا ہے۔ اور اے مسلمانو! اسی طرح ہم نے تمہیں درمیانی امت

شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَ یَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَیْكُمْ شَهِیْدًا ؕ وَ مَا

شُهَدَآءَ	عَلَى	النَّاسِ	وَ	یَكُوْنَ	الرَّسُوْلُ	عَلَیْكُمْ	شَهِیْدًا	وَ	مَا
گواہ	اوپر	لوگوں کے	اور	ہو	رسول	تمہارے اوپر	گواہ	اور	نہیں

بنایا تاکہ تم لوگوں پر گواہ ہو جاؤ اور یہ رسول محتشم تم پر گواہ ہوں اور (اے حبیب ﷺ!) آپ

جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِیْ كُنْتَ عَلَیْهَاۤ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ یَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ

جَعَلْنَا	الْقِبْلَةَ	الَّتِیْ	كُنْتَ	عَلَیْهَاۤ	اِلَّا	لِنَعْلَمَ	مَنْ	یَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ
کیا ہم نے	قبلہ	وہ کہ	آپ تھے	اس پر	مگر	اس لئے کہ دیکھیں ہم	کون	رسول کی پیروی کرتا ہے

جس قبلہ پر تھے ہم نے وہ اسی لئے مقرر کیا تھا کہ ہم ظاہر کر دیں ان لوگوں کو جو رسول

مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ ؕ وَاِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً اِلَّا عَلَى الَّذِيْنَ

مِمَّنْ	يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ	وَ	اِنْ	كَانَتْ لَكَبِيْرَةً	اِلَّا	عَلَى الَّذِيْنَ
اور کون	الٹے پاؤں پھر جاتا ہے	اور	بیشک	یہ بھاری تھی	مگر	ان پر جنہیں

کی پیروی کرتے ہیں، ان سے جو الٹے پاؤں پھر جاتے ہیں اور بے شک یہ (قبلہ کا بدلنا) بھاری تھا مگر ان پر (نہیں) جنہیں

هَدَى اللّٰهُ ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ

هَدَى اللّٰهُ	وَ	مَا كَانَ اللّٰهُ	لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	بِالنَّاسِ
اللہ نے ہدایت کی	اور	اللہ کی شان نہیں	کہ تمہارا ایمان اکارت کرے	بیشک	اللہ	آدمیوں پر

اللہ نے ہدایت عطا فرمائی اور اللہ (کی شان) نہیں کہ تمہارا ایمان ضائع کر دے بے شک اللہ لوگوں پر بہت مہربان

لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴۳﴾ قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِى السَّمَآءِ ۚ

لَرَءُوْفٌ	رَّحِيْمٌ	قَدْ نَرٰى	تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِى السَّمَآءِ
بہت مہربان	مہروالا ہے	بیشک ہم دیکھ رہے ہیں	بار بار آپ کا منہ آسمان کی طرف کرنا

بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ یقیناً ہم دیکھ رہے ہیں آپ کے رُخ (انور) کا بار بار آسمان کی طرف

فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۪ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ

فَلَنُوَلِّيَنَّكَ	قِبْلَةً	تَرْضٰىهَا	فَوَلِّ وَجْهَكَ	شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ
تو ضرور ہم آپ پھیر دیں گے	اس قبلہ کی طرف	جس میں تمہاری خوشی ہے	ابھی اپنا منہ پھیر دو	مسجد حرام کی طرف

اٹھنا تو ہم آپ کو ضرور ضرور پھیر دیں گے اس قبلہ کی طرف جس پر آپ راضی ہیں تو آپ پھیر لیں

وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ؕ وَاِنَّ

وَ	حَيْثُ	مَا	كُنْتُمْ	فَوَلُّوْا	وُجُوْهَكُمْ	شَطْرَهٗ	وَاِنَّ
اور	جہاں کہیں	بھی	ہو تم	تو پھیر لو	منہ اپنا	اس طرف	اور بیشک

اپنا رخ مسجد حرام کی طرف اور (اے مسلمانو!) تم جہاں کہیں ہو اپنا منہ اسی کی طرف پھیر لو اور بے شک

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۭ وَمَا اللّٰهُ

الَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْكِتٰبَ	لَيَعْلَمُوْنَ	اَنَّهُ	الْحَقُّ	مِنْ رَّبِّهِمْ	وَ	مَا	اللّٰهُ
وہ جنہیں	دی گئی ہے	کتاب	یقیناً جانتے ہیں	کہ بیشک وہ	حق ہے	ان کے رب کی طرف سے	اور	نہیں	اللہ

جنہیں کتاب دی گئی وہ ضرور جانتے ہیں کہ بے شک یہ ان کے رب کی طرف سے حق ہے اور اللہ ان کے

بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۴﴾ وَلَئِنْ اَتَيْتَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ بِكُلِّ اٰيَةٍ

بِغَافِلٍ	عَمَّا	يَعْمَلُوْنَ	وَ	لَئِنْ	اَتَيْتَ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْكِتٰبَ	بِكُلِّ	اٰيَةٍ
بے خبر	اس سے کہ	جو کرتے ہیں	اور	اگر	تم آؤ	ان کے پاس جنہیں	دی گئی ہے	کتاب	ہر ایک	آیت سے

کسی کام سے بے خبر نہیں۔ اور البتہ آپ اگر ان لوگوں کو جنہیں کتاب دی گئی تمام دلائل

مَّا تَبِعُوْا قِبْلَتَكَ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ ۚ وَمَا بَعْضُهُمْ بِتَابِعٍ

مَّا	تَبِعُوْا	قِبْلَتَكَ	وَ	مَآ	اَنْتَ	بِتَابِعٍ	قِبْلَتَهُمْ	وَ	مَا	بَعْضُهُمْ	بِتَابِعٍ
تو نہ	پیروی کریں گے	تمہارے قبلہ کی	اور	نہ	آپ	پیروی کرو گے	ان کے قبلہ کی	اور	نہ	بعض ان کے	پیرو ہوں گے

پیش کردیں، وہ آپ کے قبلے کی پیروی نہیں کریں گے۔ اور نہ آپ اُن کے قبلے کی پیروی کرنے والے ہیں اور نہ وہ

قِبْلَةَ بَعْضٍ ۭ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ

قِبْلَةَ	بَعْضٍ	وَلَئِنِ	اتَّبَعْتَ	اَهْوَآءَهُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ	مَا	جَآءَكَ
قبلہ	بعض کے	اور اگر	پیروی کی تونے	ان کی خواہش کی	بعد	جو	آیا تم پر

خود ایک دوسرے کے قبلے کی پیروی کرنے والے ہیں۔ اور اگر تم نے اس علم کے بعد جو تمہارے کے پاس آچکا ہے

مِنَ الْعِلْمِ ۙ اِنَّكَ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۵﴾ ۘ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ

وقف لازم

مِنَ الْعِلْمِ	اِنَّكَ	اِذًا	لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ	اَلَّذِيْنَ	اٰتَيْنٰهُمُ	الْكِتٰبَ
علم سے	بیشک تو	اس وقت ہوگا	ظالموں میں سے	وہ لوگ کہ	دی گئی انہیں	کتاب

ان کی خواہشات کی پیروی کی تب یقیناً آپ ظالموں میں سے ہوں گے۔ جنہیں ہم نے کتاب عطا فرمائی وہ انہیں

يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ؕ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنْهُمْ لَيَكْتُمُوْنَ

يَعْرِفُوْنَهٗ	كَمَا	يَعْرِفُوْنَ	اَبْنَآءَهُمْ	وَاِنَّ	فَرِيْقًا	مِّنْهُمْ	لَيَكْتُمُوْنَ
جانتے ہیں اس کو	جیسے	جانتے ہیں	اپنے بیٹوں کو	اور بے شک	ایک گروہ	ان میں	کہ چھپاتے ہیں

ایسا پہچانتے ہیں جیسے کہ وہ اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں اور بے شک ان میں ایک

وقف منزل

الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿١٤٦﴾ اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ

الْحَقَّ	وَ	هُمْ	يَعْلَمُوْنَ	اَلْحَقُّ	مِنْ رَّبِّكَ	فَلَا	تَكُوْنَنَّ
حق	اور	وہ	جان بوجھ کر	حق ہے	تمہارے رب سے	تو نہ	آپ جائیں

گروہ جان بوجھ کر حق کو چھپاتا ہے۔ حق (وہ ہے جو) آپ کے رب کی طرف سے ہے۔ پھر آپ ہرگز شک کرنے والوں

وقف النبی ﷺ ع ١٧

مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿١٤٧﴾ ع وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ

مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ	وَ	لِكُلٍّ	وِّجْهَةٌ	هُوَ	مُوَلِّيْهَا	فَاسْتَبِقُوا	الْخَيْرٰتِ
شک کرنے والے	اور	ہر ایک کیلئے	ایک سمت ہے	کہ وہ	اسی طرف منہ کرتا ہے	تو سبقت کرو	نیکیوں میں

میں سے نہ ہو جانا۔ اور ہر ایک کیلئے توجہ کی ایک سمت (مقرر) ہے وہ اسی کی طرف رخ

اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ

اَيْنَ	مَا	تَكُوْنُوْا	يَاْتِ	بِكُمُ	اللّٰهُ	جَمِيْعًا	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلٰى	كُلِّ	شَىْءٍ
جہاں	کہیں	ہو تم	لے آئے گا	تمہیں	اللہ	سب کو	بے شک	اللہ	اوپر	ہر	چیز کے

کرتا ہے پس تم نیکیوں کی طرف پیش قدمی کیا کرو تم جہاں کہیں بھی ہو گے اللہ تم سب کو جمع کر لے گا بے شک اللہ ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ﴿١٤٨﴾ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ

قَدِيْرٌ	وَ	مِنْ حَيْثُ	خَرَجْتَ	فَوَلِّ	وَجْهَكَ	شَطْرَ	الْمَسْجِدِ
قادر ہے	اور	جہاں سے	آپ آؤ	تو پھیرو	منہ اپنا	طرف	مسجد

خوب قادر ہے۔ اور (اے حبیب ﷺ)، مسجد حرام سے باہر ہوتے ہوئے آپ جہاں (بھی) ہوں

الْحَرَامِ ؕ وَاِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا

الْحَرَامِ	وَاِنَّهٗ	لَلْحَقُّ	مِنْ رَّبِّكَ	وَ	مَا	اللّٰهُ	بِغَافِلٍ	عَمَّا
حرام کے	اور بیشک وہ	ضرور حق ہے	تمہارے رب سے	اور	نہیں	اللہ	غافل	اس سے

تو پھیر لیں اپنا چہرہ مسجد حرام کی طرف اور بیشک آپ کے رب کی طرف سے وہ ضرور حق ہے اور اللہ تمہارے کاموں سے

تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۹﴾ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ

تَعْمَلُوْنَ	وَ	مِنْ حَيْثُ	خَرَجْتَ	فَوَلِّ	وَجْهَكَ	شَطْرَ
کہ تم کرتے ہو	اور	جہاں سے	آپ آؤ	تو پھیرو	منہ اپنا	طرف

بے خبر نہیں۔ اور اے محبوب ﷺ، مسجد حرام سے باہر ہوتے ہوئے آپ جہاں (بھی) ہوں

الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ۙ

الْمَسْجِدِ	الْحَرَامِ	وَحَيْثُ	مَا كُنْتُمْ	فَوَلُّوْا	وُجُوْهَكُمْ	شَطْرَهٗ
مسجد	حرام	اور جہاں کہیں	بھی ہو تم	تو پھیرو	منہ اپنا	طرف اس کی

تو کر لیں اپنا رخ (نماز میں) مسجد حرام کی جانب اور (اے مسلمانو!) تم مسجد حرام سے باہر

لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ ۗ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ ۗ فَلَا

لِئَلَّا	يَكُوْنَ	لِلنَّاسِ	عَلَيْكُمْ	حُجَّةٌ	اِلَّا	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	مِنْهُمْ	فَلَا
تاکہ نہ	ہو جائے	لوگوں کو	تم پر	کوئی حجت	مگر	جو لوگ	ناانصافی کریں	ان میں سے	تو نہ

جہاں (بھی) ہو اپنا منہ مسجد حرام کی طرف پھیر لو تاکہ لوگوں کو تم پر کوئی حجت نہ رہے مگر ان میں سے جو ظالم ہیں (وہ تم پر ضرور ناحق الزام

تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِيْ ۗ وَلِاُتِمَّ نِعْمَتِيْ عَلَيْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ

تَخْشَوْهُمْ	وَاخْشَوْنِيْ	وَ	لِاُتِمَّ	نِعْمَتِيْ	عَلَيْكُمْ	وَلَعَلَّكُمْ
ڈرو ان سے	اور ڈرو مجھ سے	اور	اس لئے کہ پوری کروں	اپنی نعمت	تم پر	اور تاکہ تم

رکھیں گے) تو ان سے نہ ڈرو اور تم مجھ سے ڈرو اور تاکہ میں پوری کر دوں تم پر اپنی نعمت اور تاکہ تم

تَهْتَدُوْنَ ﴿١٥٠﴾ كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا

تَهْتَدُوْنَ	كَمَآ	اَرْسَلْنَا	فِيْكُمْ	رَسُوْلًا	مِّنْكُمْ	يَتْلُوْا	عَلَيْكُمْ	اٰيٰتِنَا
ہدایت پاؤ	جیسا کہ	ہم نے بھیجا	تم میں	ایک رسول	تم میں سے	تلاوت فرماتا ہے	تم پر	ہماری آیتیں

(سیدھی) راہ پاؤ۔ جس طرح ہم نے تم میں، تم میں سے ایک رسول بھیجا جو تمہیں ہماری آیتیں سناتے ہیں

وَيُزَكِّيْكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا

وَ	يُزَكِّيْكُمْ	وَيُعَلِّمُكُمُ	الْكِتٰبَ	وَ	الْحِكْمَةَ	وَيُعَلِّمُكُمْ	مَّا	لَمْ تَكُوْنُوْا
اور	تمہیں پاک کرتا ہے	اور سکھاتا ہے تم کو	کتاب	اور	حکمت	اور سکھاتا ہے تم کو	وہ جو	ہرگز نہ تھے تم

اور تمہیں پاک کرتے ہیں اور تمہیں کتاب اور حکمت سکھاتے ہیں اور تمہیں وہ علم سکھاتے ہیں جو تم نہیں

تَعْلَمُوْنَ ﴿١٥١﴾ فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ﴿١٥٢﴾ ع

ع ۱۸ معانقہ ۳

تَعْلَمُوْنَ	فَاذْكُرُوْنِيْٓ	اَذْكُرْكُمْ	وَاشْكُرُوْا	لِيْ	وَ	لَا تَكْفُرُوْنِ
جانتے	تو میری یاد کرو	میں تمہارا چرچا کروں گا	اور شکر کرو	میرا	اور	میری ناشکری نہ کرو

جانتے تھے۔ پھر تم میرا خوب ذکر کرو، میں تمہیں یاد رکھوں گا اور میرا شکر ادا کرو اور میری ناشکری مت کرو۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	اسْتَعِيْنُوْا	بِالصَّبْرِ	وَالصَّلٰوةِ	اِنَّ	اللّٰهَ	مَعَ
اے	وہ جو	ایمان لائے	مدد چاہو	صبر	اور نماز سے	بیشک	اللہ	ساتھ ہے

اے ایمان والو صبر اور نماز کے ذریعے تم مجھ سے مدد طلب کرو، یقیناً اللہ صبر کرنے والوں کے

الصّٰبِرِيْنَ ﴿١٥٣﴾ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ؕ بَلْ

الصّٰبِرِيْنَ	وَ	لَا	تَقُوْلُوْا	لِمَنْ	يُّقْتَلُ	فِيْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ	اَمْوَاتٌ	بَلْ
صابروں کے	اور	نہ	کہو تم	انہیں جو	قتل ہوئے	میں	راستہ	اللہ کے	مرا ہوا	بلکہ

ساتھ ہوتا ہے۔ اور جو لوگ اللہ کی راہ میں شہید ہو جائیں انہیں مت کہا کرو کہ یہ مردہ ہیں

أَحْيَآءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ۱۵۴ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ

أَحْيَآءٌ	وَّ	لٰكِنْ	لَا	تَشْعُرُوْنَ	وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ	بِشَيْءٍ	مِّنَ الْخَوْفِ
وہ زندہ ہیں	اور	لیکن	نہیں	تمہیں شعور	اور ضرور آزمائیں گے ہم تمہیں	کچھ	ڈر سے

وہ مردہ نہیں بلکہ وہ زندہ ہیں لیکن تمہیں ان کی زندگی کا شعور نہیں ہے۔ اور ضرور ہم تمہیں امتحان میں ڈالیں گے

وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ؕ وَبَشِّرِ

وَالْجُوْعِ	وَ	نَقْصٍ	مِّنَ الْاَمْوَالِ	وَ	الْاَنْفُسِ	وَالثَّمَرٰتِ	وَ	بَشِّرِ
اور بھوک سے	اور	کچھ کمی	مال سے	اور	جان سے	اور پھلوں سے	اور	خوشخبری سنا

کسی قدر خوف اور بھوک مالوں، جانوں اور پھلوں کے نقصان سے اور آپ صبر کرنے والوں کو

الصّٰبِرِيْنَ ۱۵۵ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ

الصّٰبِرِيْنَ	الَّذِيْنَ	اِذَآ	اَصَابَتْهُمْ	مُّصِيْبَةٌ	قَالُوْٓا	اِنَّا	لِلّٰهِ	وَاِنَّآ
صبر والوں کو	ان کو کہ	جب	پہنچے انہیں	مصیبت	تو کہیں	ہم	اللہ کے لئے ہیں	اور ہم

خوشخبری سنا دیجئے۔ کہ جب انہیں کوئی مصیبت پہنچے تو کہیں، بے شک ہم اللہ ہی کیلئے ہیں اور بے شک ہم اسی کی

اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ۱۵۶ ؕ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ ۟ وقف

اِلَيْهِ	رٰجِعُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	عَلَيْهِمْ	صَلَوٰتٌ	مِّنْ رَّبِّهِمْ	وَرَحْمَةٌ
اسی کی طرف	لوٹنے والے ہیں	یہ ہیں کہ	ان پر	درودیں ہیں	ان کے رب کی	اور رحمت

طرف لوٹنے والے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن پر ان کے رب کی طرف سے برکتیں اور رحمتیں ہیں

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ۱۵۷ اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ ۚ

وَ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُهْتَدُوْنَ	اِنَّ	الصَّفَا	وَالْمَرْوَةَ	مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ
اور	یہی	وہ ہیں	ہدایت والے	بے شک	صفا	اور مروہ	اللہ کی نشانیوں سے ہیں

اور یہی لوگ ہدایت پانے والے ہیں۔ یقیناً صفا اور مروہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہیں۔

فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا ؕ

فَمَنْ	حَجَّ	الْبَيْتَ	اَوِ اعْتَمَرَ	فَلَا	جُنَاحَ	عَلَيْهِ	اَنْ	يَّطَّوَّفَ	بِهِمَا
تو جو	حج کرے	اس گھر کا	یا عمرہ کرے	تو نہیں	گناہ	اس پر	یہ کہ	طواف کرے	ان دونوں کا

پھر جس نے بیت اللہ کا حج یا عمرہ کیا تو اس پر کوئی حرج نہیں کہ ان دونوں کا طواف کرے

وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۵۸﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

وَ	مَنْ	تَطَوَّعَ	خَيْرًا	فَاِنَّ	اللّٰهَ	شَاكِرٌ	عَلِيْمٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ
اور	جو	خوشی سے کرے	بھلائی	تو بیشک	اللہ	صلہ دینے والا	جاننے والا ہے	بیشک	وہ جو

اور جو کوئی شوق سے کوئی نیکی کرے تو یقیناً اللہ تعالیٰ قدردان ہے، جاننے والا ہے۔ یقیناً جو لوگ کھلی

يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالْهُدٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا بَيَّنّٰهُ

يَكْتُمُوْنَ	مَآ	اَنْزَلْنَا	مِنَ الْبَيِّنٰتِ	وَالْهُدٰى	مِنْۢ بَعْدِ	مَا	بَيَّنّٰهُ
چھپاتے ہیں	اسے جو	اتارا ہم نے	روشن باتوں سے	اور ہدایت	بعد اس کے کہ	جو	روشن کیا اسکو

نشانیوں اور ہدایت میں سے چھپاتے ہیں جو ہم نے نازل کی ہیں اس کے بعد کہ ہم اس کو کتاب میں لوگوں کے لیے

لِلنَّاسِ فِى الْكِتٰبِ ۙ اُولٰٓئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ ۙ اِلَّا

لِلنَّاسِ	فِى الْكِتٰبِ	اُولٰٓئِكَ	يَلْعَنُهُمُ	اللّٰهُ	وَيَلْعَنُهُمُ	اللّٰعِنُوْنَ	اِلَّا
لوگوں پر	کتاب میں	یہ وہ ہیں	لعنت ان پر	اللہ کی	اور لعنت کرتے ہیں	لعنت کرنے والے	مگر

کھول کر بیان کر چکے ہیں تو اُنہی لوگوں پر اللہ تعالیٰ لعنت کرتا ہے اور تمام لعنت کرنے والے اُن پر لعنت کرتے ہیں۔ مگر

الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَبَيَّنُوْا فَاُولٰٓئِكَ اَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ۚ وَاَنَا

الَّذِيْنَ	تَابُوْا	وَاَصْلَحُوْا	وَ	بَيَّنُوْا	فَاُولٰٓئِكَ	اَتُوْبُ	عَلَيْهِمْ	وَ	اَنَا
وہ جو	توبہ کریں	اور سنواریں	اور	ظاہر کریں	یہ ہیں جن کی	تو میں توبہ قبول کرونگا	ان کی	اور	میں

جو لوگ توبہ اور اپنی اصلاح کر لیں اور حق کو ظاہر کر دیں تو میں بھی انہیں معاف فرما دوں گا اور میں

التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ اُولٰٓئِكَ

التَّوَّابُ	الرَّحِيْمُ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَمَاتُوْا	وَ	هُمْ	كُفَّارٌ	اُولٰٓئِكَ
توبہ کو قبول کرنیوالا ہوں	مہربان	بیشک	وہ جو	کفر کریں	اور مریں	اور	وہ	کافر ہوں	یہ وہ ہیں

بڑا ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہوں۔ بے شک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور وہ کافر ہونے کی حالت میں مر گئے یہی لوگ

عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۶۱﴾ خٰلِدِيْنَ

عَلَيْهِمْ	لَعْنَةُ	اللّٰهِ	وَالْمَلٰٓئِكَةِ	وَ	النَّاسِ	اَجْمَعِيْنَ	خٰلِدِيْنَ
جن پر	لعنت ہے	اللہ کی	اور فرشتوں	اور	آدمیوں کی	سب کی	ہمیشہ رہیں گے

ہیں کہ ان پر اللہ کی اور فرشتوں کی اور سب لوگوں کی لعنت ہے۔ ہمیشہ اس میں

فِيْهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۱۶۲﴾ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ

فِيْهَا	لَا	يُخَفَّفُ	عَنْهُمُ	الْعَذَابُ	وَلَا	هُمْ	يُنْظَرُوْنَ	وَاِلٰهُكُمْ	اِلٰهٌ
اس میں	نہ ہوگا	ہلکا	ان سے	عذاب	اور نہ	انہیں	مہلت دی جائے	اور تمہارا معبود	معبود

رہیں گے نہ ان سے عذاب ہلکا کیا جائے گا اور نہ انہیں مہلت ملے گی۔ اور تمہارا معبود

وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۳﴾ ع اِنَّ فِيْ خَلْقِ ۱۹ ع ۲

وَّاحِدٌ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ	الرَّحْمٰنُ	الرَّحِيْمُ	اِنَّ	فِيْ	خَلْقِ
ایک ہے	نہیں	کوئی معبود	مگر	وہ	بڑی رحمت والا	مہربان	بیشک	میں	پیدا کرنے

ایک معبود ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں مگر وہی بڑی رحمت والا مہربان۔ بے شک آسمان اور

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِيْ

السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَ	اخْتِلَافِ	الَّيْلِ	وَ	النَّهَارِ	وَالْفُلْكِ	الَّتِيْ
آسمانوں	اور زمین کے	اور	بدلتے آنا	رات	اور	دن کا	اور کشتی	جو کہ

زمین کی پیدائش اور رات دن کی تبدیلی اور جہاز کہ دریا میں لوگوں

تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ بِمَا یَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ مِنَ السَّمَآءِ

تَجْرِیْ	فِی الْبَحْرِ	بِمَا	یَنْفَعُ	النَّاسَ	وَ	مَآ	اَنْزَلَ	اللّٰہُ	مِنَ السَّمَآءِ
چلتی ہے	دریا میں	جس سے	نفع لیتے ہیں	لوگ	اور	وہ جو	اتارا	اللہ نے	آسمان سے

کے فائدے لے کر چلتا ہے اور وہ جو اللہ نے آسمان سے پانی اتار کر مردہ زمین کو اس سے زندگی بخشی

مِنْ مَّآءٍ فَاَحْیَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِیْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ۪

مِنْ مَّآءٍ	فَاَحْیَا	بِهٖ	الْاَرْضَ	بَعْدَ	مَوْتِهَا	وَ	بَثَّ	فِیْهَا	مِنْ كُلِّ	دَآبَّةٍ
پانی سے	تو جلا دیا	اس سے	زمین کو	بعد	اس کے مرنے کے	اور	پھیلائے	اس میں	ہر طرح کے	جانور

اور زمین میں ہر قسم کے جانور پھیلائے اور ہواؤں کی گردش

وَّتَصْرِیْفِ الرِّیٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَیْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ

وَ	تَصْرِیْفِ	الرِّیٰحِ	وَالسَّحَابِ	الْمُسَخَّرِ	بَیْنَ	السَّمَآءِ	وَ	الْاَرْضِ
اور	گردش	ہواؤں کی	اور بادل	حکم کا بندھا ہوا	درمیان	آسمان	اور	زمین کے

اور وہ بادل کہ آسمان و زمین کے درمیان میں حکم کا پابند ہے ان سب میں

لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

لَاٰیٰتٍ	لِّقَوْمٍ	یَّعْقِلُوْنَ	وَ	مِنَ النَّاسِ	مَنْ	یَّتَّخِذُ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ
نشانیاں ہیں	واسطے اس قوم کے جو	عقلمند ہیں	اور	کچھ لوگ	وہ ہیں جو	بناتے ہیں	سوائے	اللہ کے

عقل مندوں کیلئے ضرور نشانیاں ہیں۔ اور لوگوں میں سے ایسے بھی ہیں جو اللہ تعالیٰ کے علاوہ دوسروں

اَنْدَادًا یُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَشَدُّ حُبًّا

اَنْدَادًا	یُّحِبُّوْنَهُمْ	كَحُبِّ	اللّٰهِ	وَ	الَّذِیْنَ	اٰمَنُوْۤا	اَشَدُّ	حُبًّا
برابر والا	محبت کرتے ہیں ان سے	مثل محبت	اللہ کے	اور	وہ لوگ جو	ایمان لائے	سخت	محبت والے ہیں

کو اس کا شریک بنا لیتے ہیں۔ اُن سے اس طرح محبت کرتے ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ سے محبت کرنی چاہیے۔ اور جو لوگ ایمان لائے ہیں وہ اللہ تعالیٰ

لِلّٰهِ ؕ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ

لِلّٰهِ	وَ	لَوْ	يَرَى	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْٓا	اِذْ	يَرَوْنَ	الْعَذَابَ	اَنَّ	الْقُوَّةَ
اللہ کے ساتھ	اور	اگر	دیکھیں	وہ لوگ جو کہ	ظالم ہیں	جب	دیکھیں	عذاب	بیشک	زور

کے لیے محبت میں سب سے زیادہ مضبوط ہیں اور کاش وہ لوگ جنہوں نے ظلم کیا دیکھ لیں جب کہ وہ عذاب دیکھیں گے کہ یقیناً

لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ﴿۱۶۵﴾ اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِيْنَ اتُّبِعُوْا

لِلّٰهِ	جَمِيْعًا وَّ	اَنَّ	اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعَذَابِ	اِذْ	تَبَرَّاَ	الَّذِيْنَ	اتُّبِعُوْا
اللہ کیلیے ہے	سب کچھ اور	بے شک	اللہ	سخت	عذاب والا ہے	جب	بیزار ہوں	وہ جن کی	پیروی کی گئی

قوت ساری کی ساری اللہ تعالیٰ کے لیے ہے اور یقیناً اللہ تعالیٰ عذاب دینے میں شدید ہے۔ اور جب کہ وہ لوگ جن کی پیروی کی گئی تھی اپنے

مِنَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا وَرَاَوُا الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ الْاَسْبَابُ ﴿۱۶۶﴾ وَقَالَ

مِنَ الَّذِيْنَ	اتَّبَعُوْا	وَرَاَوُا	الْعَذَابَ	وَتَقَطَّعَتْ	بِهِمُ	الْاَسْبَابُ	وَقَالَ
ان سے جو	پیروی کرتے تھے	اور دیکھیں	عذاب	اور کٹ جائیں	ان سے	سب اسباب	اور کہیں

پیروکاروں سے بیزار ہوں گے اور وہ سب اللہ کا عذاب دیکھ لیں گے اور سارے اسباب ان سے منقطع ہو جائیں گے۔ اور پیروی

الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوْا

الَّذِيْنَ	اتَّبَعُوْا	لَوْ اَنَّ	لَنَا	كَرَّةً	فَنَتَبَرَّاَ	مِنْهُمْ	كَمَا	تَبَرَّءُوْا
وہ جو	پیرو ہیں	اگر بے شک	ہمارے لئے	دوبارہ جانا ہو	تو بیزار ہوں	ان سے	جیسے	بیزار ہوئے وہ

کرنے والے کہیں گے کاش ہمیں دنیا میں لوٹنا ہوتا تو ہم ان پیشواؤں سے بیزار ہوتے

مِنَّا ؕ كَذٰلِكَ يُرِيْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ عَلَيْهِمْ ؕ وَمَا هُمْ

مِنَّا	كَذٰلِكَ	يُرِيْهِمُ	اللّٰهُ	اَعْمَالَهُمْ	حَسَرٰتٍ	عَلَيْهِمْ	وَ	مَا	هُمْ
ہم سے	ایسے ہی	دکھاتا ہے	اللہ	ان کے عمل	حسرتیں	ان پر	اور	نہیں	وہ

جیسے آج یہ ہم سے بیزار ہوئے، ایسے ہی اللہ ان کے اعمال انہیں دکھائے گا ان پر حسرتیں بنا کر اور وہ

بِخٰرِجِیْنَ مِنَ النَّارِ ﴿۱۶۷﴾ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِی الْاَرْضِ

بِخٰرِجِیْنَ	مِنَ النَّارِ	یٰۤاَیُّهَا	النَّاسُ	كُلُوْا	مِمَّا	فِیْ	الْاَرْضِ
نکلنے والے	جہنم سے	اے	لوگو	کھاؤ	اس سے جو	میں	زمین

نار جہنم سے نکلنے والے نہیں۔ اے لوگو! زمین کی ان چیزوں میں سے کھاؤ

حَلٰلًا طَیِّبًا ۖ٘ وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ

حَلٰلًا	طَیِّبًا	وَّلَا	تَتَّبِعُوْا	خُطُوٰتِ	الشَّیْطٰنِ	اِنَّهٗ	لَكُمْ	عَدُوٌّ
حلال	پاکیزہ	اور نہ	پیروی کرو	قدموں	شیطان کی	بے شک وہ	تمہارا	دشمن ہے

جو حلال طیب ہیں اور شیطان کے قدموں کی پیروی نہ کرو، بے شک وہ تمہارا

مُّبِیْنٌ ﴿۱۶۸﴾ اِنَّمَا یَاْمُرُكُمْ بِالسُّوْٓءِ وَالْفَحْشَآءِ وَاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ

مُّبِیْنٌ	اِنَّمَا	یَاْمُرُكُمْ	بِالسُّوْٓءِ	وَالْفَحْشَآءِ	وَ	اَنْ	تَقُوْلُوْا	عَلَى	اللّٰهِ
کھلا	وہ تو	حکم کرے گا تمہیں	بدی	اور بے حیائی کا	اور	یہ کہ	کہو تم	اوپر	اللہ کے

کھلا دشمن ہے۔ یقیناً وہ تمہیں برائی اور بے حیائی کا حکم دیتا ہے اور یہ کہ تم اللہ تعالیٰ کے بارے میں وہ باتیں

مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ وَاِذَا قِیْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ

مَا	لَا	تَعْلَمُوْنَ	وَ	اِذَا	قِیْلَ	لَهُمُ	اتَّبِعُوْا	مَاۤ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	قَالُوْا	بَلْ
وہ جو	نہ	جانتے ہو	اور	جب۔	کہا جائے	انہیں	پیروی کرو	اس کی جو	اتارا	اللہ نے	تو کہیں	بلکہ

کہو جن کا تمہیں علم نہیں۔ اور جب ان سے کہا جائے تم اس کی پیروی کرو جس کو اللہ تعالیٰ نے نازل کیا تو

نَتَّبِعُ مَاۤ اَلْفَیْنَا عَلَیْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ شَیْـًٔا

نَتَّبِعُ	مَاۤ	اَلْفَیْنَا	عَلَیْهِ	اٰبَآءَنَا	اَوَلَوْ	كَانَ	اٰبَآؤُهُمْ	لَا	یَعْقِلُوْنَ	شَیْـًٔا
پیروی کرتے ہیں ہم	اسکی جس کو	پایا ہم نے	اوپر اس کے	اپنے باپ دادا کو	کیا اگر	ہوں	ان کے باپ دادا	کہ نہ	عقل رکھتے ہوں	کچھ

انہوں نے کہا کہ بلکہ ہم تو اس پر چلیں گے جس پر اپنے باپ دادا کو پایا کیا بھلا اگرچہ ان کے باپ دادا نہ کچھ عقل رکھتے ہوں

وَّلَا یَهْتَدُوْنَ ﴿۱۷۰﴾ وَمَثَلُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا كَمَثَلِ الَّذِیْ یَنْعِقُ بِمَا لَا یَسْمَعُ

وَّ	لَا	یَهْتَدُوْنَ	وَمَثَلُ	الَّذِیْنَ	كَفَرُوْا	كَمَثَلِ	الَّذِیْ	یَنْعِقُ	بِمَا	لَا یَسْمَعُ
اور	نہ	ہدایت پر	اور کہاوت	ان کی	جو کافر ہوئے	مثل	اس کی سی ہے	جو پکارے	ایسے کو کہ	نہ سنے

نہ ہدایت یافتہ ہوں۔ ان کافروں کو (ہدایت کی طرف) بلانے کی مثال ایسے شخص کی سی ہے جو کسی ایسے (جانور)

اِلَّا دُعَآءً وَّنِدَآءً ؕ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ ﴿۱۷۱﴾ یٰۤاَیُّهَا

اِلَّا	دُعَآءً	وَّنِدَآءً	صُمٌّ	بُكْمٌ	عُمْیٌ	فَهُمْ	لَا	یَعْقِلُوْنَ	یٰۤاَیُّهَا
مگر	پکار	اور چیخ	بہرے	گونگے	اندھے ہیں	تو انہیں	نہیں ہے	سمجھ	اے وہ لوگو

کو پکارے جو سوائے پکار اور آواز کے کچھ نہیں سنتا۔ (یہ لوگ) بہرے گونگے اندھے ہیں انہیں کوئی سمجھ نہیں۔ اے

الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَاشْكُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ

الَّذِیْنَ	اٰمَنُوْا	كُلُوْا	مِنْ طَیِّبٰتِ	مَا	رَزَقْنٰكُمْ	وَ	اشْكُرُوْا	لِلّٰهِ	اِنْ
جو	ایمان لائے ہو	کھاؤ	پاکیزہ چیزوں سے	جو	روزی دی ہم نے تمہیں	اور	احسان مانو	اللہ کا	اگر

ایمان والو! ان پاکیزہ چیزوں میں سے کھاؤ جو ہم نے تمہیں عطا کیں ہیں اور اللہ کا شکر ادا کرو

كُنْتُمْ اِیَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۷۲﴾ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَیْكُمُ الْمَیْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ

كُنْتُمْ	اِیَّاهُ	تَعْبُدُوْنَ	اِنَّمَا	حَرَّمَ	عَلَیْكُمُ	الْمَیْتَةَ	وَ	الدَّمَ	وَ	لَحْمَ
ہو تم	اسی کی	عبادت کرتے	سوائے اسکے نہیں کہ	حرام کیا	تم پر	مردار	اور	خون	اور	گوشت

اگر تم صرف اسی کی عبادت کرتے ہو۔ اس کے سوا کچھ نہیں کہ اللہ نے تم پر حرام کیا مردار اور رگوں سے

الْخِنْزِیْرِ وَمَاۤ اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَیْرَ بَاغٍ وَّلَا

الْخِنْزِیْرِ	وَمَاۤ	اُهِلَّ	بِهٖ	لِغَیْرِ اللّٰهِ	فَمَنِ	اضْطُرَّ	غَیْرَ	بَاغٍ	وَّلَا
سور کا	اور وہ جانور	جو غیر خدا کا نام لے کر ذبح کیا گیا ہو	اسے	واسطے غیر اللہ کے	تو جو	ناچار ہو	غیر	باغی	اور نہ

بہتا ہوا خون اور سؤر کا گوشت اور وہ جانور جس پر (ذبح کے وقت) غیر اللہ کا نام پکارا گیا تو جو مجبور ہو جائے جبکہ نافرمان نہ ہو اور نہ حد سے

عَادٍ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٧٣﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ

عَادٍ	فَلَآ	اِثْمَ	عَلَيْهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَكْتُمُوْنَ
ضرورت سے آگے بڑھنے	تو نہیں	گناہ	اس پر	بیشک	اللہ	بخشنے والا	مہربان ہے	بیشک	وہ جو	چھپاتے ہیں

بڑھنے والا تو اس پر کوئی گناہ نہیں، بے شک اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ بے شک جو لوگ چھپاتے ہیں

مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَشْتَرُوْنَ بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۙ اُولٰٓئِكَ مَا

مَآ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	مِنَ الْكِتٰبِ	وَ	يَشْتَرُوْنَ	بِهٖ	ثَمَنًا	قَلِيْلًا	اُولٰٓئِكَ	مَا
اسے جو	اتارا	اللہ نے	کتاب سے	اور	لے لیتے ہیں	اس کے بدلے	قیمت	تھوڑی	یہ وہ ہیں کہ	نہیں

اس چیز کو جو نازل فرمائی اللہ نے کتاب (تورات) سے اور لیتے ہیں اس کے بدلے تھوڑا سا معاوضہ یہ وہ ہیں کہ

يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ اِلَّا النَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

يَاْكُلُوْنَ	فِيْ بُطُوْنِهِمْ	اِلَّا	النَّارَ	وَ	لَا	يُكَلِّمُهُمْ	اللّٰهُ	يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ
بھرتے	اپنے پیٹوں میں	مگر	آگ	اور	نہ	بات کرے گا ان سے	اللہ	دن	قیامت کے

اپنے پیٹوں میں آگ کے سوا کچھ نہیں بھرتے اور اللہ ان سے قیامت کے دن کلام نہ کرے گا

وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿١٧٤﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ

وَ	لَا	يُزَكِّيْهِمْ	وَ	لَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	اشْتَرَوُا	الضَّلٰلَةَ
اور	نہ	ستھرا کرے انہیں	اور	ان کے لئے	عذاب ہے	دردناک	یہی	وہ ہیں	جو لیتے ہیں	گمراہی

اور نہ انہیں گناہوں سے پاک کرے گا اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی

بِالْهُدٰى وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ فَمَآ اَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ ﴿١٧٥﴾

بِالْهُدٰى	وَالْعَذَابَ	بِالْمَغْفِرَةِ	فَمَآ	اَصْبَرَ	هُمْ	عَلَى	النَّارِ
ہدایت کے بدلے	اور عذاب	بخشش کے بدلے	تو کیا	سہارا ہے	ان کی	اوپر	آگ کے

خرید لی اور بخشش کے بدلے عذاب کا سودا کیا، پس ان کا آگ پر کتنا صبر ہے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ نَزَّلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِي

ذٰلِكَ	بِاَنَّ	اللّٰهَ	نَزَّلَ	الْكِتٰبَ	بِالْحَقِّ	وَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اخْتَلَفُوْا	فِي
یہ	اس لئے کہ	اللہ نے	اتاری	کتاب	حق کے ساتھ	اور	بے شک	وہ جو	اختلاف ڈالنے لگے	میں

یہ اس لئے کہ اللہ نے کتاب حق کے ساتھ اتاری اور بے شک جو لوگ کتاب میں اختلاف

ع ۲۱ ۵ ثمن الْكِتٰبِ لَفِيْ شِقَاقٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۱۷۶﴾ لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ

الْكِتٰبِ	لَفِيْ	شِقَاقٍ	بَعِيْدٍ	لَيْسَ	الْبِرَّ	اَنْ	تُوَلُّوْا	وُجُوْهَكُمْ	قِبَلَ
کتاب	میں	ضد	دور	نہیں	کوئی نیکی	یہ کہ	پھیرو تم	منہ اپنا	جانب

ڈالنے لگے وہ ضد میں دور نکل گئے ہیں۔ نیکی صرف یہی نہیں کہ تم اپنے منہ مشرق اور مغرب کی طرف پھیرلو

الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

الْمَشْرِقِ	وَالْمَغْرِبِ	وَلٰكِنَّ	الْبِرَّ	مَنْ	اٰمَنَ	بِاللّٰهِ	وَالْيَوْمِ	الْاٰخِرِ
مشرق	اور مغرب کے	اور لیکن	نیکی ہے	جو	ایمان لائے	اللہ پر	اور دن	قیامت پر

لیکن اصل نیکی تو یہ ہے کہ کوئی شخص اللہ پر اور قیامت کے دن پر اور فرشتوں پر اور (اللہ کی) کتاب پر

وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى

وَالْمَلٰٓئِكَةِ	وَالْكِتٰبِ	وَالنَّبِيّٖنَ	وَ	اٰتَى	الْمَالَ	عَلٰى	حُبِّهٖ	ذَوِي الْقُرْبٰى
اور فرشتوں	اور کتاب	اور پیغمبروں پر	اور	دے	مال	اوپر	اللہ کی محبت کے	رشتہ داروں کو

اور پیغمبروں پر ایمان لائے اور اللہ کی محبت میں (اپنا) مال قرابت داروں پر اور یتیموں پر اور محتاجوں پر

وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ ۚ

وَ	الْيَتٰمٰى	وَ	الْمَسٰكِيْنَ	وَ	ابْنَ السَّبِيْلِ	وَالسَّآئِلِيْنَ	وَ	فِي الرِّقَابِ
اور	یتیموں کو	اور	مسکینوں کو	اور	راہ گیروں کو	اور سوال کرنے والوں کو	اور	گردنیں چھڑانے میں

اور مسافروں پر اور مانگنے والوں پر اور (غلاموں کی) گردنوں (کو آزاد کرانے) میں خرچ کرے

وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ

وَ	اَقَامَ	الصَّلٰوةَ	وَاٰتَى	الزَّكٰوةَ	وَ	الْمُوْفُوْنَ	بِعَهْدِهِمْ	اِذَا	عٰهَدُوْا
اور	قائم رکھے	نماز	اور دے	زکوٰۃ	اور	پورا کرنے والے	اپنا قول	جب	عہد کریں

اور نماز قائم کرے اور زکوٰۃ دے اور جب کوئی وعدہ کریں تو اپنا وعدہ پورا کرنے والے ہوں

وَالصّٰبِرِيْنَ فِى الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ؕ اُولٰٓئِكَ

وَالصّٰبِرِيْنَ	فِى	الْبَاْسَآءِ	وَالضَّرَّآءِ	وَ	حِيْنَ	الْبَاْسِ	اُولٰٓئِكَ
اور صبر کرنے والے	میں	مصیبت	اور سختی	اور	وقت	جہاد کے	یہی ہیں

اور سختی (تنگدستی) میں اور مصیبت (بیماری) میں اور جنگ کی شدت (جہاد) کے وقت صبر کرنے والے ہوں،

الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

الَّذِيْنَ	صَدَقُوْا	وَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُتَّقُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
جنہوں نے	اپنی بات سچی کی	اور یہی ہیں	وہ	پرہیزگار	اے وہ لوگو	جو	ایمان لائے ہو

یہی لوگ سچے ہیں اور یہی لوگ پرہیزگار ہیں۔ اے ایمان والو!

نے تا کہ انہیں ہلاک کر دیں اور ان کے دین کو ان پر مشتبہ کر دیں اور اگر اللہ چاہتا تو وہ یہ کام نہ کرتے تو

شَآءَ اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَقَالُوْا هٰذِهٖۤ اَنْعَامٌ

شَآءَ	اللّٰهُ	مَا	فَعَلُوْهُ	فَذَرْهُمْ	وَمَا	يَفْتَرُوْنَ	وَ	قَالُوْا	هٰذِهٖۤ	اَنْعَامٌ
چاہتا	اللہ	تو نہ	کرتے ایسا	تو چھوڑ دو ان کو	اور جو	جھوٹ بناتے ہیں	اور	بولے	یہ	مویشی

آپ چھوڑ دیجئے انہیں اور ان کے بہتان کو۔ اور انہوں نے کہا یہ مویشی

وَّحَرْثٌ حِجْرٌ ۖ لَّا يَطْعَمُهَآ اِلَّا مَنْ نَّشَآءُ بِزَعْمِهِمْ وَاَنْعَامٌ

وَّ	حَرْثٌ	حِجْرٌ	لَّا	يَطْعَمُهَآ	اِلَّا	مَنْ	نَّشَآءُ	بِزَعْمِهِمْ	وَ	اَنْعَامٌ
اور	کھیتی	ممنوع ہے	نہیں	کھائے گا ان کو	مگر	جسے	ہم چاہیں	ان کے خیال میں	اور	کچھ مویشی ہیں کہ

اور کھیتی ممنوع ہے اسے کوئی نہ کھائے مگر وہی جسے ہم چاہیں اپنے گمان کے مطابق اور کچھ مویشی ایسے ہیں

حُرِّمَتْ ظُهُوْرُهَا وَاَنْعَامٌ لَّا يَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا افْتِرَآءً

حُرِّمَتْ	ظُهُوْرُهَا	وَ	اَنْعَامٌ	لَا	يَذْكُرُوْنَ	اسْمَ	اللّٰهِ	عَلَيْهَا	افْتِرَآءً
حرام کی گئی	ان پر سواری	اور	کچھ جانور ہیں کہ	نہیں	ذکر کرتے	نام	اللہ کا	اس پر	جھوٹ باندھ کر

کہ حرام کیا گیا ان کی پشتوں کو اور بعض مویشی ایسے ہیں کہ وہ (ان کو ذبح کرتے وقت) ان پر اللہ کا نام نہیں لیتے اللہ پر بہتان

عَلَيْهِ ؕ سَيَجْزِيْهِمْ بِمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۹﴾ وَقَالُوْا مَا فِيْ بُطُوْنِ

عَلَيْهِ	سَيَجْزِيْهِمْ	بِمَا	كَانُوْا	يَفْتَرُوْنَ	وَقَالُوْا	مَا	فِيْ بُطُوْنِ
اس پر	عنقریب بدلہ دے گا انکو	جو	تھے وہ	جھوٹ بناتے	اور کہا انہوں نے	جو	پیٹوں میں ہے

باندھنے کیلئے عنقریب اللہ ان کو بدلہ دے گا اس وجہ سے کہ وہ (اللہ پر) بہتان باندھتے تھے۔ اور بولے جو ان مویشیوں کے

هٰذِهِ الْاَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلٰۤى اَزْوَاجِنَا ۚ وَاِنْ

هٰذِهِ	الْاَنْعَامِ	خَالِصَةٌ	لِّذُكُوْرِنَا	وَمُحَرَّمٌ	عَلٰى	اَزْوَاجِنَا	وَ	اِنْ
ان	مویشیوں کے	خالص	ہمارے مردوں کیلئے ہے	اور حرام ہے	اوپر	ہماری عورتوں کے	اور	اگر

پیٹوں میں ہے وہ ہمارے مردوں کیلئے مخصوص ہے اور ہماری عورتوں پر حرام ہے اور

يَّكُنْ مَّيْتَةً فَهُمْ فِيْهِ شُرَكَآءُ ؕ سَيَجْزِيْهِمْ وَصْفَهُمْ ؕ اِنَّهٗ

يَّكُنْ	مَّيْتَةً	فَهُمْ	فِيْهِ	شُرَكَآءُ	سَيَجْزِيْهِمْ	وَصْفَهُمْ	اِنَّهٗ
ہو	مردہ	تو وہ	اس میں	شریک ہیں	عنقریب بدلہ دے گا ان کو	ان کی باتوں کا	بیشک وہ

مردار ہوا نکلے تو وہ سب اس میں شریک ہیں قریب ہے اللہ انہیں ان کی باتوں کا بدلا دے گا بے شک وہ

حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۳۹﴾ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْۤا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ

حَكِيْمٌ	عَلِيْمٌ	قَدْ	خَسِرَ	الَّذِيْنَ	قَتَلُوْۤا	اَوْلَادَهُمْ	سَفَهًا	بِغَيْرِ	عِلْمٍ
حکمت والا	جاننے والا ہے	بیشک	تباہ ہوئے	وہ لوگ جنہوں نے	قتل کیا	اپنی اولاد کو	بے وقوفی سے	بغیر	علم کے

حکمت وعلم والا ہے۔ بے شک تباہ ہوئے وہ جو اپنی اولاد کو قتل کرتے ہیں احمقانہ جہالت سے

وَحَرَّمُوْا مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ افْتِرَآءً عَلَى اللّٰهِ ؕ قَدْ ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا

وَحَرَّمُوْا	مَا	رَزَقَهُمُ	اللّٰهُ	افْتِرَآءً	عَلَى	اللّٰهِ	قَدْ	ضَلُّوْا	وَمَا	كَانُوْا
اور حرام کیا	جو	رزق دیا ان کو	اللہ نے	جھوٹ بنا کر	اوپر	اللہ کے	بیشک	گمراہ ہوئے	اور نہ	تھے

اور حرام ٹھہراتے ہیں وہ جو انہیں اللہ نے روزی دی اللہ پر جھوٹ باندھنے کو بے شک وہ گمراہ ہوگئے اور ہدایت پانے

مُهْتَدِيْنَ ۧ (۱۴۰) وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ وَّغَيْرَ

مُهْتَدِيْنَ	وَ	هُوَ	الَّذِيْٓ	اَنْشَاَ	جَنّٰتٍ	مَّعْرُوْشٰتٍ	وَّ	غَيْرَ
ہدایت پانے والے	اور	وہ	جس نے	پیدا کیے	باغ	چھتے ہوئے	اور	بغیر

اور وہ اللہ تعالیٰ ہی ہے جس نے باغات پیدا کیے جو چھجوں پر چڑھائے جاتے ہیں اور جو نہیں
والے نہ تھے۔

مَعْرُوْشٰتٍ وَّالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا اُكُلُهٗ وَالزَّيْتُوْنَ

مَعْرُوْشٰتٍ	وَّ	النَّخْلَ	وَ	الزَّرْعَ	مُخْتَلِفًا	اُكُلُهٗ	وَ	الزَّيْتُوْنَ
چھت کے	اور	کھجور	اور	کھیتی	مختلف ہیں	اس کے مزے	اور	زیتون

چڑھائے جاتے اور کھجوریں اور کھیت کہ اس کے کھانے کی چیزیں مختلف ہوتی ہیں اور زیتون

وَالرُّمَّانَ مُتَشَابِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَاٰتُوْا

وَ	الرُّمَّانَ	مُتَشَابِهًا	وَّ	غَيْرَ	مُتَشَابِهٍ	كُلُوْا	مِنْ	ثَمَرِهٖٓ	اِذَآ	اَثْمَرَ	وَ	اٰتُوْا
اور	انار	ملتے جلتے	اور	نہ	ملتے جلتے	کھاؤ	ان کے	پھل	جب	پھل دیں	اور	دو

اور انار باہم ملتے جلتے اور ایک دوسرے سے مختلف بھی۔ کھاؤ ان کے پھلوں میں سے جب وہ پھل دیں

حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ ۖ وَلَا تُسْرِفُوْا ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ (۱۴۱) ۙ

حَقَّهٗ	يَوْمَ	حَصَادِهٖ	وَ	لَا	تُسْرِفُوْا	اِنَّهٗ	لَا	يُحِبُّ	الْمُسْرِفِيْنَ
اس کا حق	دن	اس کی کٹائی کے	اور	نہ	بے جا خرچ کرو	بیشک وہ	نہیں	پسند کرتا	بے جا خرچ کرنے والوں

اور اس کے کاٹنے کے دن اللہ تعالیٰ کا حق ادا کرو۔ اور اسراف نہ کرو۔ یقیناً اللہ تعالیٰ اسراف کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا

وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا ؕ كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا

وَمِنَ الْاَنْعَامِ	حَمُوْلَةً	وَ	فَرْشًا	كُلُوْا	مِمَّا	رَزَقَكُمُ	اللّٰهُ	وَلَا	تَتَّبِعُوْا
اور کچھ مویشی	بار برداری کو	اور کچھ	زمین پر بچھے	کھاؤ	اس سے جو	روزی دی تمھیں	اللہ نے	اور نہ	پیروی کرو

اور بار برداری کے لیے (بلند قامت) چوپائے ہیں اور بعض زمین پر بچھنے والے ہیں تم اس (رزق) میں سے (بھی بطریق ذبح) کھایا کرو

خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۴۲﴾ ۙ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ

خُطُوٰتِ	الشَّيْطٰنِ	اِنَّهٗ	لَكُمْ	عَدُوٌّ	مُّبِيْنٌ	ثَمٰنِيَةَ	اَزْوَاجٍ
قدموں	شیطان کی	بے شک وہ	تمہارا	دشمن ہے	صریح	آٹھ	جوڑے ہیں

جو اللہ نے تمھیں بخشا ہے اور شیطان کے نقوشِ قدم پر نہ چلا کرو بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ اللہ نے پیدا کیے آٹھ جوڑے

مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ؕ قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ

مِنَ الضَّاْنِ	اثْنَيْنِ	وَ	مِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ	قُلْ	ءٰٓالذَّكَرَيْنِ	حَرَّمَ	اَمِ
بھیڑوں سے	دو	اور	بکریوں سے دو	فرمادو	کیا دونوں نر	حرام کیے	یا

بھیڑ سے دو (نرومادہ) اور بکری سے دو (آپ ان سے) فرمائیے کیا اس نے دونوں نر حرام کیے یا

الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ نَبِّئُوْنِيْ بِعِلْمٍ

الْاُنْثَيَيْنِ	اَمَّا	اشْتَمَلَتْ	عَلَيْهِ	اَرْحَامُ	الْاُنْثَيَيْنِ	نَبِّئُوْنِيْ	بِعِلْمٍ
دونوں مادائیں	یا جو	شامل ہیں	اس پر	پیٹ میں	دونوں مادہ کے	بتاؤ مجھ کو	علم سے

دونوں مادائیں یا وہ جسے دونوں مادائیں اپنے پیٹ میں لیے ہوئے ہیں کسی علمی دلیل سے

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۴۳﴾ ۙ وَمِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ؕ قُلْ

اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	وَ	مِنَ الْاِبِلِ	اثْنَيْنِ	وَ	مِنَ الْبَقَرِ	اثْنَيْنِ	قُلْ
اگر	ہو تم	سچے	اور	اونٹوں سے	دو	اور	گائے سے	دو	فرمادو

مجھے بتاؤ اگر تم سچے ہو۔ اور (پیدا کیے) اونٹ سے دو اور گائے سے دو فرمائیے کیا اللہ نے

آٰلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ

آٰلذَّكَرَيْنِ	حَرَّمَ	اَمِ	الْاُنْثَيَيْنِ	اَمَّا	اشْتَمَلَتْ	عَلَيْهِ	اَرْحَامُ
کیا دونوں نر	حرام کئے	یا	دونوں مادہ	یا جس پر	شامل	ہیں	پیٹ میں

دونوں نر حرام کئے یا دونوں مادائیں یا وہ جسے دونوں مادائیں پیٹ میں لئے ہوئے ہیں

الْاُنْثَيَيْنِ ؕ اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ وَصّٰىكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ

الْاُنْثَيَيْنِ	اَمْ	كُنْتُمْ	شُهَدَآءَ	اِذْ	وَصّٰىكُمُ	اللّٰهُ	بِهٰذَا	فَمَنْ	اَظْلَمُ
دونوں مادہ کے	کیا	تم	موجود تھے	جب	حکم دیا تھا تم کو	اللہ نے	اس کا	تو کون	زیادہ ظالم ہے

کیا تم حاضر تھے جب اللہ نے تمہیں یہ حکم دیا تو اس سے زیادہ ظالم کون ہے

مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

مِمَّنِ	افْتَرٰى	عَلَى	اللّٰهِ	كَذِبًا	لِّيُضِلَّ	النَّاسَ	بِغَيْرِ	عِلْمٍ	اِنَّ	اللّٰهَ
اس سے جو	باندھے	اوپر	اللہ کے	جھوٹ	تاکہ گمراہ کرے	لوگوں کو	بغیر	علم کے	بیشک	اللہ

جو اللہ پر جھوٹ بول کر بہتان باندھے تاکہ گمراہ کرے لوگوں کو بغیر علم کے بے شک اللہ

لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٤٤﴾ ع قُلْ لَّاۤ اَجِدُ فِىْ مَاۤ اُوْحِىَ اِلَىَّ

١٧ ع ٢

لَا	يَهْدِى	الْقَوْمَ	الظّٰلِمِيْنَ	قُلْ	لَّاۤ	اَجِدُ	فِىْ	مَاۤ	اُوْحِىَ	اِلَىَّ
نہیں	ہدایت کرتا	قوم	ظالم کو	فرمایئے	نہیں	پاتا میں	میں	اس جو	وحی کی گئی	میری طرف

ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا۔ آپ فرما دیجئے میں نہیں پاتا اس میں جو

مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَّطْعَمُهٗۤ اِلَّاۤ اَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَةً اَوْ دَمًا

مُحَرَّمًا	عَلٰى	طَاعِمٍ	يَّطْعَمُهٗۤ	اِلَّاۤ	اَنْ	يَّكُوْنَ	مَيْتَةً	اَوْ دَمًا
کوئی حرام	اوپر	کھانے والے کے	کہ کھائے اس کو	مگر	یہ کہ	ہو	مردار	یا خون

میری طرف وحی ہوئی کسی کھانے والے پر کھانا حرام مگر یہ کہ مردار ہو یا رگوں کا بہتا خون

مَسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ خِنْزِيْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ

مَسْفُوْحًا	اَوْ	لَحْمَ	خِنْزِيْرٍ	فَاِنَّهٗ	رِجْسٌ	اَوْ	فِسْقًا	اُهِلَّ	لِغَيْرِ	اللّٰهِ
بہتا ہوا	یا	گوشت	خنزیر کا	یقیناً وہ	نجاست ہے	یا	گناہ کی بات	جو پکارا جائے	واسطے غیر	اللہ کے

یا خنزیر کا گوشت کہ وہ نجاست ہے یا فسق ہو یعنی جس کے ذبح میں غیر اللہ کا نام پکارا گیا

بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ رَبَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴۵﴾

بِهٖ	فَمَنِ	اضْطُرَّ	غَيْرَ	بَاغٍ	وَّلَا	عَادٍ	فَاِنَّ	رَبَّكَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ
ساتھ اس کے	تو جو	ناچار ہوا	نہ	خواہش کرنے والا	اور نہ	حد سے بڑھنے والا	تو بیشک	آپ کا رب	بخشنے والا	مہربان ہے

ہو تو جو ناچار ہوا نہ یوں کہ آپ خواہش کرے اور نہ یوں کہ ضرورت سے بڑھے تو بیشک آپکا رب بخشنے والا مہربان ہے۔

وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِيْ ظُفُرٍ ۚ وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ

وَ	عَلَى	الَّذِيْنَ	هَادُوْا	حَرَّمْنَا	كُلَّ	ذِيْ ظُفُرٍ	وَ	مِنَ الْبَقَرِ	وَ	الْغَنَمِ
اور	اوپر	ان کے جو	یہودی ہوئے	حرام کیا ہم نے	ہر	ناخن والا	اور	گائے سے	اور	بکری سے

اور یہودیوں پر ہم نے حرام کیا ہر ناخن والا جانور اور گائے اور بکری کی چربی

حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُوْمَهُمَآ اِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُوْرُهُمَآ

حَرَّمْنَا	عَلَيْهِمْ	شُحُوْمَهُمَآ	اِلَّا	مَا	حَمَلَتْ	ظُهُوْرُهُمَآ
حرام کی ہم نے	ان پر	چربی ان کی	مگر	جو	لگی ہو	ان کی پیٹھوں سے

ان پر حرام کی مگر جو ان کی پیٹھ میں لگی ہو

اَوِ الْحَوَايَآ اَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ۭ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِبَغْيِهِمْ ڮ وَاِنَّا

اَوِ	الْحَوَايَآ	اَوْ	مَا	اخْتَلَطَ	بِعَظْمٍ	ذٰلِكَ	جَزَيْنٰهُمْ	بِبَغْيِهِمْ	وَ	اِنَّا
یا	انتڑیوں سے	یا	جو	ملی ہوئی	ہڈی سے	یہ	بدلہ دیا ہم نے ان کو	ان کی سرکشی کا	اور	یقیناً ہم

یا آنت یا ہڈی سے ملی ہو ہم نے یہ ان کی سرکشی کا بدلا دیا اور بے شک ہم ضرور

لَصٰدِقُوْنَ ﴿۱۴۶﴾ فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ رَّبُّكُمْ ذُوْ رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ج

لَصٰدِقُوْنَ	فَاِنْ	كَذَّبُوْكَ	فَقُلْ	رَّبُّكُمْ	ذُوْ	رَحْمَةٍ	وَّاسِعَةٍ
ضرور سچے ہیں	پھر اگر	جھٹلائیں آپکو	تو فرمادیں	تمہارا رب	صاحب	رحمت ہے	وسیع

سچے ہیں۔ پھر اگر وہ آپ کو جھٹلائیں تو فرما دیجئے کہ تمہارا رب وسیع رحمت والا ہے فرا

وَلَا يُرَدُّ بَاْسُهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۴۷﴾ سَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا

وَ	لَا	يُرَدُّ	بَاْسُهٗ	عَنِ الْقَوْمِ	الْمُجْرِمِيْنَ	سَيَقُوْلُ	الَّذِيْنَ	اَشْرَكُوْا
اور	نہیں	ٹالا جاتا	اس کا عذاب	قوم	مجرم سے	اب کہیں گے	وہ جو	مشرک ہیں

اور اس کا عذاب مجرم قوم سے نہیں ٹالا جائے گا۔ جلد ہی مشرک لوگ کہیں گے

لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكْنَا وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ شَيْءٍ ط

لَوْ	شَآءَ	اللّٰهُ	مَآ	اَشْرَكْنَا	وَ	لَآ	اٰبَآؤُنَا	وَ	لَا	حَرَّمْنَا	مِنْ شَيْءٍ
اگر	چاہتا	اللہ تو	نہ	شرک کرتے ہم	اور	نہ	ہمارے باپ دادا	اور	نہ	حرام کرتے ہم	کوئی چیز

کہ اگر اللہ چاہتا تو نہ (ہی) ہم شرک کرتے اور نہ کسی چیز کو حرام قرار دیـ

كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ حَتّٰى ذَاقُوْا بَاْسَنَا ط قُلْ هَلْ

كَذٰلِكَ	كَذَّبَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	حَتّٰى	ذَاقُوْا	بَاْسَنَا	قُلْ	هَلْ
اسی طرح	جھٹلایا	ان لوگوں نے جو	ان سے پہلے تھے	یہاں تک کہ	انہوں نے چکھا	عذاب ہمارا	فرمادو	کیا

اسی طرح ان لوگوں نے بھی جھٹلایا تھا جو اُن سے پہلے تھے حتیٰ کہ انہوں نے ہمارا عذاب چکھ لیا، فرما دیجئے

عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ط اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ

عِنْدَكُمْ	مِّنْ	عِلْمٍ	فَتُخْرِجُوْهُ	لَنَا	اِنْ	تَتَّبِعُوْنَ	اِلَّا	الظَّنَّ	وَ	اِنْ
تمہارے پاس ہے	کوئی	علم	تو لاؤ اس کو	ہمارے پاس	نہیں	پیروی کرتے تم	مگر	گمان کی	اور	

تمہارے پاس کوئی علم ہے کہ تم اسے ہمارے لئے نکال لاؤ تم صرف گمان ہی کی پیروی کرتے ہو

اَنْتُمْ اِلَّا تَخْرُصُوْنَ ﴿۱۴۸﴾ قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۚ فَلَوْ شَآءَ

اَنْتُمْ	اِلَّا	تَخْرُصُوْنَ	قُلْ	فَلِلّٰهِ	الْحُجَّةُ	الْبَالِغَةُ	فَلَوْ	شَآءَ
تم	مگر	اندازہ کرتے ہو	فرما دیں	تو اللہ کے لئے ہے	حجت	پوری	تو اگر	چاہتا

تم محض قیاس آرائیاں کرتے ہو۔ آپ ﷺ فرما دیں تو اللہ ہی کیلئے ہے پکی دلیل تو اگر اللہ چاہتا تو

لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۴۹﴾ قُلْ هَلُمَّ شُهَدَآءَكُمُ الَّذِيْنَ يَشْهَدُوْنَ اَنَّ

لَهَدٰىكُمْ	اَجْمَعِيْنَ	قُلْ	هَلُمَّ	شُهَدَآءَكُمُ	الَّذِيْنَ	يَشْهَدُوْنَ	اَنَّ
تو ہدایت دیتا تم	سب کو	فرما دو	لے آؤ	گواہ اپنے	جو	گواہی دیں کہ	بیشک

ضرور تم سب کو ہدایت فرماتا۔ آپ ﷺ فرما دیجئے تم اپنے وہ گواہ لاؤ جو گواہی دیں کہ

اللّٰهَ حَرَّمَ هٰذَا ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ

اللّٰهَ	حَرَّمَ	هٰذَا	فَاِنْ	شَهِدُوْا	فَلَا	تَشْهَدْ	مَعَهُمْ	وَ	لَا	تَتَّبِعْ	اَهْوَآءَ
اللہ نے	حرام کیا	اس کو	پھر اگر	وہ گواہی دیں	تو نہ	آپ گواہی دیں	ان کے ساتھ	اور	نہ	پیروی کریں	خواہشات

اللہ نے اسے حرام کیا پھر اگر وہ (یہ جھوٹی) گواہی دیں تو ان کے ساتھ دیں گواہی نہ دینا اور ان کی نفسانی خواہشوں

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَهُمْ بِرَبِّهِمْ

الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَ	الَّذِيْنَ	لَا	يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	وَ	هُمْ	بِرَبِّهِمْ
ان لوگوں کی کہ	جنہوں نے جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	اور	وہ جو	نہیں	ایمان لاتے	آخرت پر	اور	وہ	اپنے رب کا

کے پیچھے نہ چلنا جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور وہ (دوسروں کو) اپنے رب

يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۵۰﴾ ع قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ ع ۱۸

يَعْدِلُوْنَ	قُلْ	تَعَالَوْا	اَتْلُ	مَا	حَرَّمَ	رَبُّكُمْ	عَلَيْكُمْ	اَلَّا	تُشْرِكُوْا	بِهٖ
برابر ٹھہراتے ہیں	فرما دو	آؤ	پڑھوں میں	جو	حرام کیا	تمہارے رب نے	تم پر	یہ کہ نہ	شریک بناؤ	اس کے ساتھ

کے برابر ٹھہراتے ہیں۔ آپ ﷺ فرما دیجئے آؤ میں تمہیں پڑھ کر سنا دوں جو تم پر تمہارے رب نے حرام کیا کہ اس کا کوئی شریک

شَيْـًٔا وَّ بِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۚ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ؕ

شَيْـًٔا	وَّ	بِالْوَالِدَيْنِ	اِحْسَانًا	وَ	لَا	تَقْتُلُوْٓا	اَوْلَادَكُمْ	مِّنْ	اِمْلَاقٍ
کسی کو	اور	ماں باپ کے ساتھ	احسان کرنا	اور	نہ	قتل کرو	اولاد اپنی کو	سے	مفلسی کے خوف

نہ کرو اور ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرو اور اپنی اولاد قتل نہ کرو مفلسی کے باعث

نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ ۚ وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا

نَحْنُ	نَرْزُقُكُمْ	وَاِيَّاهُمْ	وَ	لَا	تَقْرَبُوا	الْفَوَاحِشَ	مَا	ظَهَرَ	مِنْهَا
ہم	رزق دیتے ہیں تم کو	اور ان کو بھی	اور	نہ	قریب جاؤ	بے حیائیوں کے	جو	کھلی ہو	اس سے

ہم تمہیں اور انہیں سب کو رزق دیں گے اور بے حیائیوں کے پاس نہ جاؤ جو ان میں ظاہر ہوں

وَمَا بَطَنَ ۚ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكُمْ

وَ	مَا	بَطَنَ	وَ	لَا	تَقْتُلُوا	النَّفْسَ	الَّتِيْ	حَرَّمَ	اللّٰهُ	اِلَّا	بِالْحَقِّ	ذٰلِكُمْ
اور	جو	چھپی ہو	اور	نہ	قتل کرو	کسی جان کو	کہ	حرام کیا	اللہ نے	مگر	حق کے ساتھ	یہ سے

اور جو چھپی ہیں اور جس جان کی اللہ نے حرمت رکھی اسے ناحق قتل نہ کرو یہ تمہیں

وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۵۱﴾ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ

وَصّٰىكُمْ	بِهٖ	لَعَلَّكُمْ	تَعْقِلُوْنَ	وَ	لَا	تَقْرَبُوْا	مَالَ	الْيَتِيْمِ	اِلَّا	بِالَّتِيْ
حکم فرمایا ہے تم کو	اس کا	تاکہ تمہیں	عقل ہو	اور	نہ	قریب جاؤ	مال	یتیم کے	مگر	اس طرح کہ

حکم فرمایا تاکہ تم عقل سے کام لو۔ اور یتیموں کے مال کے پاس نہ جاؤ مگر جو

هِيَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۚ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ

هِيَ	اَحْسَنُ	حَتّٰى	يَبْلُغَ	اَشُدَّهٗ	وَ	اَوْفُوا	الْكَيْلَ	وَ	الْمِيْزَانَ
وہ	بہتر ہو	یہاں تک کہ	پہنچے	جوانی اپنی کو	اور	پورا کرو	ماپ	اور	تول

جائز طریقہ ہے ان کی جوانی پہنچنے تک اور ناپ تول کو

بِالْقِسْطِ ۚ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۚ وَاِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ كَانَ

بِالْقِسْطِ	لَا	نُكَلِّفُ	نَفْسًا	اِلَّا	وُسْعَهَا	وَ	اِذَا	قُلْتُمْ	فَاعْدِلُوْا	وَ	لَوْ	كَانَ
انصاف سے	نہیں	تکلیف دیتے ہم	کسی کو	مگر	اس کی طاقت تک	اور	جب	کہو	تو انصاف کرو	اور	اگرچہ	ہو

انصاف کے ساتھ پورا کرو ہم کسی جان پر بوجھ نہیں ڈالتے مگر اس کی وسعت کے مطابق اور جب بات کہو تو انصاف

ذَا قُرْبٰى ۚ وَبِعَهْدِ اللّٰهِ اَوْفُوْا ؕ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ

ذَا	قُرْبٰى	وَبِعَهْدِ	اللّٰهِ	اَوْفُوْا	ذٰلِكُمْ	وَصّٰىكُمْ	بِهٖ	لَعَلَّكُمْ
صاحب	قرابت	اور عہد	اللہ کا	پورا کرو	یہ	نصیحت کرتا ہے	اس کی	تا کہ تم

کی کہو اگرچہ تمہارے رشتہ دار کا معاملہ ہو اور اللہ ہی کا عہد پورا کرو یہ تمہیں تاکید فرمائی تا کہ تم

تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِیْ مُسْتَقِیْمًا فَاتَّبِعُوْهُ ۚ وَلَا تَتَّبِعُوا

تَذَكَّرُوْنَ	وَ	اَنَّ	هٰذَا	صِرَاطِیْ	مُسْتَقِیْمًا	فَاتَّبِعُوْهُ	وَلَا	تَتَّبِعُوا
نصیحت مانو	اور	بیشک	یہ	میرا راستہ	سیدھا ہے	پیروی کرو اس کی	اور نہ	پیروی کرو

نصیحت مانو۔ اور یہ کہ یہی میرا سیدھا راستہ ہے سو تم اس کی پیروی کرو اور دوسرے

السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِیْلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ

السُّبُلَ	فَتَفَرَّقَ	بِكُمْ	عَنْ سَبِیْلِهٖ	ذٰلِكُمْ	وَصّٰىكُمْ	بِهٖ	لَعَلَّكُمْ
اور راہوں کی	جدا کردیں گے	تم کو	اس کی راہ سے	یہ	نصیحت کرتا ہے	تم کو اس کی	تا کہ تم

راستوں پر نہ چلو پھر وہ (راستے) تمہیں اللہ کی راہ سے جدا کر دیں گے یہی وہ بات ہے جس کا اس نے تمہیں تاکیدی حکم دیا ہے تا کہ تم

تَتَّقُوْنَ ﴿۱۵۳﴾ ثُمَّ اٰتَیْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ تَمَامًا عَلَى الَّذِیْۤ اَحْسَنَ

تَتَّقُوْنَ	ثُمَّ	اٰتَیْنَا	مُوْسَى	الْكِتٰبَ	تَمَامًا	عَلَى	الَّذِیْۤ	اَحْسَنَ
ڈرو	پھر	عطا کی ہم نے	موسیٰ کو	کتاب	پورا کرنے کو	اوپر	اس کے جو	نیک ہے

پرہیزگار بن جاؤ۔ پھر ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب عطا کی اس شخص پر (نعمت) پوری کرنے کے لیے جو نیکی کا راستہ

وَتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ

وَ	تَفْصِيْلًا	لِّكُلِّ	شَيْءٍ	وَّ	هُدًى	وَّ	رَحْمَةً	لَّعَلَّهُمْ	بِلِقَآءِ	رَبِّهِمْ
اور	تفصیل	ہر	چیز کی	اور	ہدایت	اور	رحمت	تا کہ وہ	ملاقات کو	اپنے رب کی

اور (اسے) ہر چیز کی تفصیل اور ہدایت اور رحمت بنا کر (اتارا) تاکہ وہ اپنے رب سے ملاقات پر

يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٥٤﴾ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ وَاتَّقُوْا لَعَلَّكُمْ ع

يُؤْمِنُوْنَ	وَهٰذَا	كِتٰبٌ	اَنْزَلْنٰهُ	مُبٰرَكٌ	فَاتَّبِعُوْهُ	وَ	اتَّقُوْا	لَعَلَّكُمْ
مانیں	اور یہ	کتاب ہے	ہم نے اس کو اتارا	برکت والی	تو اس کی پیروی کرو	اور	ڈرو	تا کہ تم

ایمان لائیں۔ اور یہ (قرآن) برکت والی کتاب ہے ہم نے اسے نازل کیا ہے اس کی اتباع کرو اور ڈرتے رہو تا

تُرْحَمُوْنَ ﴿١٥٥﴾ اَنْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اُنْزِلَ الْكِتٰبُ عَلٰى طَآئِفَتَيْنِ مِنْ قَبْلِنَا

تُرْحَمُوْنَ	اَنْ	تَقُوْلُوْٓا	اِنَّمَآ	اُنْزِلَ	الْكِتٰبُ	عَلٰى	طَآئِفَتَيْنِ	مِنْ قَبْلِنَا
رحم کیے جاؤ	یہ کہ	تم کہو	اس کے سوا نہیں کہ	اتاری گئی	کتاب	اوپر	دو گروہوں کے	ہم سے پہلے

کہ تم پر رحم کیا جائے۔ (قرآن اس لئے نازل کیا) کہ تم کہیں یہ (نہ) کہو کہ کتاب تو ہم سے پہلے صرف دو گروہوں پر

وَاِنْ كُنَّا عَنْ دِرَاسَتِهِمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿١٥٦﴾ اَوْ تَقُوْلُوْا لَوْ اَنَّآ اُنْزِلَ

وَ	اِنْ	كُنَّا	عَنْ دِرَاسَتِهِمْ	لَغٰفِلِيْنَ	اَوْ	تَقُوْلُوْا	لَوْ	اَنَّآ اُنْزِلَ
اور	بیشک	ہم تھے	ان کے پڑھنے سے	یقیناً بے خبر	یا	تم کہو	اگر	بیشک اتاری جاتی

اُتاری گئی تھی اور بے شک ہم ان (لوگوں) کے پڑھنے پڑھانے سے بے خبر تھے۔ یا کہو اگر ہم پر کتاب اتاری جاتی تو ہم

عَلَيْنَا الْكِتٰبُ لَكُنَّآ اَهْدٰى مِنْهُمْ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

عَلَيْنَا	الْكِتٰبُ	لَكُنَّآ	اَهْدٰى	مِنْهُمْ	فَقَدْ	جَآءَكُمْ	بَيِّنَةٌ	مِّنْ رَّبِّكُمْ
ہم پر	کتاب	تو ہوتے ہم	زیادہ ہدایت والے	ان سے	تو بیشک	آئی تمہارے پاس	دلیل	تمہارے رب کی طرف سے

ان سے زیادہ ہدایت یافتہ ہوتے تو تمہارے پاس تمہارے رب کی روشن دلیل

وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَصَدَفَ

وَهُدًى	وَ	رَحْمَةٌ	فَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنْ	كَذَّبَ	بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ	وَصَدَفَ
اور ہدایت	اور	رحمت	تو کون	زیادہ ظالم ہے	اس سے جو	جھٹلائے	آیات	الٰہی کو	اور منہ پھیرے

اور ہدایت اور رحمت آئی تو اس سے زیادہ ظالم کون ہے جو اللہ کی آیتوں کو جھٹلائے اور ان سے منہ پھیرے

عَنْهَا ۭ سَنَجْزِی الَّذِیْنَ یَصْدِفُوْنَ عَنْ اٰیٰتِنَا سُوْٓءَ الْعَذَابِ بِمَا

عَنْهَا	سَنَجْزِی	الَّذِیْنَ	یَصْدِفُوْنَ	عَنْ اٰیٰتِنَا	سُوْٓءَ	الْعَذَابِ	بِمَا
اس سے	عنقریب بدلہ دیں گے ہم	ان کو جو	منہ پھیرتے ہیں	ہماری آیتوں سے	برے	عذاب کا	بدلہ اس کا کہ

عنقریب وہ جو ہماری آیتوں سے منہ پھیرتے ہیں ہم انہیں برے عذاب کی سزا دیں گے یہ بدلہ ہے

كَانُوْا یَصْدِفُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ هَلْ یَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِیَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ

كَانُوْا	یَصْدِفُوْنَ	هَلْ	یَنْظُرُوْنَ	اِلَّآ	اَنْ	تَاْتِیَهُمُ	الْمَلٰٓئِكَةُ
تھے وہ	منہ پھیرتے	نہیں	انتظار کرتے	مگر	یہ کہ	آئیں ان کے پاس	فرشتے

ان کے منہ پھیرنے کا۔ کیا وہ محض اس بات کا انتظار کر رہے ہیں کہ آئیں ان کے پاس فرشتے

اَوْ یَاْتِیَ رَبُّكَ اَوْ یَاْتِیَ بَعْضُ اٰیٰتِ رَبِّكَ ۭ یَوْمَ یَاْتِیْ بَعْضُ اٰیٰتِ

اَوْ	یَاْتِیَ	رَبُّكَ	اَوْ	یَاْتِیَ	بَعْضُ	اٰیٰتِ	رَبِّكَ	یَوْمَ	یَاْتِیْ	بَعْضُ	اٰیٰتِ
یا	آئے	آپکا رب	یا	آئیں	بعض	نشانیاں	آپکے رب کی تو	دن	آئے	بعض	نشانیاں

یا آپکے رب کا عذاب یا آپکے رب کی ایک نشانی آئے جس دن تمہارے رب کی وہ ایک نشانی آئے گی

رَبِّكَ لَا یَنْفَعُ نَفْسًا اِیْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ

رَبِّكَ	لَا	یَنْفَعُ	نَفْسًا	اِیْمَانُهَا	لَمْ	تَكُنْ	اٰمَنَتْ	مِنْ قَبْلُ	اَوْ	كَسَبَتْ
آپکے رب کی تو	نہ	نفع دے گا	کسی آدمی کو	اس کا ایمان	نہ	تھا	ایمان لایا	پہلے	یا	کمائے

کسی جان کو ایمان لانا کام نہ دے گا جو پہلے ایمان نہ لائی تھی یا اپنے ایمان میں کوئی بھلائی نہ کمائی تھی

فِيْٓ اِيْمَانِهَا خَيْرًا ؕ قُلِ انْتَظِرُوْٓا اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

فِيْٓ	اِيْمَانِهَا	خَيْرًا	قُلِ	انْتَظِرُوْٓا	اِنَّا	مُنْتَظِرُوْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ
میں	اپنے ایمان	بھلائی	فرمادیں	انتظار کرو	بیشک ہم بھی ہیں	انتظار کرنے والے	بیشک	وہ جو

آپ فرما دیجئے انتظار کرو میں بھی انتظار کرتا ہوں۔ بے شک جن

فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِيْ شَيْءٍ ؕ اِنَّمَآ اَمْرُهُمْ

فَرَّقُوْا	دِيْنَهُمْ	وَ	كَانُوْا	شِيَعًا	لَسْتَ	مِنْهُمْ	فِيْ	شَيْءٍ	اِنَّمَآ	اَمْرُهُمْ
جدا جدا کر دیا	اپنا دین	اور	ہو گئے	کئی گروہ	نہیں آپ	ان سے	میں	کسی چیز	نہیں سوائے اسکے کہ	ان کا معاملہ

لوگوں نے اپنے دین کو پارہ پارہ کر دیا اور وہ (مختلف) فرقوں میں بٹ گئے آپ کسی چیز میں ان کے (تعلق دار اور ذمہ دار) نہیں

اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ

اِلَى	اللّٰهِ	ثُمَّ	يُنَبِّئُهُمْ	بِمَا	كَانُوْا	يَفْعَلُوْنَ	مَنْ	جَآءَ	بِالْحَسَنَةِ	فَلَهٗ
طرف	اللہ کی ہے	پھر	بتائے گا ان کو	اسکی کہ	تھے وہ	کرتے	جو	لائے گا	ایک نیکی	تو اس کیلئے ہے

ہیں بس ان کا معاملہ اللہ ہی کے حوالہ ہے پھر وہ انہیں آگاہ فرمادے گا جو وہ کیا کرتے تھے۔ جو کوئی ایک نیکی لائے گا تو اس

عَشْرُ اَمْثَالِهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ

عَشْرُ	اَمْثَالِهَا	وَ	مَنْ	جَآءَ	بِالسَّيِّئَةِ	فَلَا	يُجْزٰٓى	اِلَّا	مِثْلَهَا	وَ	هُمْ
دس	مثل اس کی	اور	جو	لائے گا	برائی	تو نہ	بدلہ دیا جائے گا	مگر	برابر اس کے	اور	وہ

کیلئے (بطور اجر) اس جیسی دس نیکیاں ہیں اور جو کوئی ایک گناہ لائے گا تو اس کو اس جیسے ایک (گناہ کے سوا سزا) نہیں دی جائے گی

لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۶۰﴾ قُلْ اِنَّنِيْ هَدٰىنِيْ رَبِّيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۚ

لَا	يُظْلَمُوْنَ	قُلْ	اِنَّنِيْ	هَدٰىنِيْ	رَبِّيْٓ	اِلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ
نہ	ظلم کئے جائیں گے	فرمادو	بیشک میں	ہدایت کی مجھ کو	میرے رب نے	طرف	راستے	سیدھے کی

اور وہ ظلم نہیں کئے جائیں گے۔ (اے محبوب ﷺ!) فرما دیجئے بے شک میرے رب نے مجھے سیدھی راہ کی طرف ہدایت فرمائی

دِيْنًا قِيَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٦١﴾ قُلْ

دِيْنًا	قِيَمًا	مِّلَّةَ	اِبْرٰهِيْمَ	حَنِيْفًا	وَ	مَا	كَانَ	مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ	قُلْ
دین	قائم	ملت	ابراہیم	ایک رخ کی	اور	نہ	تھا	مشرکوں سے	فرمادیں

محکم دین ملتِ ابراہیم کی طرف جو ہر باطل سے جدا محض حق کے ساتھ تھے اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھے۔ آپ ﷺ

اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦٢﴾ لا

اِنَّ	صَلَاتِيْ	وَ	نُسُكِيْ	وَ	مَحْيَايَ	وَ	مَمَاتِيْ	لِلّٰهِ	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ
بیشک	میری نماز	اور	میری قربانی	اور	میری زندگی	اور	میری موت	اللہ	رب	العالمین کیلئے ہے

فرمادیجئے بے شک میری نماز اور میرا حج و قربانی (سب عبادات) اور میرا جینا اور میرا مرنا سب اللہ ہی کیلئے ہے جو رب ہے سارے جہانوں کا۔

لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۚ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿١٦٣﴾ قُلْ اَغَيْرَ

لَا	شَرِيْكَ	لَهٗ	وَ	بِذٰلِكَ	اُمِرْتُ	وَ	اَنَا	اَوَّلُ	الْمُسْلِمِيْنَ	قُلْ	اَغَيْرَ
نہیں	کوئی شریک	اس کا	اور	اسی کا	میں حکم دیا گیا ہوں	اور	میں	پہلا	مسلمان ہوں	فرمادیں	کیا سوا

اس کا کوئی شریک نہیں مجھے یہی حکم ہوا ہے اور (کائنات میں) میں سب سے پہلا مسلمان ہوں۔ آپ ﷺ فرمادیجئے۔

اللّٰهِ اَبْغِيْ رَبًّا وَّهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ ۭ وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ

اللّٰهِ	اَبْغِيْ	رَبًّا	وَّ	هُوَ	رَبُّ	كُلِّ	شَيْءٍ	وَ	لَا	تَكْسِبُ	كُلُّ	نَفْسٍ
اللہ کے	میں تلاش کروں	کوئی رب	اور	وہ	رب ہے	ہر	چیز کا	اور	نہیں	کمائی	ہر	جان

کیا اللہ کے سوا اور رب تلاش کروں حالانکہ وہ ہی ہر چیز کا رب ہے اور ہر شخص جو کچھ کماتا ہے

اِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۚ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ

اِلَّا	عَلَيْهَا	وَ	لَا	تَزِرُ	وَازِرَةٌ	وِّزْرَ	اُخْرٰى	ثُمَّ	اِلٰى	رَبِّكُمْ	مَّرْجِعُكُمْ
مگر	اسی پر ہے	اور	نہیں	اٹھائے گا	کوئی بھی بوجھ اٹھانے والا	بوجھ	دوسرے کا	پھر	طرف	رب تمہارے کے	لوٹنا تمہارا

اس کا بوجھ اسی پر ہے کوئی بوجھ اٹھانے والی جان دوسرے کا بوجھ نہ اٹھائے گی پھر تمہیں اپنے رب کی طرف لوٹنا ہے

فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ

فَيُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ	فِيْهِ	تَخْتَلِفُوْنَ	وَ	هُوَ	الَّذِيْ	جَعَلَكُمْ	خَلٰٓئِفَ
پھر بتادے گا تم کو	کہ جو	تھے تم	اس میں	اختلاف کرتے	اور	وہ	وہ ہے جس نے	کیا تم کو	نائب

وہ تمہیں بتادے گا اس چیز کے بارے میں جس میں تم اختلاف کرتے تھے۔ اور وہی ہے جس نے تم کو زمین میں نائب بنایا

الْاَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ

الْاَرْضِ	وَ	رَفَعَ	بَعْضَكُمْ	فَوْقَ	بَعْضٍ	دَرَجٰتٍ	لِّيَبْلُوَكُمْ	فِيْ	مَآ
زمین میں	اور	بلند کیا	بعض تمہارے کو	اوپر	بعض کے	درجوں میں	تاکہ آزمائے تم کو	میں	اس جو

اور تم میں سے بعض کو بعض پر درجات میں بلند کیا تاکہ وہ ان (چیزوں) میں تمہیں آزمائے جو اس نے تمہیں

اٰتٰىكُمْ ؕ اِنَّ رَبَّكَ سَرِيْعُ الْعِقَابِ ۖ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۶۵﴾ ع ۲۰

اٰتٰىكُمْ	اِنَّ	رَبَّكَ	سَرِيْعُ	الْعِقَابِ	وَ	اِنَّهٗ	لَغَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ
عطا کی تم کو	بیشک	آپکا رب	جلدی	سزا دینے والا ہے	اور	بیشک وہ	بخشنے والا	مہربان ہے

عطا کر رکھی ہیں بے شک آپ کا رب جلد سزا دینے والا ہے اور بے شک وہ بڑا بخشنے والا اور بے حد رحم فرمانے والا ہے۔

اٰیاتہا ۲۰۶ ۔ ۷ سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ مَكِّيَّةٌ ۳۹ ۔ رکوعاتہا ۲۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓصٓ ﴿۱﴾ كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ

الٓمّٓصٓ	كِتٰبٌ	اُنْزِلَ	اِلَيْكَ	فَلَا	يَكُنْ	فِيْ	صَدْرِكَ	حَرَجٌ	مِّنْهُ
ال م ص	کتاب	اتاری گئی	آپ کی طرف	تو نہ	ہو	میں	آپکے سینہ	تنگی	اس سے

الٓمّٓصٓ یہ ایک کتاب آپ کی طرف اس لیے نازل کی گئی ہے آپ اس کے ذریعے سے لوگوں کو ڈر سنائیں سو آپ اس سے تنگدل

لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝۲ اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ

لِتُنْذِرَ	بِهٖ	وَ	ذِكْرٰى	لِلْمُؤْمِنِيْنَ	اِتَّبِعُوْا	مَآ	اُنْزِلَ	اِلَيْكُمْ	مِّنْ رَّبِّكُمْ
تا کہ ڈرائیں	اس سے	اور	نصیحت	مسلمانوں کیلئے	پیروی کرو	اس کی جو	اتاری گئی	تمہاری طرف	تمہارے رب سے

نہ ہوں اور یہ نصیحت ہے ایمان والوں کے لیے۔ (اے لوگو) تم اس (قرآن) کی پیروی کرو جو تمہارے رب کی طرف سے تمہاری

وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۝۳ وَكَمْ

وَ	لَا	تَتَّبِعُوْا	مِنْ دُوْنِهٖ	اَوْلِيَآءَ	قَلِيْلًا	مَّا	تَذَكَّرُوْنَ	وَ	كَمْ
اور	نہ	پیروی کرو	اس کے سوا	دوستوں کی	تھوڑی ہے	جو	نصیحت لیتے ہو	اور	کتنی ہی

طرف نازل کیا گیا ہے اور اس کے غیروں میں سے دوستوں کے پیچھے مت چلو تم بہت ہی کم نصیحت قبول کرتے ہو۔ اور کتنی ہی

مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَآءَهَا بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْ هُمْ قَآئِلُوْنَ ۝۴ فَمَا

مِّنْ قَرْيَةٍ	اَهْلَكْنٰهَا	فَجَآءَهَا	بَاْسُنَا	بَيَاتًا	اَوْ	هُمْ	قَآئِلُوْنَ	فَمَا
بستیاں	ہلاک کیں ہم نے	آیا ان کے اوپر	ہمارا عذاب	رات کو	یا	وہ	دوپہر کو سوئے ہوئے تھے	تو نہیں

بستیاں ہیں جنہیں ہم نے ہلاک کر دیا سو ان پر ہمارا عذاب رات کے وقت آیا یا (جبکہ) وہ دوپہر کو سو رہے تھے۔ تو نہ

كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَآ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا

كَانَ	دَعْوٰىهُمْ	اِذْ	جَآءَهُمْ	بَاْسُنَآ	اِلَّآ	اَنْ	قَالُوْٓا	اِنَّا	كُنَّا
تھی	پکار ان کی	جبکہ	آیا ان پر	ہمارا عذاب	مگر	یہ کہ	کہا انہوں نے	بیشک ہم	ہی تھے

تھی ان کی پکار جب ان پر ہمارا عذاب آیا مگر یہ کہ انہوں نے کہا کہ بے شک

ظٰلِمِيْنَ ۝۵ فَلَنَسْــَٔلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ وَلَنَسْــَٔلَنَّ

ظٰلِمِيْنَ	فَلَنَسْــَٔلَنَّ	الَّذِيْنَ	اُرْسِلَ	اِلَيْهِمْ	وَ	لَنَسْــَٔلَنَّ
ظالم	تو ضرور پوچھیں گے ہم	ان کو جو	بھیجا گیا	ان کی طرف	اور	ضرور پوچھیں گے ہم

ظالم تھے۔ تو بے شک ہم ان لوگوں سے بھی ضرور پوچھیں گے جن کی طرف رسول بھیجے گئے اور بے شک ہم رسولوں سے

الْمُرْسَلِيْنَ ۙ ⑥ فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ وَّمَا كُنَّا غَآئِبِيْنَ ⑦

الْمُرْسَلِيْنَ	فَلَنَقُصَّنَّ	عَلَيْهِمْ	بِعِلْمٍ	وَ	مَا	كُنَّا	غَآئِبِيْنَ
رسولوں سے	ہم ضرور بیان کریں گے	ان پر	اپنے علم سے	اور	نہیں	ہم	غائب

ضرور پوچھیں گے۔ تو ضرور ہم ان کو بتا دیں گے اپنے علم سے اور ہم کہیں غائب نہ تھے۔

وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذِ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

وَ	الْوَزْنُ	يَوْمَئِذِ	الْحَقُّ	فَمَنْ	ثَقُلَتْ	مَوَازِيْنُهٗ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ
اور	تول	اس دن	حق ہے	تو جس کا	بھاری ہوا	وزن	تو یہی لوگ	وہی ہیں

اور اس دن (اعمال کا) وزن حق ہو گا تو جن کے پلڑے بھاری ہوں گے وہی لوگ

الْمُفْلِحُوْنَ ⑧ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا

الْمُفْلِحُوْنَ	وَ	مَنْ	خَفَّتْ	مَوَازِيْنُهٗ	فَاُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	خَسِرُوْٓا
کامیاب	اور	جس کا	ہلکا ہوا	وزن	تو یہی	وہ ہیں	جنہوں نے خسارہ دیا

کامیاب ہونیوالے ہیں۔ اور جن کے (نیکیوں کے) پلڑے ہلکے ہوں گے تو یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کو نقصان

اَنْفُسَهُمْ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ⑨ وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ

اَنْفُسَهُمْ	بِمَا	كَانُوْا	بِاٰيٰتِنَا	يَظْلِمُوْنَ	وَ	لَقَدْ	مَكَّنّٰكُمْ	فِي	الْاَرْضِ
اپنی جانوں کو	بدلہ اس کا کہ	تھے وہ	ہماری آیتوں سے	ظلم کرتے	اور	بیشک	جگہ دی ہم نے تم کو	میں	زمین

پہنچایا اس وجہ سے کہ وہ ہماری آیتوں کے ساتھ ظلم کرتے تھے۔ اور بے شک ہم نے تم کو زمین میں جگہ دی

وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ⑩ ع وَلَقَدْ

وَ	جَعَلْنَا	لَكُمْ	فِيْهَا	مَعَايِشَ	قَلِيْلًا	مَّا تَشْكُرُوْنَ	وَلَقَ
اور	بنائے ہم نے	تمہارے لئے	اس میں	زندگی کے اسباب	تھوڑا ہے	جو تم شکر کرتے ہو	اور بیشک

اور ہم نے اس میں تمہارے لئے اسباب معیشت پیدا کیے، تم بہت ہی کم شکر بجا لاتے ہو۔ اور بے ش

خَلَقْنٰكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنٰكُمْ ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ ق

خَلَقْنٰكُمْ	ثُمَّ	صَوَّرْنٰكُمْ	ثُمَّ	قُلْنَا	لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اسْجُدُوْا	لِاٰدَمَ
پیدا کیا ہم نے تم کو	پھر	تمہاری صورتیں بنائیں	پھر	ہم نے فرمایا	ملائکہ کو	سجدہ کرو	آدم کو

ہم نے تمہیں پیدا کیا پھر تمہاری صورت بنائی پھر ہم نے فرشتوں سے کہا کہ آدم کو

فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ط لَمْ يَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۱۱﴾ قَالَ مَا

فَسَجَدُوْٓا	اِلَّآ	اِبْلِيْسَ	لَمْ	يَكُنْ	مِّنَ السّٰجِدِيْنَ	قَالَ	مَا
تو سجدہ کیا انہوں نے	مگر	ابلیس	نہ	ہوا	سجدہ کرنیوالوں میں سے	فرمایا	کس نے

سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا سوائے شیطان کے وہ سجدہ کرنے والوں میں شامل نہ ہوا۔ اللہ نے فرمایا!

مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُكَ ط قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ج خَلَقْتَنِيْ

مَنَعَكَ	اَلَّا	تَسْجُدَ	اِذْ	اَمَرْتُكَ	قَالَ	اَنَا	خَيْرٌ	مِّنْهُ	خَلَقْتَنِيْ
روکا تجھ کو	نہ	سجدہ کیا تو نے	جب	میں نے تجھ کو حکم دیا	بولا	میں	بہتر ہوں	اس سے	پیدا کیا تو نے مجھ کو

کس چیز نے تجھے روکا کہ تو نے سجدہ نہ کیا جب میں نے تجھے حکم دیا؟ اس نے کہا میں اس سے بہتر ہوں۔ تو نے مجھے

مِنْ نَّارٍ وَّ خَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ﴿۱۲﴾ قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُوْنُ

مِنْ نَّارٍ	وَّ	خَلَقْتَهٗ	مِنْ طِيْنٍ	قَالَ	فَاهْبِطْ	مِنْهَا	فَمَا	يَكُوْنُ
آگ سے	اور	پیدا کیا تو نے اس کو	مٹی سے	فرمایا	اتر جا	اس سے	نہیں	ہے

آگ سے پیدا کیا اور اسے مٹی سے بنایا۔ فرمایا تو یہاں سے اتر جا تجھے کوئی حق نہیں ہے

لَكَ اَنْ تَتَكَبَّرَ فِيْهَا فَاخْرُجْ اِنَّكَ مِنَ الصّٰغِرِيْنَ ﴿۱۳﴾ قَالَ

كَ	اَنْ	تَتَكَبَّرَ	فِيْهَا	فَاخْرُجْ	اِنَّكَ	مِنَ الصّٰغِرِيْنَ	قَالَ
ھے	یہ کہ	غرور کرے تو	اس میں	سو تو نکل	بیشک تو	ذلت والوں میں سے ہے	بولا

یہاں رہ کر غرور کرے نکل تو بے ذلت والوں میں۔ اس نے کہا (اے اللہ) مجھے مہلت دے

أَنْظِرْنِيٓ إِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿١٤﴾ قَالَ إِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿١٥﴾ قَالَ

أَنْظِرْنِيٓ	إِلٰى	يَوْمِ	يُبْعَثُوْنَ	قَالَ	إِنَّكَ	مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ	قَالَ
مہلت دے مجھ کو	طرف	دن کی کہ	لوگ اٹھائے جائیں	فرمایا	بیشک تو	مہلت والوں میں سے ہے	بولا

اس دن تک کہ یہ سب لوگ اٹھائے جائیں گے۔ ارشاد ہوا بے شک تو مہلت دیئے جانے والوں میں سے ہے۔ اس (ابلیس)

فَبِمَآ أَغْوَيْتَنِيْ لَأَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿١٦﴾ لا ثُمَّ

فَبِمَآ	أَغْوَيْتَنِيْ	لَأَقْعُدَنَّ	لَهُمْ	صِرَاطَكَ	الْمُسْتَقِيْمَ	ثُمَّ
بسبب اسکے کہ	تو نے مجھے گمراہ کیا	ضرور بیٹھوں گا میں	ان کے لئے	تیرے راستے پر	سیدھے	پھر

نے کہا پس اس وجہ سے کہ تو نے مجھے بھٹکا دیا ہے (مجھے قسم ہے کہ) میں (بھی) بنی آدم کو گمراہ کرنے کیلئے تیری سیدھی راہ پر ضرور بیٹھوں گا۔ پھر

لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْۢ بَيْنِ أَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ أَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَآئِلِهِمْ ط

لَاٰتِيَنَّهُمْ	مِّنْۢ بَيْنِ أَيْدِيْهِمْ	وَ	مِنْ خَلْفِهِمْ	وَ	عَنْ أَيْمَانِهِمْ	وَ	عَنْ شَمَآئِلِهِمْ
میں آؤں گا انکے پاس	آگے ان کے سے	اور	انکے پیچھے سے	اور	انکے دائیں سے	اور	انکے بائیں سے

میں ضرور ان کے پاس آؤں گا ان کے آگے سے اور ان کے پیچھے سے اور ان کے دائیں سے

وَلَا تَجِدُ أَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ ﴿١٧﴾ قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا

وَ	لَا	تَجِدُ	أَكْثَرَهُمْ	شٰكِرِيْنَ	قَالَ	اخْرُجْ	مِنْهَا
اور	نہ	پائے گا تو	اکثر ان کے کو	شکر گزار	فرمایا	نکل جا	یہاں سے

اور ان کے بائیں سے اور تو ان میں سے اکثر کو شکر گزار نہ پائے گا۔ اللہ نے فرمایا! یہاں سے نکل جا ذلیل

مَذْءُوْمًا مَّدْحُوْرًا ط لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَأَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكُمْ

مَذْءُوْمًا	مَّدْحُوْرًا	لَمَنْ	تَبِعَكَ	مِنْهُمْ	لَأَمْلَئَنَّ	جَهَنَّمَ	مِنْكُمْ
رد کیا ہوا	راندہ ہوا	یقیناً جو	پیروی کرے گا تیری	ان میں سے	تو بھروں گا میں	جہنم کو	تم

اور مردود ہو کر ضرور ان میں سے جو تیرے پیچھے چلا یقیناً میں تم سب سے

اَجْمَعِيْنَ (۱۸) وَيٰۤاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ حَيْثُ

اَجْمَعِيْنَ	وَيٰۤاٰدَمُ	اسْكُنْ	اَنْتَ	وَ	زَوْجُكَ	الْجَنَّةَ	فَكُلَا	مِنْ حَيْثُ
سب سے	اور اے آدم	رہ	تو	اور	تیری بیوی	جنت میں	پھر کھاؤ	جہاں سے

بھر دوں گا۔ اور اے آدم تم اور تمہاری بیوی جنت میں رہو تو اس میں جہاں سے چاہو کھاؤ

شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ (۱۹)

شِئْتُمَا	وَ	لَا	تَقْرَبَا	هٰذِهِ	الشَّجَرَةَ	فَتَكُوْنَا	مِنَ الظّٰلِمِيْنَ
چاہو تم	اور	نہ	قریب جانا	اس	پیڑ کے	ورنہ ہو جاؤ گے تم	ظالموں سے

اور اس درخت کے پاس نہ جانا کہ حد سے بڑھنے والوں میں ہو جاؤ گے۔

فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطٰنُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا وٗرِيَ عَنْهُمَا مِنْ سَوْاٰتِهِمَا

فَوَسْوَسَ	لَهُمَا	الشَّيْطٰنُ	لِيُبْدِيَ	لَهُمَا	مَا وٗرِيَ	عَنْهُمَا	مِنْ سَوْاٰتِهِمَا
پھر وسوسہ ڈالا	ان دونوں کو	شیطان نے	تاکہ ظاہر کرے	ان کے لئے	جو چھپایا گیا تھا	ان سے	ان کی شرمگاہیں

پھر شیطان نے ان کے دل میں وسوسہ ڈالا کہ ان پر کھول دے ان کی شرم کی چیزیں جو ان سے چھپی تھیں

وَقَالَ مَا نَهٰكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ اِلَّاۤ اَنْ

وَ	قَالَ	مَا	نَهٰكُمَا	رَبُّكُمَا	عَنْ هٰذِهِ	الشَّجَرَةِ	اِلَّاۤ	اَنْ
اور	کہا	نہیں	روکا تم کو	تمہارے رب نے	اس	پیڑ سے	مگر	یہ کہ

اور بولا تمہیں تمہارے رب نے اس درخت سے اسی لئے منع فرمایا ہے کہ کہیں تم دونوں

تَكُوْنَا مَلَكَيْنِ اَوْ تَكُوْنَا مِنَ الْخٰلِدِيْنَ (۲۰) وَقَاسَمَهُمَاۤ اِنِّيْ لَكُمَا

تَكُوْنَا	مَلَكَيْنِ	اَوْ	تَكُوْنَا	مِنَ الْخٰلِدِيْنَ	وَقَاسَمَهُمَاۤ	اِنِّيْ	لَكُمَا
ہو جاؤ تم	فرشتے	یا	ہو جاؤ تم	ہمیشہ رہنے والے	اور قسم اٹھائی اس نے	کہ میں	تم دونوں کا

فرشتے نہ ہو جاؤ یا ہمیشہ جینے والے نہ بن جاؤ۔ (یعنی) اس مقام قرب سے کبھی محروم نہیں کیے جاؤ گے) اور ان دونوں

لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿٢١﴾ ۙ فَدَلّٰىهُمَا بِغُرُوْرٍ ۚ فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ

لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ	فَدَلّٰىهُمَا	بِغُرُوْرٍ	فَلَمَّا	ذَاقَا	الشَّجَرَةَ	بَدَتْ
خیر خواہ ہوں	سو آمادہ کر دیا ان کو	فریب سے	پھر جب	چکھا	پیڑ کو	ظاہر ہو گئیں

سے قسم کھا کر کہا کہ بے شک میں تمہارے خیر خواہوں میں سے ہوں۔ پس اس نے فریب دے کر ان دونوں کو (درخت کا پھل

لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ؕ

لَهُمَا	سَوْاٰتُهُمَا	وَ	طَفِقَا	يَخْصِفٰنِ	عَلَيْهِمَا	مِنْ وَّرَقِ	الْجَنَّةِ
ان کیلیے	ان کی شرم گاہیں	اور	شروع کیا ان دونوں نے	لپیٹنے لگے	اپنے اوپر	پتے	جنت کے

کھانے پر آمادہ کر لیا) سو جب دونوں نے درخت (کے پھل) کو چکھ لیا تو دونوں کے ستر ان پر ظاہر ہو گئے اور دونوں اپنے اوپر جنت کے

وَنَادٰىهُمَا رَبُّهُمَآ اَلَمْ اَنْهَكُمَا عَنْ تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ وَاَقُلْ لَّكُمَآ اِنَّ

وَ	نَادٰىهُمَا	رَبُّهُمَآ	اَلَمْ	اَنْهَكُمَا	عَنْ تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ	وَ	اَقُلْ	لَّكُمَآ	اِنَّ
اور	فرمایا ان کو	ان کے رب نے	کیا نہیں	روکا تھا میں نے تم کو	اس پیڑ سے	اور	فرمایا تھا میں نے	تم سے	کہ بیشک

پتے چپکانے لگے تو ان کے رب نے انہیں ندا فرمائی کہ کیا میں نے تم دونوں کو اس درخت (کے قریب جانے) سے روکا نہ تھا اور تم سے یہ

الشَّيْطٰنَ لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿٢٢﴾ قَالَا رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ٚ سکتہ وَاِنْ

الشَّيْطٰنَ	لَكُمَا	عَدُوٌّ	مُّبِيْنٌ	قَالَا	رَبَّنَا	ظَلَمْنَآ	اَنْفُسَنَا	وَ	اِنْ
شیطان	تم دونوں کا	دشمن ہے	کھلا	کہنے لگے	اے ہمارے رب	ہم نے ظلم کیا	اپنی جانوں پر	اور	اگر

(نہ) فرمایا تھا کہ بے شک شیطان تم دونوں کا کھلا دشمن ہے۔ دونوں نے عرض کیا اے ہمارے رب! ہم نے اپنی جانوں پر زیادتی

لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٢٣﴾ قَالَ اهْبِطُوْا

لَّمْ	تَغْفِرْ لَنَا	وَ	تَرْحَمْنَا	لَنَكُوْنَنَّ	مِنَ الْخٰسِرِيْنَ	قَالَ	اهْبِطُوْا
نہ	بخشا تو نے ہم کو	اور	رحم نہ کیا	تو ہو جائیں گے ہم	خسارہ والوں سے	فرمایا	اتر جاؤ

کی اور اگر تو ہمیں نہ بخشے اور ہم پر رحم نہ فرمائے تو ہم ضرور نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔ اللہ نے فرمایا نیچے اُ

بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۲۴﴾

بَعْضُكُمْ	لِبَعْضٍ	عَدُوٌّ	وَ	لَكُمْ	فِي	الْأَرْضِ	مُسْتَقَرٌّ	وَ	مَتَاعٌ	اِلٰى حِيْنٍ
بعض تمہارا	بعض کا	دشمن ہے	اور	تمہارے لئے	میں	زمین	ٹھہرنا ہے	اور	برتنا ہے	ایک وقت تک

جاؤ تم ایک دوسرے کے دشمن ہونگے اور تمہارے لئے زمین میں ٹھہرنے کی جگہ اور فائدہ اٹھانا ہے

قَالَ فِيْهَا تَحْيَوْنَ وَفِيْهَا تَمُوْتُوْنَ وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ ﴿۲۵﴾ ع

قَالَ	فِيْهَا	تَحْيَوْنَ	وَ	فِيْهَا	تَمُوْتُوْنَ	وَ	مِنْهَا	تُخْرَجُوْنَ
فرمایا	اسی میں	تم جیو گے	اور	اسی میں	مرو گے	اور	اسی سے	اٹھائے جاؤ گے

ایک وقت تک۔ اللہ نے فرمایا! اسی میں جیو گے اور اسی میں مرو گے اور اسی میں سے اٹھائے جاؤ گے۔

يٰبَنِيْۤ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا ؕ

يٰبَنِيْۤ اٰدَمَ	قَدْ	اَنْزَلْنَا	عَلَيْكُمْ	لِبَاسًا	يُّوَارِيْ	سَوْاٰتِكُمْ	وَ	رِيْشًا
اے اولاد آدم	بیشک	اتارا ہم نے	تم پر	لباس	چھپاتا ہے	تمہاری شرم گاہیں	اور	زینت

اے آدم علیہ السلام کی اولاد بے شک ہم نے تمہاری طرف ایک لباس اتارا کہ تمہارے بدن کو چھپائے

وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ۙ ذٰلِكَ خَيْرٌ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ

وَ	لِبَاسُ	التَّقْوٰى	ذٰلِكَ	خَيْرٌ	ذٰلِكَ	مِنْ اٰيٰتِ	اللّٰهِ	لَعَلَّهُمْ
اور	لباس	پرہیزگاری کا	یہ	بہتر ہے	یہ	بعض نشانات	الٰہی ہیں	تاکہ وہ

اور ایک وہ کہ تمہاری آرائش ہو اور پرہیزگاری کا لباس وہ سب سے بھلا ہے یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہے کہ کہیں

يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۲۶﴾ يٰبَنِيْۤ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ كَمَاۤ اَخْرَجَ اَبَوَيْكُمْ

يَذَّكَّرُوْنَ	يٰبَنِيْۤ اٰدَمَ	لَا	يَفْتِنَنَّكُمُ	الشَّيْطٰنُ	كَمَاۤ	اَخْرَجَ	اَبَوَيْكُمْ
نصیحت پکڑیں	اے اولاد آدم	نہ	فتنہ میں ڈالے تم کو	شیطان	جیسا کہ	نکالا اس نے	تمہارے ماں باپ کو

نصیحت قبول کریں۔ اے اولاد آدم! (کہیں) تمہیں شیطان فتنہ میں نہ ڈال دے جس طرح اس نے تمہارے ماں باپ کو

مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا سَوْاٰتِهِمَا ؕ اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ

مِّنَ الْجَنَّةِ	يَنْزِعُ	عَنْهُمَا	لِبَاسَهُمَا	لِيُرِيَهُمَا	سَوْاٰتِهِمَا	اِنَّهٗ	يَرٰىكُمْ
جنت سے	اتروادیے	ان سے	ان کے لباس	تاکہ دکھائے	ان کو انکی شرم گاہیں	بیشک وہ	دیکھتا ہے تم کو

جنت سے نکلوا دیا ان سے ان کا لباس اتروا دیا تاکہ انہیں ان کے ستر بدن دکھائی دینے لگے بے شک وہ (خود)

هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ

هُوَ	وَ	قَبِيْلُهٗ	مِنْ حَيْثُ	لَا	تَرَوْنَهُمْ	اِنَّا	جَعَلْنَا	الشَّيٰطِيْنَ	اَوْلِيَآءَ
وہ	اور	اس کا قبیلہ	جہاں سے	نہیں	دیکھتے تم ان کو	بیشک	بنایا ہم نے	شیطانوں کو	دوست

اور اس کا قبیلہ تمہیں دیکھتا (رہتا) ہے جہاں سے تم انہیں نہیں دیکھ سکتے بے شک ہم نے شیطانوں کو ایسے

لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَاِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا عَلَيْهَآ

لِلَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	وَ	اِذَا	فَعَلُوْا	فَاحِشَةً	قَالُوْا	وَجَدْنَا	عَلَيْهَآ
ان کا جو	ایمان نہیں لاتے	اور	جب	کرتے ہیں	بے حیائی	تو کہتے ہیں	پایا ہم نے	اس پر

لوگوں کا دوست بنا دیا ہے جو ایمان نہیں رکھتے۔ اور جب وہ کوئی بے حیائی کا کام کرتے ہیں (تو) کہتے ہیں ہم نے اپنے باپ

اٰبَآءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ؕ

اٰبَآءَنَا	وَ	اللّٰهُ	اَمَرَنَا	بِهَا	قُلْ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا	يَاْمُرُ	بِالْفَحْشَآءِ
اپنے باپ دادا کو	اور	اللہ نے	حکم دیا ہم کو	اس کا	فرمادیں	بیشک	اللہ	نہیں	حکم دیتا	بے حیائی کا

دادا کو اسی (طریقہ) پر پایا اور اللہ نے ہمیں اسی کا حکم دیا ہے اے محبوب ﷺ! فرما دیجئے کہ اللہ بے حیائی کے کاموں کا حکم نہیں دیتا

اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸﴾ قُلْ اَمَرَ رَبِّيْ بِالْقِسْطِ قف

اَتَقُوْلُوْنَ	عَلَى	اللّٰهِ	مَا	لَا	تَعْلَمُوْنَ	قُلْ	اَمَرَ	رَبِّيْ	بِالْقِسْطِ
کیا تم کہتے ہو	اوپر	اللہ کے	جو	نہیں	جانتے تم	فرمادیں	حکم دیا	میرے رب نے	انصاف کا

کیا تم اللہ وحدہ لاشریک پر ایسی باتیں کرتے ہو جو تم خود (بھی) نہیں جانتے۔ اے محبوب ﷺ! آپ فرمائیں میرے رب

وَاَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ

وَ	اَقِيْمُوْا	وُجُوْهَكُمْ	عِنْدَ	كُلِّ	مَسْجِدٍ	وَّادْعُوْهُ	مُخْلِصِيْنَ	لَهُ
اور یہ کہ	سیدھا کرو	اپنے مونہوں کو	نزدیک	ہر	نماز کے	اور پکارو اس کو	خالص کرکے	اس کیلئے

نے انصاف کا حکم دیا اور (اے لوگو!) تم اپنے رُخ سیدھے کر لو ہر نماز کے وقت اور اسی کو پکارو خالص اسی کی عبادت اور فرمانبرداری

الدِّيْنَ ۬ كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ﴿٢٩﴾ فَرِيْقًا هَدٰى وَفَرِيْقًا حَقَّ

الدِّيْنَ	كَمَا	بَدَاَكُمْ	تَعُوْدُوْنَ	فَرِيْقًا	هَدٰى	وَ	فَرِيْقًا	حَقَّ
دین	جیسے	پیدا کیا تم کو	لوٹو گے تم	ایک فرقے کو	ہدایت کی	اور	ایک فرقہ	حق ہوئی

کرتے ہوئے جس طرح اللہ نے تمہیں پہلے پیدا کیا تھا ویسے ہی تم لوٹو گے۔ ایک گروہ کو (اللہ نے) راہ دکھائی اور ایک گروہ پر

عَلَيْهِمُ الضَّلٰلَةُ ؕ اِنَّهُمُ اتَّخَذُوا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

عَلَيْهِمُ	الضَّلٰلَةُ	اِنَّهُمُ	اتَّخَذُوا	الشَّيٰطِيْنَ	اَوْلِيَآءَ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ
ان پر	گمراہی	بیشک انہوں نے	بنالیا	شیطانوں کو	دوست	سوا	اللہ کے

گمراہی ثابت رہی بے شک انہوں نے اللہ کو چھوڑ کر شیطانوں کو اپنا مددگار بنا لیا

وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿٣٠﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ

وَيَحْسَبُوْنَ	اَنَّهُمْ	مُّهْتَدُوْنَ	يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ	خُذُوْا	زِيْنَتَكُمْ	عِنْدَ
اور خیال کرتے ہیں	کہ وہ	ہدایت والے ہیں	اے اولاد آدم	لو	اپنی زینت	پاس

اور وہ گمان کرتے ہیں کہ وہ ہدایت یافتہ ہیں۔ اے آدم کی اولاد زینت اختیار کر لو جب

كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهُ لَا يُحِبُّ

كُلِّ	مَسْجِدٍ	وَّ	كُلُوْا	وَ	اشْرَبُوْا	وَ	لَا	تُسْرِفُوْا	اِنَّهُ	لَا	يُحِبُّ
ہر	مسجد کے	اور	کھاؤ	اور	پیو	اور	نہ	زیادتی کرو	بیشک وہ	نہیں	پسند کرتا

مسجد میں جاؤ اور کھاؤ اور پیو اور حد سے نہ بڑھو بے شک حد سے بڑھنے والے

الْمُسْرِفِيْنَ ع ﴿۳۱﴾ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ

الْمُسْرِفِيْنَ	قُلْ	مَنْ	حَرَّمَ	زِيْنَةَ	اللّٰهِ	الَّتِيْٓ	اَخْرَجَ	لِعِبَادِهٖ
زیادتی کرنے والوں کو	فرمادو	کس نے	حرام کی	زینت	اللہ کی	جو	نکالی اس نے	اپنے بندوں کیلئے

اسے پسند نہیں۔ آپ فرما دیجئے کس نے حرام کی اللہ کی وہ زینت جو اس نے اپنے بندوں کیلئے

وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ؕ قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

وَ	الطَّيِّبٰتِ	مِنَ الرِّزْقِ	قُلْ	هِيَ	لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	فِي	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا
اور	پاکیزہ چیزیں	رزق سے	فرمادو	یہ	ان کیلئے ہیں جو	ایمان لائے	میں	زندگی	دنیا کی

پیدا فرمائی اور پاک رزق فرما دیجئے کہ وہ ایمان والوں کیلئے ہے دنیا میں اور

خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۳۲﴾

خَالِصَةً	يَّوْمَ	الْقِيٰمَةِ	كَذٰلِكَ	نُفَصِّلُ	الْاٰيٰتِ	لِقَوْمٍ	يَّعْلَمُوْنَ
خالص	دن	قیامت کے	اسی طرح	کھول کر بیان کرتے ہیں ہم	آیتیں	ان لوگوں کیلئے	جو جانتے ہیں

قیامت میں تو خاص انہیں کیلئے ہے ہم یونہی آیتیں تفصیل سے بیان کرتے ہیں علم والوں کیلئے۔

قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ

قُلْ	اِنَّمَا	حَرَّمَ	رَبِّيَ	الْفَوَاحِشَ	مَا	ظَهَرَ	مِنْهَا	وَ	مَا	بَطَنَ
فرمادو	اسکے سوا نہیں کہ	حرام کیا	میرے رب نے	بے حیائی کو	جو	کھلی ہیں	اس سے	اور	جو	چھپی ہیں

فرما دیجئے کہ میرے رب نے (تو) بس بے حیائی کی باتوں کو حرام کیا ہے جو ان میں سے ظاہر ہوں اور جو

وَالْاِثْمَ وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَاَنْ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا

وَ	الْاِثْمَ	وَ	الْبَغْيَ	بِغَيْرِ الْحَقِّ	وَ	اَنْ	تُشْرِكُوْا	بِاللّٰهِ	مَا	لَمْ	يُنَزِّلْ	بِهٖ	سُلْطٰنًا
اور	گناہ	اور	سرکشی	ناحق کی	اور	یہ کہ	شریک بناؤ	اللہ کے ساتھ	جو	نہیں	اتاری اس نے	اس کی	کوئی سند

پوشیدہ ہوں (سب کو) اور گناہ کو اور ناحق زیادتی کو اور اس بات کو کہ تم اللہ کا شریک ٹھہراؤ جس کی اس نے کوئی دلیل نہیں اتاری

وَاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۚ فَاِذَا

وَاَنْ	تَقُوْلُوْا	عَلَى	اللّٰهِ	مَا	لَا	تَعْلَمُوْنَ	وَ	لِكُلِّ	اُمَّةٍ	اَجَلٌ	فَاِذَا
اور یہ کہ	تم کہو	اوپر	اللہ کے	جو	نہیں	جانتے تم	اور	ہر	امت کی	مدت ہے	پھر جب

اور (مزید) یہ کہ تم اللہ (کی ذات) پر ایسی باتیں کہو جو تم خود بھی نہیں جانتے۔ اور ہر گروہ کیلئے ایک میعاد (مقرر) ہے پھر جب

جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۳۴﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ

جَآءَ	اَجَلُهُمْ	لَا	يَسْتَاْخِرُوْنَ	سَاعَةً	وَ	لَا	يَسْتَقْدِمُوْنَ	يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ
آجاتی ہے	ان کی مدت تو	نہیں	پیچھے رہتے ہیں	ایک گھڑی	اور	نہ	آگے بڑھتے ہیں	اے اولاد آدم

ان کا (مقررہ) وقت آجاتا ہے تو وہ ایک گھڑی (بھی) پیچھے نہیں ہٹ سکتے اور نہ آگے بڑھ سکتے ہیں۔ اے اولادِ آدم اگر

اِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ ۙ فَمَنِ

اِمَّا	يَاْتِيَنَّكُمْ	رُسُلٌ	مِّنْكُمْ	يَقُصُّوْنَ	عَلَيْكُمْ	اٰيٰتِيْ	فَمَنِ
اگر	آئیں تمہارے پاس	رسول	تم میں سے	جو بیان کریں	تم پر	میری آیتیں	تو جو

آئیں تمہارے پاس رسول تم میں سے جو بیان کریں تم پر میری آیتیں تو جو

اتَّقٰى وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَالَّذِيْنَ

اتَّقٰى	وَ	اَصْلَحَ	فَلَا	خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ	وَ	لَا	هُمْ	يَحْزَنُوْنَ	وَ	الَّذِيْنَ
پرہیزگار رہا	اور	درست ہوگیا	تو نہیں	خوف ہوگا	ان پر	اور	نہ	وہ	غم کھائیں گے	اور	وہ جنہوں نے

پرہیز گار ہوا اور نیک ہو گیا تو ان پر کوئی خوف نہیں اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اور جن لوگوں نے

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ

كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَاسْتَكْبَرُوْا	عَنْهَآ	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ	النَّارِ	هُمْ
جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	اور تکبر کیا	اس سے	یہ لوگ ہیں	ساتھی	آگ کے	وہ

ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور ان سے تکبر اختیار کیا وہ دوزخی ہیں

فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٣٦﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا

فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	فَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنِ	افْتَرٰى	عَلٰى	اللّٰهِ	كَذِبًا
اس میں	ہمیشہ رہیں گے	کون	زیادہ ظالم ہے	اس سے جو	باندھے	اوپر	اللہ کے	جھوٹ

ہمیشہ اس میں رہیں گے۔ تو اس سے بڑھ کر ظالم کون ہے جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا

اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ۭ اُولٰۗىِٕكَ يَنَالُهُمْ نَصِيْبُهُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ ۭ حَتّٰٓى اِذَا

اَوْ	كَذَّبَ	بِاٰيٰتِهٖ	اُولٰۗىِٕكَ	يَنَالُهُمْ	نَصِيْبُهُمْ	مِّنَ الْكِتٰبِ	حَتّٰى	اِذَا
یا	جھٹلائے	اس کی آیتوں کو	یہ لوگ	پہنچے گا ان کو	ان کا حصہ	کتاب سے	یہاں تک کہ	جب

یا اس کی آیتیں جھٹلائیں انہیں ان کے نصیب کا لکھا پہنچے گا یہاں تک جب

جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ ۙ قَالُوْٓا اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُوْنَ

جَاۗءَتْهُمْ	رُسُلُنَا	يَتَوَفَّوْنَهُمْ	قَالُوْٓا	اَيْنَ مَا	كُنْتُمْ	تَدْعُوْنَ
آگئے ان کے پاس	ہمارے بھیجے ہوئے	ان کی جان نکالنے کو	کہتے ہیں	کہاں ہیں وہ	جن کو تم	پوجتے تھے

ان کے پاس ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) ان کی جان نکالنے آئیں تو ان سے کہتے ہیں کہاں ہیں

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا

مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	قَالُوْا	ضَلُّوْا	عَنَّا	وَشَهِدُوْا	عَلٰى	اَنْفُسِهِمْ	اَنَّهُمْ	كَانُوْا
سوائے	اللہ کے	کہیں گے	گم ہو گئے	ہم سے	اور گواہی دیں گے	اوپر	اپنی جانوں کے	کہ وہ	تھے

وہ جن کو تم اللہ کے سوا عبادت کرتے تھے کہتے ہیں وہ ہم سے گم ہو گئے اور اپنی جانوں پر آپ گواہی دیتے ہیں کہ بے شک

كٰفِرِيْنَ ﴿٣٧﴾ قَالَ ادْخُلُوْا فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ

كٰفِرِيْنَ	قَالَ	ادْخُلُوْا	فِيْٓ	اُمَمٍ	قَدْ	خَلَتْ	مِنْ قَبْلِكُمْ	مِّنَ الْجِنِّ
کافر	فرمائے گا	داخل ہو جاؤ	میں	جماعتوں	بیشک	گزر چکیں	تم سے پہلے	جن سے

وہ کافر تھے۔ اللہ ان سے فرماتا ہے کہ تم سے پہلے جو اور جماعتیں جن

وَالْاِنْسِ فِي النَّارِ ؕ كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا ؕ

وَ	الْاِنْسِ	فِي	النَّارِ	كُلَّمَا	دَخَلَتْ	اُمَّةٌ	لَّعَنَتْ	اُخْتَهَا
اور	انسان	میں	آگ	جب بھی	داخل ہوگا	کوئی گروہ	تو لعنت کرے گا	اپنی مثل پر

اور آدمیوں کی آگ میں گئیں انہیں میں جاؤ جب ایک گروہ داخل ہوتا ہے دوسرے پر لعنت کرتا ہے

حَتّٰٓى اِذَا ادَّارَكُوْا فِيْهَا جَمِيْعًا ۙ قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ رَبَّنَا

حَتّٰٓى	اِذَا	ادَّارَكُوْا	فِيْهَا	جَمِيْعًا	قَالَتْ	اُخْرٰىهُمْ	لِاُوْلٰىهُمْ	رَبَّنَا
یہاں تک کہ	جب	جمع ہو جائیں گے	اس میں	سب	کہیں گے	پچھلے ان کے	پہلوں کو	اے ہمارے رب

یہاں تک کہ جب سب اس میں جا پڑے تو پچھلے پہلوں کو کہیں گے اے ہمارے رب

هٰٓؤُلَآءِ اَضَلُّوْنَا فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ۬ؕ قَالَ لِكُلٍّ

هٰٓؤُلَآءِ	اَضَلُّوْنَا	فَاٰتِهِمْ	عَذَابًا	ضِعْفًا	مِّنَ النَّارِ	قَالَ	لِكُلٍّ
یہ ہیں جنہوں نے	گمراہ کیا ہم کو	سو دے تو ان کو	عذاب	دگنا	آگ کا	فرمائے گا	ہر ایک کیلئے

کیسے	کام کرتے ہو	اور	بیشک	پکڑا ہم نے	قوم	فرعون کو	قحط سالی	اور	کمی

پھر وہ دیکھے کہ تم کیسے عمل کرتے ہو۔ پھر ہم نے اہل فرعون کو (قحط کے) چند سالوں اور پھلوں کے نقصان سے (عذاب کی)

مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿١٣٠﴾ فَاِذَا جَآءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ قَالُوْا لَنَا

مِّنَ الثَّمَرٰتِ	لَعَلَّهُمْ	يَذَّكَّرُوْنَ	فَاِذَا	جَآءَتْهُمُ	الْحَسَنَةُ	قَالُوْا	لَنَا
پھلوں سے	تا کہ وہ	نصیحت پکڑیں	تو جب	آئی ان کے پاس	بھلائی	کہتے	ہمارے لئے ہے

گرفت میں لے لیا تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں۔ تو جب انہیں خوشحالی پہنچتی تو کہتے یہ ہماری وجہ سے ہے

هٰذِهٖ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّطَّيَّرُوْا بِمُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗ ۗ اَلَآ

هٰذِهٖ	وَاِنْ	تُصِبْهُمْ	سَيِّئَةٌ	يَّطَّيَّرُوْا	بِمُوْسٰى	وَ	مَنْ	مَّعَهٗ	اَلَآ
یہ	اور اگر	پہنچتی ان کو	برائی	بدشگونی لیتے	موسیٰ سے	اور	جو	انکے ساتھی تھے	خبردار

اور اگر انہیں کوئی بدحالی پہنچتی تو (اسے) موسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کی نحوست قرار دیتے سن لو!

اِنَّمَا طٰٓئِرُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٣١﴾ وَقَالُوْا

اِنَّمَا	طٰٓئِرُهُمْ	عِنْدَ	اللّٰهِ	وَ	لٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا	يَعْلَمُوْنَ	وَ	قَالُوْا
یقیناً	بدنصیبی ان کی	پاس	اللہ کے ہے	اور	لیکن	اکثر ان کے	نہیں	جانتے	اور	بولے

اس کے سوا کچھ نہیں کہ ان (کافروں) کی نحوست اللہ کے پاس ہے لیکن ان کے اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور بولے کہ

مَهْمَا تَاْتِنَا بِهٖ مِنْ اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا ۙ فَمَا نَحْنُ لَكَ

مَهْمَا	تَاْتِنَا	بِهٖ	مِنْ	اٰيَةٍ	لِّتَسْحَرَنَا	بِهَا	فَمَا	نَحْنُ	لَكَ
جب بھی	لائے تو	ہمارے پاس	کوئی	نشانی	کہ جادو کرے تو ہم پر	اس سے	تو نہیں	ہم	تجھ پر

(اے موسیٰ علیہ السلام) تم کیسی ہی نشانی ہمارے پاس لے آؤ جس کے ذریعے ہم پر جادو کرو پھر بھی ہم تم پر

بِمُؤْمِنِيْنَ (۱۳۲) فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ

بِمُؤْمِنِيْنَ	فَاَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمُ	الطُّوْفَانَ	وَالْجَرَادَ	وَ	الْقُمَّلَ
ایمان لانے والے	تو بھیجا ہم نے	ان پر	طوفان	اور ٹڈی	اور	گھن

ایمان لانے والے نہیں۔ تو بھیجا ہم نے ان پر طوفان اور ٹڈی اور جوئیں اور مینڈک

وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ ۫ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا

وَ	الضَّفَادِعَ	وَ	الدَّمَ	اٰيٰتٍ	مُّفَصَّلٰتٍ	فَاسْتَكْبَرُوْا	وَ	كَانُوْا	قَوْمًا
اور	مینڈک	اور	خون	نشانیاں	جدا جدا	تو تکبر کیا	اور	تھے وہ	لوگ

اور خون جدا جدا نشانیاں تو انہوں نے تکبر کیا اور وہ نہایت

مُّجْرِمِيْنَ (۱۳۳) وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوْا يٰمُوْسَى ادْعُ لَنَا

مُّجْرِمِيْنَ	وَ	لَمَّا	وَقَعَ	عَلَيْهِمُ	الرِّجْزُ	قَالُوْا	يٰمُوْسَى	ادْعُ	لَنَا
مجرم	اور	جب	آتا	ان پر	عذاب	کہتے	اے موسیٰ	دعا کر	ہمارے لیے

مجرم قوم تھی۔ اور جب ان پر عذاب پڑتا کہتے اے موسیٰ علیہ السلام ہمارے لئے اپنے رب سے دُعا کرو

رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ لَئِنْ كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ

رَبَّكَ	بِمَا	عَهِدَ	عِنْدَكَ	لَئِنْ	كَشَفْتَ	عَنَّا	الرِّجْزَ	لَنُؤْمِنَنَّ	لَكَ
اپنے رب سے	ساتھ اس کے جو	عہد کیا	نزدیک تیرے	اگر	کھول دے تو	ہم سے	عذاب	تو ضرور ایمان لائیں گے ہم	تم پر

اس عہد کے سبب جو اس کا تمہارے پاس ہے بے شک اگر تم ہم پر سے عذاب اٹھا دو گے تو ہم ضرور تم پر

وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِيٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۳۴﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ

وَلَنُرْسِلَنَّ	مَعَكَ	بَنِيٓ	اِسْرَآءِيْلَ	فَلَمَّا	كَشَفْنَا	عَنْهُمُ	الرِّجْزَ
اور ضرور بھیجیں گے ہم	تیرے ساتھ	بنی	اسرائیل کو	تو جب	ہم اٹھا لیتے	ان سے	عذاب

ایمان لے آئیں گے اور بنی اسرائیل کو تمہارے ساتھ کر دیں گے۔ پھر جب ہم ان سے اس مدت تک کیلئے جس کو وہ پہنچنے

اِلٰٓى اَجَلٍ هُمْ بٰلِغُوْهُ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ

اِلٰٓى اَجَلٍ	هُمْ	بٰلِغُوْهُ	اِذَا هُمْ	يَنْكُثُوْنَ	فَانْتَقَمْنَا	مِنْهُمْ
ایک مدت تک	وہ	پہنچنے والے تھے اس کو	تو اچانک وہ	عہد توڑ دیتے	تو ہم نے بدلہ لیا	ان سے

والے ہوتے وہ عذاب ٹال دیتے تو وہ فوراً ہی عہد توڑ دیتے۔ پھر ہم نے ان سے (بالآخر تمام نافرمانیوں اور بدعہدیوں کا) بدلہ

فَاَغْرَقْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۳۶﴾

فَاَغْرَقْنٰهُمْ	فِي	الْيَمِّ	بِاَنَّهُمْ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَ	كَانُوْا	عَنْهَا	غٰفِلِيْنَ
تو ہم نے ڈبو دیا ان کو	میں	دریا	بسبب اسکے کہ انہوں نے	جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	اور	تھے	ان سے	بے خبر

لے لیا اور ہم نے انہیں دریا میں غرق کر دیا اسلئے کہ انہوں نے ہماری آیتوں کی (پے درپے) تکذیب کی تھی اور وہ ان سے (بالکل) غافل تھے

وَاَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِيْنَ كَانُوْا يُسْتَضْعَفُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ

وَ	اَوْرَثْنَا	الْقَوْمَ	الَّذِيْنَ	كَانُوْا	يُسْتَضْعَفُوْنَ	مَشَارِقَ	الْاَرْضِ
اور	وارث بنایا ہم نے	اس قوم کو	جو	تھے	کمزور سمجھے جاتے	مشرق کا	زمین کی

اور ہم نے وارث بنا دیا ان لوگوں کو جو کمزور سمجھے جاتے تھے اس زمین کی مشرق و مغرب کا

وَمَغَارِبَهَا الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ۭ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنٰى عَلٰى

وَ	مَغَارِبَهَا	الَّتِيْ	بٰرَكْنَا	فِيْهَا	وَ	تَمَّتْ	كَلِمَتُ	رَبِّكَ	الْحُسْنٰى	عَلٰى
اور	اس کے مغرب کا	وہ جو	برکت رکھی ہم نے	اس میں	اور	پورے ہوگئے	کلمے	آپکے رب کے	اچھے	اوپر

جس میں ہم نے برکت فرمائی اور آپ کے رب کا اچھا وعدہ بنی اسرائیل پر پورا ہو گیا اس وجہ سے کہ انہوں

بَنِيۡٓ اِسۡرَآءِيۡلَ ۙ بِمَا صَبَرُوۡا ؕ وَدَمَّرۡنَا مَا كَانَ يَصۡنَعُ فِرۡعَوۡنُ

بَنِيۡٓ	اِسۡرَآءِيۡلَ	بِمَا	صَبَرُوۡا	وَ	دَمَّرۡنَا	مَا	كَانَ	يَصۡنَعُ	فِرۡعَوۡنُ
بنی	اسرائیل کے	بدلے اسکے	جوانہوں نے صبر کیا	اور	برباد کردیا ہم نے	جو	تھا	بناتا	فرعون

نے صبر کیا اور ہم نے فرعون اور اس کی قوم کی مصنوعات اور ان کی اونچی عمارتوں کو برباد کر دیا۔

وَقَوۡمُهٗ وَمَا كَانُوۡا يَعۡرِشُوۡنَ ﴿۱۳۷﴾ وَجٰوَزۡنَا بِبَنِيۡٓ اِسۡرَآءِيۡلَ الۡبَحۡرَ

وَ	قَوۡمُهٗ	وَ	مَا	كَانُوۡا	يَعۡرِشُوۡنَ	وَ	جٰوَزۡنَا	بِبَنِيۡٓ اِسۡرَآءِيۡلَ	الۡبَحۡرَ
اور	اس کی قوم	اور	جو	تھے	وہ مکان بناتے	اور	گزار دیا ہم نے	بنی اسرائیل کو	دریا سے

اور ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر سے گزار دیا۔ تو وہ ایسی قوم پر گزرے جو اپنے

فَاَتَوۡا عَلٰى قَوۡمٍ يَّعۡكُفُوۡنَ عَلٰٓى اَصۡنَامٍ لَّهُمۡ ۚ قَالُوۡا يٰمُوۡسَى اجۡعَلۡ

فَاَتَوۡا	عَلٰى	قَوۡمٍ	يَّعۡكُفُوۡنَ	عَلٰٓى	اَصۡنَامٍ	لَّهُمۡ	قَالُوۡا	يٰمُوۡسَى	اجۡعَلۡ
تو آئے وہ	اوپر	ایک قوم کے	جو دھرنا مارے بیٹھی تھی	اوپر	بتوں کے	اپنے	کہنے لگے	اے موسیٰ	بناؤ

بتوں کی عبادت میں مشغول تھے بولے اے موسیٰ علیہ السلام ہمارے لئے بھی کوئی ایسا ہی معبود بنا دیجئے جیسے ان کے

لَّنَآ اِلٰهًا كَمَا لَهُمۡ اٰلِهَةٌ ؕ قَالَ اِنَّكُمۡ قَوۡمٌ تَجۡهَلُوۡنَ ﴿۱۳۸﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ

لَّنَآ	اِلٰهًا	كَمَا	لَهُمۡ	اٰلِهَةٌ	قَالَ	اِنَّكُمۡ	قَوۡمٌ	تَجۡهَلُوۡنَ	اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ
ہمارے لئے	ایک خدا	جیسے کہ	ان کے	خدا ہیں	کہا	بیشک تم	لوگ ہو	جاہل	بیشک	یہ

معبود ہیں موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا بے شک تم لوگ بڑی جہالت کی باتیں کرتے ہو۔ یہ حال تو بربادی

مُتَبَّرٌ مَّا هُمۡ فِيۡهِ وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۳۹﴾ قَالَ اَغَيۡرَ اللّٰهِ

مُتَبَّرٌ	مَّا هُمۡ فِيۡهِ	وَ	بٰطِلٌ	مَّا	كَانُوۡا	يَعۡمَلُوۡنَ	قَالَ	اَغَيۡرَ	اللّٰهِ
برباد کرنیوالا ہے	جو وہ اس میں ہیں	اور	باطل ہے	جو	تھے وہ	عمل کرتے	فرمایا	کیا سوا	اللہ کے

کا ہے جس میں یہ لوگ ہیں اور جو کچھ کر رہے ہیں بالکل باطل ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کیا اللہ کے

اَبْغِيْكُمْ اِلٰهًا وَّهُوَ فَضَّلَكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۴۰﴾ وَ اِذْ اَنْجَيْنٰكُمْ

اَبْغِيْكُمْ	اِلٰهًا	وَّ	هُوَ	فَضَّلَكُمْ	عَلَى الْعٰلَمِيْنَ	وَ	اِذْ	اَنْجَيْنٰكُمْ
تلاش کروں تمہارے لیے	خدا	حالانکہ	اس نے	فضیلت دی تم کو	اوپر جہان والوں کے	اور	یاد کرو جب	نجات دی ہم نے تم کو

سوا تمہارا اور خدا تلاش کروں حالانکہ اس نے تمہیں زمانے بھر پر فضیلت دی ہے۔ اور (وہ وقت) یاد کرو

مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ۚ يُقَتِّلُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ

مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ	يَسُوْمُوْنَكُمْ	سُوْٓءَ	الْعَذَابِ	يُقَتِّلُوْنَ	اَبْنَآءَكُمْ
قوم فرعون سے	پہنچاتے تھے تم کو	برا	عذاب	وہ قتل کرتے تھے	تمہارے بیٹے

جب ہم نے تم کو اہل فرعون سے نجات بخشی جو تمہیں بہت ہی سخت عذاب دیتے تھے وہ تمہارے لڑکوں کو قتل کر دیتے

وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿۱۴۱﴾ ع

وَ	يَسْتَحْيُوْنَ	نِسَآءَكُمْ	وَفِيْ	ذٰلِكُمْ	بَلَآءٌ	مِّنْ رَّبِّكُمْ	عَظِيْمٌ
اور	زندہ رکھتے تھے	تمہاری عورتیں	اور میں	اس	امتحان تھا	تمہارے رب کی طرف سے	بہت بڑا

اور تمہاری لڑکیوں کو زندہ چھوڑ دیتے تھے اور اس میں تمہارے رب کی طرف سے زبردست آزمائش تھی۔

وَوٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖٓ

وَ	وٰعَدْنَا	مُوْسٰى	ثَلٰثِيْنَ	لَيْلَةً	وَّ	اَتْمَمْنٰهَا	بِعَشْرٍ	فَتَمَّ	مِيْقَاتُ	رَبِّهٖٓ
اور	وعدہ کیا ہم نے	موسیٰ سے	تیس	راتوں کا	اور	پورا کیا ہم نے اس کو	ساتھ دس کے	تو پورا ہوئی	میعاد	اسکے رب کی

اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام سے تیس راتوں کا وعدہ فرمایا اور ہم نے اسے (مزید) دس (راتیں) ملا کر پورا کیا سو ان کے رب کی میعاد

اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ۚ وَقَالَ مُوْسٰى لِاَخِيْهِ هٰرُوْنَ اخْلُفْنِيْ فِيْ قَوْمِيْ

اَرْبَعِيْنَ	لَيْلَةً	وَ	قَالَ	مُوْسٰى	لِاَخِيْهِ	هٰرُوْنَ	اخْلُفْنِيْ	فِيْ	قَوْمِيْ
چالیس	راتیں	اور	کہا	موسیٰ نے	اپنے بھائی	ہارون کو	نائب رہنا میرا	میں	میری قوم

چالیس راتوں میں پوری ہوئی اور موسیٰ علیہ السلام نے اپنے بھائی ہارون سے فرمایا تم میری قوم میں میرے جانشین رہنا

وَاَصْلِحْ وَلَا تَتَّبِعْ سَبِيْلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۴۲﴾ وَلَمَّا جَآءَ مُوْسٰى

وَ	اَصْلِحْ	وَ	لَا	تَتَّبِعْ	سَبِيْلَ	الْمُفْسِدِيْنَ	وَلَمَّا	جَآءَ	مُوْسٰى
اور	اصلاح کرنا	اور	نہ	پیروی کرنا	راہ	فسادیوں کی	اور جب	آیا	موسیٰ

اور (ان کی) اصلاح کرتے رہنا اور فساد کرنے والوں کی راہ پر نہ چلنا۔ اور جب موسیٰ علیہ السلام ہمارے مقرر کیے

لِمِيْقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ ۙ قَالَ رَبِّ اَرِنِيْٓ اَنْظُرْ اِلَيْكَ ؕ قَالَ لَنْ تَرٰىنِيْ

لِمِيْقَاتِنَا	وَ	كَلَّمَهٗ	رَبُّهٗ	قَالَ	رَبِّ	اَرِنِيْٓ	اَنْظُرْ	اِلَيْكَ	قَالَ	لَنْ تَرٰىنِيْ
ہمارے وعدے پر	اور	کلام کیا اس سے	اسکے رب نے	کہا	اے میرے رب	دکھا مجھ کو	میں دیکھوں	تیری طرف	فرمایا	ہرگز نہیں دیکھ سکے گا تو مجھ کو

ہوئے وقت پر آئے اور انکے رب نے ان سے کلام فرمایا عرض کی اے میرے رب! مجھے اپنا دیدار عطا کر، تاکہ میں تجھے دیکھ لوں

وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِيْ ۚ فَلَمَّا

وَ	لٰكِنِ	انْظُرْ	اِلَى	الْجَبَلِ	فَاِنِ	اسْتَقَرَّ	مَكَانَهٗ	فَسَوْفَ	تَرٰىنِيْ	فَلَمَّا
اور	لیکن	دیکھ	طرف	پہاڑ کی	پھر اگر	ٹھہرا رہا	اپنی جگہ پر	تو عنقریب	دیکھے گا تو مجھ کو	پھر جب

فرمایا تم مجھے ہرگز نہ دیکھ سکو گے ہاں اس پہاڑ کی طرف دیکھو اگر یہ اپنی جگہ ٹھہرا رہا تو تم مجھے دیکھ لو گے پھر جب

تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ۚ فَلَمَّآ

تَجَلّٰى	رَبُّهٗ	لِلْجَبَلِ	جَعَلَهٗ	دَكًّا	وَّ	خَرَّ	مُوْسٰى	صَعِقًا	فَلَمَّآ
نور چمکایا	اسکے رب نے	پہاڑ پر	تو کردیا اس کو	پاش پاش	اور	گر پڑے	موسیٰ	بے ہوش ہو کر	پھر جب

انکے رب نے پہاڑ پر تجلی فرمائی تو اسے ریزہ ریزہ کر دیا اور موسیٰ علیہ السلام بے خود ہو کر زمین پر تشریف لے آئے پھر جب

اَفَاقَ قَالَ سُبْحٰنَكَ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۴۳﴾ قَالَ

اَفَاقَ	قَالَ	سُبْحٰنَكَ	تُبْتُ	اِلَيْكَ	وَ	اَنَا	اَوَّلُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	قَالَ
افاقہ ہوا	کہا	تو پاک ہے	میں توبہ کرتا ہوں	تیری طرف	اور	میں	پہلا	مسلمان ہوں	فرمایا

افاقہ ہوا تو عرض کی تو پاک ہے میری توبہ ہے تیری بارگاہ میں اور میں سب سے پہلا ایمان لانے والا ہوں۔ فرمایا

يٰمُوْسٰۤى اِنِّى اصْطَفَيْتُكَ عَلَى النَّاسِ بِرِسٰلٰتِىْ وَبِكَلَامِىْ ۖ

يٰمُوْسٰى	اِنِّىْ	اصْطَفَيْتُكَ	عَلَى	النَّاسِ	بِرِسٰلٰتِىْ	وَبِكَلَامِىْ
اے موسیٰ	بیشک میں نے	چن لیا تجھ کو	اوپر	لوگوں کے	اپنی رسالتوں	اور اپنے کلام سے

اے موسیٰ علیہ السلام! بے شک میں نے تمہیں لوگوں پر برگزیدہ کیا اپنے پیغام اور اپنے کلام سے تو لے لو

فَخُذْ مَاۤ اٰتَيْتُكَ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۴﴾ وَكَتَبْنَا لَهٗ فِى الْاَلْوَاحِ

فَخُذْ	مَاۤ	اٰتَيْتُكَ	وَكُنْ	مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ	وَ	كَتَبْنَا	لَهٗ	فِى	الْاَلْوَاحِ
تو پکڑ لو	جو	میں نے تجھ کو دیا	اور ہو	شکر گزاروں میں سے	اور	لکھ دیا ہم نے	اس کے لیے	میں	تختیوں

جو کچھ میں نے تمہیں دیا اور ہو جاؤ شکر گزاروں میں سے۔ اور ہم نے اس کے لیے تختیوں

مِنْ كُلِّ شَىْءٍ مَّوْعِظَةً وَّتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَىْءٍ ۚ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ

مِنْ كُلِّ	شَىْءٍ	مَّوْعِظَةً	وَّ	تَفْصِيْلًا	لِّكُلِّ	شَىْءٍ	فَخُذْهَا	بِقُوَّةٍ
سے ہر	چیز کی	نصیحت	اور	تفصیل	ہر	چیز کی	تو پکڑ اس کو	مضبوطی سے

میں لکھ دی ہر چیز کی نصیحت اور ہر چیز کی تفصیل اور فرمایا اے موسیٰ علیہ السلام اسے مضبوطی سے تھام لو

وَّاْمُرْ قَوْمَكَ يَاْخُذُوْا بِاَحْسَنِهَا ۗ سَاُورِيْكُمْ دَارَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۱۴۵﴾

وَّاْمُرْ	قَوْمَكَ	يَاْخُذُوْا	بِاَحْسَنِهَا	سَاُورِيْكُمْ	دَارَ	الْفٰسِقِيْنَ
اور حکم دے	اپنی قوم کو	اختیار کریں	اس کی اچھی باتیں	عنقریب دکھاؤں گا میں تم کو	گھر	بے حکموں کا

اور اپنی قوم کو حکم دو کہ یہ اچھی باتیں اختیار کریں عنقریب میں تمہیں دکھاؤں گا نافرمانوں کا گھر۔

سَاَصْرِفُ عَنْ اٰيٰتِىَ الَّذِيْنَ يَتَكَبَّرُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۗ

سَاَصْرِفُ	عَنْ اٰيٰتِىَ	الَّذِيْنَ	يَتَكَبَّرُوْنَ	فِى	الْاَرْضِ	بِغَيْرِ	الْحَقِّ
جلدی پھیروں گا	اپنی آیتوں سے	ان کو جو	تکبر کرتے ہیں	میں	زمین	بغیر	حق کے

اور میں اپنی آیتوں سے انہیں پھیر دوں گا جو زمین میں ناحق اپنی بڑائی چاہتے ہیں

وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الرُّشْدِ

وَ	اِنْ	يَّرَوْا	كُلَّ	اٰيَةٍ	لَّا	يُؤْمِنُوْا	بِهَا	وَ	اِنْ	يَّرَوْا	سَبِيْلَ	الرُّشْدِ
اور	اگر	دیکھیں	سب	نشانیاں	نہیں	ایمان لائینگے	اس پر	اور	اگر	دیکھیں	راہ	بھلائی کی

اور اگر سب نشانیاں دیکھیں ان پر ایمان نہ لائیں اور اگر ہدایت کی راہ دیکھیں اس میں چلنا پسند نہ کریں

لَا يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الْغَيِّ يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ۭ

لَا	يَتَّخِذُوْهُ	سَبِيْلًا	وَ	اِنْ	يَّرَوْا	سَبِيْلَ	الْغَيِّ	يَتَّخِذُوْهُ	سَبِيْلًا
نہ	پکڑیں اس کو	رستہ	اور	اگر	دیکھیں	راہ	گمراہی کی	پکڑیں اس کو	راستہ

اور گمراہی کا راستہ نظر پڑے تو اس میں چلنے کو موجود ہو جائیں یہ اس لئے کہ انہوں نے

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۴۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَ	كَانُوْا	عَنْهَا	غٰفِلِيْنَ	وَ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا
یہ	اس لئے ہے کہ انہوں	جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	اور	تھے	اس سے	بے خبر	اور	وہ جنہوں نے	جھٹلایا

ہماری آیتیں جھٹلائیں اور ان سے بے خبر بنے رہے۔ اور جن لوگوں نے

بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۭ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا

بِاٰيٰتِنَا	وَ	لِقَآءِ	الْاٰخِرَةِ	حَبِطَتْ	اَعْمَالُهُمْ	هَلْ	يُجْزَوْنَ	اِلَّا	مَا
ہماری آیتوں کو	اور	ملاقات کو	آخرت کی	اکارت گئے	ان کے عمل	نہیں	بدلہ دیئے جائیں گے	مگر	جو

ہماری آیتوں کو اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا ان کے اعمال برباد ہو گئے انہیں کیا بدلہ ملے گا مگر وہی

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۷﴾ع وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰى مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ حُلِيِّهِمْ

۱۶ ع ۲

كَانُوْا	يَعْمَلُوْنَ	وَ	اتَّخَذَ	قَوْمُ	مُوْسٰى	مِنْۢ بَعْدِهٖ	مِنْ حُلِيِّهِمْ
تھے وہ	عمل کرتے	اور	بنایا	قوم	موسیٰ نے	اس کے بعد	اپنے زیورات سے

جو کچھ وہ کیا کرتے تھے۔ اور موسیٰ علیہ السلام کی قوم نے ان کے (کوہ طور پر جانے کے) بعد اپنے زیوروں سے

عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ ۭ اَلَمْ يَرَوْا اَنَّهٗ لَا يُكَلِّمُهُمْ

عجلا	جسدا	لہ	خوار	الم	یروا	انہ	لا	یکلمھم
ایک بچھڑا	بے جان دھڑ	اس کی	گائے کی سی آواز تھی	کیا نہ	دیکھا انہوں نے	کہ وہ	نہ	بولتا ہے ان سے

ایک بچھڑا بنا لیا (جو) ایک جسم تھا اس کی آواز گائے کی سی تھی کیا انہوں نے یہ نہیں دیکھا کہ وہ نہ ان سے بات کر سکتا ہے اور نہ ہی

وقف لازم

وَلَا يَهْدِيْهِمْ سَبِيْلًا ۘ اِتَّخَذُوْهُ وَكَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۸﴾ وَلَمَّا

و	لا	یھدیھم	سبیلا	اتخذوہ	و	کانوا	ظلمین	و	لما
اور	نہ	دکھاتا ہے انہیں	رستہ	پکڑا اس کو	اور	وہ تھے	ظالم	اور	جب

انہیں راہ ہدایت دکھا سکتا ہے انہوں نے اسی کو (معبود) بنا لیا اور وہ ظالم تھے۔ اور جب

سُقِطَ فِيْٓ اَيْدِيْهِمْ وَرَاَوْا اَنَّهُمْ قَدْ ضَلُّوْا ۙ قَالُوْا لَىِٕنْ لَّمْ يَرْحَمْنَا

سقط فی ایدیھم	و	راوا	انھم	قد	ضلوا	قالوا	لئن	لم	یرحمنا
گرے اپنے ہاتھوں میں	اور	دیکھا	کہ وہ	بیشک	گمراہ ہوئے	بولے	اگر	نہ	رحم کیا ہم پر

وہ سخت نادم ہوئے اور سمجھے کہ ہم گمراہ ہوگئے (تو) بولے کہ اگر ہمارا رب ہم پر رحم نہ کرے

رَبُّنَا وَيَغْفِرْ لَنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾ وَلَمَّا رَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى

ربنا	و	یغفر لنا	لنکونن	من الخسرین	و	لما	رجع	موسی	الی
ہمارے رب نے	اور	نہ بخشے ہمیں	تو ضرور ہوں گے ہم	تباہ ہونے والوں میں سے	اور	جب	پلٹے	موسیٰ	طرف

اور ہمیں نہ بخشے تو بے شک ہم ضرور تباہ ہونے والوں میں سے ہو جائیں گے۔ اور جب لوٹے موسیٰ ؑ اپنی

قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۙ قَالَ بِئْسَمَا خَلَفْتُمُوْنِيْ مِنْۢ بَعْدِيْ ۚ

قومہ	غضبان	اسفا	قال	بئسما	خلفتمونی	من بعدی
اپنی قوم کی	غصے میں	افسوس کرتے	کہا	بری	جانشینی کی تم نے میری	میرے بعد

امت کی طرف غضب ناک غمگین ہو کر فرمایا تم نے میرے جانے کے بعد میرے

اَعَجِلْتُمْ اَمْرَ رَبِّكُمْ ۚ وَاَلْقَى الْاَلْوَاحَ وَاَخَذَ بِرَاْسِ اَخِيْهِ

اَعَجِلْتُمْ	اَمْرَ	رَبِّكُمْ	وَ	اَلْقَى	الْاَلْوَاحَ	وَ	اَخَذَ	بِرَاْسِ	اَخِيْهِ
کیا جلدی کی تم نے	حکم	اپنے رب سے	اور	ڈالیں	تختیاں	اور	پکڑا	سر	اپنے بھائی کا

پیچھے کیا ہی برے کام کیے کیا تم نے اپنے رب کا حکم آنے سے پہلے ہی جلد بازی کی؟ اور (موسیٰ علیہ السلام نے تورات کی) تختیاں

يَجُرُّهٗۤ اِلَيْهِ ؕ قَالَ ابْنَ اُمَّ اِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِىْ وَكَادُوْا

يَجُرُّهٗ	اِلَيْهِ	قَالَ	ابْنَ	اُمَّ	اِنَّ	الْقَوْمَ	اسْتَضْعَفُوْنِىْ	وَ	كَادُوْا
کھینچتا تھا اس کو	اپنی طرف	کہا	اے بیٹے	میری ماں کے	بیشک	قوم نے	کمزور جانا مجھ کو	اور	قریب تھا کہ

ڈال دیں اور اپنے بھائی (ہارون علیہ السلام) کے سر (کے بالوں) کو پکڑ کر اپنی طرف کھینچنے لگے (ہارون علیہ السلام نے) کہا اے میری ماں

يَقْتُلُوْنَنِىْ ۖ فَلَا تُشْمِتْ بِىَ الْاَعْدَآءَ وَلَا تَجْعَلْنِىْ مَعَ الْقَوْمِ

يَقْتُلُوْنَنِىْ	فَلَا	تُشْمِتْ	بِىَ	الْاَعْدَآءَ	وَ	لَا	تَجْعَلْنِىْ	مَعَ	الْقَوْمِ
قتل کریں مجھ کو	تو نہ	خوش کر	مجھ پر	دشمنوں کو	اور	نہ	کر مجھے (شامل)	ساتھ	قوم

کے بیٹے! بے شک (ان) لوگوں نے مجھے بے بس کر دیا اور وہ قریب تھے کہ مجھے قتل کر دیں تم مجھ پر دشمنوں کو خوش ہونے نہ دو

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۰﴾ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِىْ وَلِاَخِىْ وَاَدْخِلْنَا فِىْ رَحْمَتِكَ ۖ

الظّٰلِمِيْنَ	قَالَ	رَبِّ	اغْفِرْ لِىْ	وَلِاَخِىْ	وَ	اَدْخِلْنَا	فِىْ	رَحْمَتِكَ
ظالم کے	عرض کی	اے میرے رب	بخش دے مجھ کو	اور میرے بھائی کو	اور	داخل کر ہم کو	میں	اپنی رحمت

اور مجھے (ان) ظالم لوگوں کے ساتھ (شامل) نہ کیجیے۔ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی اے رب مجھے اور میرے بھائی کو بخش دے اور ہمیں

وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ ع اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ ع ۱۸

وَ	اَنْتَ	اَرْحَمُ	الرّٰحِمِيْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اتَّخَذُوا	الْعِجْلَ
اور	تو	بڑا ہی	رحم کرنے والا ہے	بیشک	وہ لوگ جو	لے بیٹھے	بچھڑے کو

اپنی رحمت میں ڈھانپ لے اور تو سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔ بے شک وہ جو بچھڑا لے بیٹھے عنقریب

سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَذِلَّةٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَكَذٰلِكَ

سَيَنَالُهُمْ	غَضَبٌ	مِّنْ رَّبِّهِمْ	وَ	ذِلَّةٌ	فِي	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	وَ	كَذٰلِكَ
جلدی پہنچے گا ان کو	غضب	انکے رب کی طرف سے	اور	ذلت	میں	زندگی	دنیا کی	اور	اسی طرح

انہیں ان کے رب کا غضب اور ذلت پہنچے گا دنیا کی زندگی میں اور ہم ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں

نَجْزِي الْمُفْتَرِيْنَ ﴿۱۵۲﴾ وَالَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوْا

نَجْزِي	الْمُفْتَرِيْنَ	وَ	الَّذِيْنَ	عَمِلُوا	السَّيِّاٰتِ	ثُمَّ	تَابُوْا
بدلہ دیتے ہم	جھوٹوں کو	اور	وہ جنہوں نے	عمل کئے	برے	پھر	توبہ کی

جھوٹ گھڑنے والوں کو۔ اور جن لوگوں نے برے کام کئے پھر اس کے بعد توبہ کر لی

مِنْ بَعْدِهَا وَاٰمَنُوْٓا ؗ اِنَّ رَبَّكَ مِنْ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۵۳﴾ وَلَمَّا

مِنْ بَعْدِهَا	وَ	اٰمَنُوْٓا	اِنَّ	رَبَّكَ	مِنْ بَعْدِهَا	لَغَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَ	لَمَّا
اس کے بعد	اور	ایمان لائے	بیشک	آپکا رب	بعد اس کے	بخشنے والا	مہربان ہے	اور	جب

اور ایمان لے آئے (تو) بے شک آپ کا رب اس کے بعد بڑا ہی بخشنے والا مہربان ہے۔ اور موسیٰ علیہ السلام کا

سَكَتَ عَنْ مُّوْسَى الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ ۚۖ وَفِيْ نُسْخَتِهَا

سَكَتَ	عَنْ مُّوْسَى	الْغَضَبُ	اَخَذَ	الْاَلْوَاحَ	وَ	فِيْ	نُسْخَتِهَا
تھم گیا	موسیٰ کا	غصہ	اٹھالیں	تختیاں	اور	میں	ان کی تحریر میں

غصہ تھم گیا تو انہوں نے تختیاں اٹھا لیں اور ان کی تحریر میں

هُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ وَاخْتَارَ مُوْسٰى

هُدًى	وَّ	رَحْمَةٌ	لِّلَّذِيْنَ	هُمْ	لِرَبِّهِمْ	يَرْهَبُوْنَ	وَ	اخْتَارَ	مُوْسٰى
ہدایت	اور	رحمت تھی	ان لوگوں کیلئے	جو	اپنے رب سے	ڈرتے ہیں	اور	چن لئے	موسیٰ نے

ہدایت اور ایسے لوگوں کیلئے رحمت تھی جو اپنے رب سے بہت ڈرتے تھے۔ اور چن لئے موسیٰ علیہ السلام نے اپنی

قَوْمَهٗ سَبْعِيْنَ رَجُلًا لِّمِيْقَاتِنَا ۚ فَلَمَّآ اَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ قَالَ

قَوْمَهٗ	سَبْعِيْنَ	رَجُلًا	لِّمِيْقَاتِنَا	فَلَمَّآ	اَخَذَتْهُمُ	الرَّجْفَةُ	قَالَ
اپنی قوم سے	ستر	مرد	ہمارے وعدے کیلئے	تو جب	پکڑا ان کو	زلزلہ نے	عرض کی

امت سے ستر آدمی ہمارے مقرر کیے ہوئے وقت (پر حاضر ہونے) کیلئے پھر جب انہیں زلزلہ نے پکڑ لیا تو موسیٰ علیہ السلام نے

رَبِّ لَوْ شِئْتَ اَهْلَكْتَهُمْ مِّنْ قَبْلُ وَاِيَّايَ ؕ اَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ

رَبِّ	لَوْ	شِئْتَ	اَهْلَكْتَهُمْ	مِّنْ قَبْلُ	وَ	اِيَّايَ	اَتُهْلِكُنَا	بِمَا	فَعَلَ
اے میرے رب	اگر	تو چاہتا	تو ہلاک کرتا ان کو	پہلے اس سے	اور	مجھ کو بھی	کیا ہلاک کرتا ہے تو ہم کو	اس لیے جو	کیا

عرض کی اے میرے رب! اگر تو چاہتا تو انہیں اور مجھے پہلے ہی ہلاک کر دیتا کیا تو ہمیں ہلاک کرے گا ان کاموں کی وجہ

السُّفَهَآءُ مِنَّا ۚ اِنْ هِيَ اِلَّا فِتْنَتُكَ ؕ تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَآءُ

السُّفَهَآءُ	مِنَّا	اِنْ	هِيَ	اِلَّا	فِتْنَتُكَ	تُضِلُّ	بِهَا	مَنْ	تَشَآءُ
بے عقلوں نے	ہم میں سے	نہیں	یہ	مگر	تیری آزمائش	بہکاتا ہے تو	اس سے	جسے	چاہے

سے جو ہم میں سے بیوقوفوں نے کیے ہیں یہ نہیں ہے مگر تیری آزمائش جس کے ساتھ تو جسے چاہے گمراہ کرے اور جسے چاہے

وَتَهْدِيْ مَنْ تَشَآءُ ؕ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ

وَتَهْدِيْ	مَنْ تَشَآءُ	اَنْتَ	وَلِيُّنَا	فَاغْفِرْ لَنَا	وَ	ارْحَمْنَا	وَاَنْتَ	خَيْرُ
اور ہدایت دیتا ہے	جسے چاہے	تو	ہمارا مولا ہے	تو بخش ہم کو	اور	رحم کر ہم پر	اور تو	بہتر ہے

اسے ہدایت فرمائے، تو ہی ہمارا مددگار ہے تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور تو سب سے بہتر بخشنے والا ہے۔

الْغٰفِرِيْنَ ﴿۱۵۵﴾ وَاكْتُبْ لَنَا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ اِنَّا

الْغٰفِرِيْنَ	وَ	اكْتُبْ	لَنَا	فِيْ	هٰذِهِ	الدُّنْيَا	حَسَنَةً	وَّ	فِي	الْاٰخِرَةِ	اِنَّا
بخشنے والا	اور	لکھ دے	ہمارے لئے	میں	اس	دنیا کی	بھلائی	اور	میں	آخرت	بیشک ہم نے

اور ہمارے لئے اس دنیا میں بھلائی لکھ اور آخرت میں بیشک ہم تیری طرف تائب ہوئے

هُدْنَآ اِلَيْكَ ۭ قَالَ عَذَابِيْٓ اُصِيْبُ بِهٖ مَنْ اَشَاۗءُ ۚ وَرَحْمَتِيْ

هُدْنَآ	اِلَيْكَ	قَالَ	عَذَابِيْٓ	اُصِيْبُ	بِهٖ	مَنْ	اَشَاۗءُ	وَ	رَحْمَتِيْ
راہ پائی	تیری طرف	فرمایا	میرا عذاب	پہنچاتا ہوں میں	وہ	جس کو	میں چاہوں	اور	میری رحمت نے

رب نے فرمایامیں عذاب میں جسے چاہوں گا اسے پہنچاؤں گا اور میری رحمت نے

وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ ۭ فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ وَيُؤْتُوْنَ

وَسِعَتْ	كُلَّ	شَيْءٍ	فَسَاَكْتُبُهَا	لِلَّذِيْنَ	يَتَّقُوْنَ	وَ	يُؤْتُوْنَ
سما لیا	ہر	چیز کو	تو جلدی لکھوں گا میں اس کو	ان کیلئے جو	ڈرتے ہیں	اور	دیتے ہیں

ہر چیز کو گھیر لیا ہے تو اسے میں ان لوگوں کے حق میں لکھوں گا جو پرہیز گار ہیں اور

الزَّكٰوةَ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٥٦﴾ ۚ اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ

الزَّكٰوةَ	وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	بِاٰيٰتِنَا	يُؤْمِنُوْنَ	اَلَّذِيْنَ	يَتَّبِعُوْنَ	الرَّسُوْلَ
زکوٰۃ	اور	وہ	جو	ہماری آیتوں پر	ایمان رکھتے ہیں	وہ جو	پیروی کریں گے	رسول کی

زکوٰۃ دیتے ہیں اور وہ لوگ جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں۔ یہ وہ ہیں جو پیروی کرتے ہیں اس

النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ

النَّبِيَّ	الْاُمِّيَّ	الَّذِيْ	يَجِدُوْنَهٗ	مَكْتُوْبًا	عِنْدَهُمْ	فِي	التَّوْرٰىةِ
غیب کی خبریں دینے والے	امی کی	وہ جو کہ	پاتے ہیں اس کو	لکھا ہوا	پاس اپنے	میں	توریت

امی رسول ﷺ کی جس کے بارے میں لکھا ہوا اپنے پاس توریت

وَالْاِنْجِيْلِ ۡ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ

وَالْاِنْجِيْلِ	يَاْمُرُهُمْ	بِالْمَعْرُوْفِ	وَ	يَنْهٰىهُمْ	عَنِ الْمُنْكَرِ	وَ	يُحِلُّ
اور انجیل کے	حکم دے گا ان کو	بھلی باتوں کا	اور	روکے گا	بری باتوں سے	اور	حلال کرے گا

اور انجیل میں پاتے ہیں وہ انہیں بھلائی کا حکم دیتے ہیں اور برائی سے منع فرماتے ہیں اور پاکیزہ چیزیں ان کیلئے حلال

لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ

لَهُمُ	الطَّيِّبٰتِ	وَ	يُحَرِّمُ	عَلَيْهِمُ	الْخَبٰٓئِثَ	وَيَضَعُ	عَنْهُمْ	اِصْرَهُمْ
ان کیلئے	پاک چیزیں	اور	حرام کرے گا	ان پر	گندگی چیزیں	اور اتارے گا	ان سے	بوجھ ان کے

فرماتے ہیں اور گندی چیزیں ان پر حرام کرتے ہیں اور ان پر سے وہ بوجھ اور گلے کے

وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ

وَ	الْاَغْلٰلَ	الَّتِيْ	كَانَتْ	عَلَيْهِمْ	فَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	بِهٖ	وَ	عَزَّرُوْهُ	وَ	نَصَرُوْهُ
اور	طوق	جو	تھے	ان پر	پھر جو	ایمان لائیں گے	اس پر	اور	حمایت کریں گے	اور	مدد کریں گے

پھندے اتارتے ہیں جو ان پر پڑے ہوتے تھے تو وہ جو اس پر ایمان لائے اور اس کی تعظیم کریں اور اسے دین میں مدد دیں

وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ ع قُلْ ع ۱۹ ۱

وَ	اتَّبَعُوا	النُّوْرَ	الَّذِيْٓ	اُنْزِلَ	مَعَهٗٓ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ	قُلْ
اور	پیروی کریں گے	اس نور کی	جو	اتارا گیا	اس کے ساتھ	تو یہ لوگ	وہی ہیں	کامیاب ہونے والے	فرما دو

اور اس (قرآن) نور کی پیروی کریں جو اس کے ساتھ نازل کی گئی ہے وہی کامیاب ہونے والے ہیں۔ اے محبوب ﷺ فرما

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَا ۨ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ

يٰٓاَيُّهَا	النَّاسُ	اِنِّيْ	رَسُوْلُ	اللّٰهِ	اِلَيْكُمْ	جَمِيْعًا	الَّذِيْ	لَهٗ	مُلْكُ
اے	لوگو	بیشک میں	رسول ہوں	اللہ کا	تمہاری طرف	سب کی	وہ	کہ جس کی	بادشاہی ہے

دیں اے لوگو! میں تم سب کی طرف اس اللہ کا رسول ہوں کہ آسمان اور زمین کی بادشاہی

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۠ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ

السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ	يُحْيٖ	وَيُمِيْتُ	فَاٰمِنُوْا	بِاللّٰهِ
آسمانوں	اور	زمین میں	نہیں	کوئی معبود	مگر	وہی	زندہ کرتا ہے	اور مارتا ہے	تو ایمان لاؤ	اللہ پر

اسی کو ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی زندہ کرتا ہے اور وہی موت دیتا ہے تو ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسول ﷺ غیب کی خبریں

وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ

وَ	رَسُوْلِهٖ	النَّبِيِّ	الْاُمِّيِّ	الَّذِيْ	يُؤْمِنُ	بِاللّٰهِ	وَ	كَلِمٰتِهٖ	وَ	اتَّبِعُوْهُ	لَعَلَّكُمْ
اور	اسکے رسول	غیب بتانے والے	امی پر	جو	ایمان لاتے ہیں	اللہ پر	اور	اسکی باتوں پر	اور	پیروی کرو اسکی	تاکہ

بتانے والے نبی امی پر جو اللہ اور اس کی باتوں پر ایمان لاتے ہیں اور ان کی پیروی کرو تاکہ تم

تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ وَمِنْ قَوْمِ مُوْسٰۤى اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ

تَهْتَدُوْنَ	وَ	مِنْ قَوْمِ	مُوْسٰى	اُمَّةٌ	يَّهْدُوْنَ	بِالْحَقِّ	وَ	بِهٖ
ہدایت پاؤ	اور	قوم	موسیٰ سے	ایک جماعت تھی	جو ہدایت کرتی تھی	حق کی	اور	اسکے ساتھ

راہ ہدایت پاؤ۔ اور موسیٰ علیہ السلام کی قوم میں سے ایک جماعت (ایسے لوگوں کی بھی) ہے جو حق کی راہ بتاتے ہیں اور اسی کے

يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ وَقَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا اُمَمًا ؕ وَاَوْحَيْنَاۤ

يَعْدِلُوْنَ	وَ	قَطَّعْنٰهُمُ	اثْنَتَيْ عَشْرَةَ	اَسْبَاطًا	اُمَمًا	وَ	اَوْحَيْنَاۤ
انصاف کرتے	اور	ہم نے بانٹ دیا ان کو	بارہ	قبیلوں میں	گروہ گروہ	اور	وحی بھیجی ہم نے

مطابق عدل (پر مبنی فیصلے) کرتے ہیں۔ اور ہم نے انہیں گروہ در گروہ بارہ قبیلوں میں تقسیم کر دیا اور ہم نے

اِلٰى مُوْسٰۤى اِذِ اسْتَسْقٰىهُ قَوْمُهٗۤ اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۚ

اِلٰى	مُوْسٰى	اِذِ	اسْتَسْقٰىهُ	قَوْمُهٗۤ	اَنِ	اضْرِبْ	بِّعَصَاكَ	الْحَجَرَ
طرف	موسیٰ کی	جب	پانی مانگا اس سے	اس کی قوم نے	یہ کہ	مارو	عصا اپنا	پتھر پر

موسیٰ (علیہ السلام) کے پاس (یہ) وحی بھیجی جب ان سے ان کی قوم نے پانی مانگا کہ اپنا عصا پتھر پر مارو

فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ

فَانْۢبَجَسَتْ	مِنْهُ	اثْنَتَا عَشْرَةَ	عَيْنًا	قَدْ	عَلِمَ	كُلُّ	اُنَاسٍ
تو پھوٹے	اس سے	بارہ	چشمے	بیشک	جان لیا	ہر	گروہ نے

سو اس میں سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے پس ہر قبیلہ نے اپنے پینے کی جگہ کو معلوم کر لیا اور ہم نے ان پر ابر کو

مَشْرَبَهُمْ ۭ وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ

مَشْرَبَهُمْ	وَ	ظَلَّلْنَا	عَلَيْهِمُ	الْغَمَامَ	وَ	اَنْزَلْنَا	عَلَيْهِمُ	الْمَنَّ
اپنا گھاٹ	اور	سایہ کیا ہم نے	ان پر	بادلوں کا	اور	اتارا ہم نے	ان پر	من

سایہ فگن کیا اور ہم نے ان پر من و سلویٰ اتارا (اور ان سے فرمایا:)۔ جن

وَالسَّلْوٰى ۭ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ۭ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ

وَ	السَّلْوٰى	كُلُوْا	مِنْ طَيِّبٰتِ	مَا	رَزَقْنٰكُمْ	وَ	مَا	ظَلَمُوْنَا	وَ	لٰكِنْ
اور	سلویٰ	کھاؤ	پاکیزہ چیزیں	جو	رزق دیا ہم نے تم کو	اور	نہ	ظلم کیا انہوں نے ہم پر	اور	لیکن

پاکیزہ چیزوں کا رزق ہم نے تمہیں عطا کیا ہے اس میں سے کھاؤ (مگر نافرمانی اور کفرانِ نعمت کرکے) انہوں نے ہم پر ظلم نہیں کیا

كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۶۰﴾ وَاِذْ قِيْلَ لَهُمُ اسْكُنُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ

كَانُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُوْنَ	وَ	اِذْ	قِيْلَ	لَهُمُ	اسْكُنُوْا	هٰذِهِ	الْقَرْيَةَ
وہ تھے	اپنی جانوں پر خود	ظلم کرتے تھے	اور	جب	فرمایا گیا	ان کو	رہو تم	اس	بستی میں

بلکہ وہ اپنی ہی جانوں پر ظلم کررہے تھے۔ اور جب ان سے کہا گیا کہ اس شہر میں سکونت اختیار کرو اور اس سے جہاں چاہو

وَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا

وَ	كُلُوْا	مِنْهَا	حَيْثُ	شِئْتُمْ	وَقُوْلُوْا	حِطَّةٌ	وَّ	ادْخُلُوا	الْبَابَ	سُجَّدًا
اور	کھاؤ	اس سے	جہاں	چاہو تم	اور کہو	گناہ اترے	اور	داخل ہو	دروازے سے	سجدہ کرتے ہوئے

کھاؤ اور کہو حِطَّةٌ (یعنی) اے اللہ! ہمارے گناہ معاف کردے اور دروازے میں داخل ہو جاؤ سجدہ کرتے ہوئے

نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطِيْٓــٰٔتِكُمْ ۭ سَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۶۱﴾ فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ

نَّغْفِرْ لَكُمْ	خَطِيْٓــٰٔتِكُمْ	سَنَزِيْدُ	الْمُحْسِنِيْنَ	فَبَدَّلَ	الَّذِيْنَ
ہم بخش دیں گے تم کو	تمہارے گناہ	عنقریب زیادہ دیں گے ہم	نیکوں کو	تو بدل دیا	جنہوں نے

ہم تمہاری خطائیں بخش دیں گے عنقریب نیکی کرنے والوں کو (مغفرت کے علاوہ) ہم زیادہ (ثواب) دیں گے۔ تو ان میں سے

ظَلَمُوْا مِنْهُمْ قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِجْزًا

ظَلَمُوْا	مِنْهُمْ	قَوْلًا	غَيْرَ	الَّذِيْ	قِيْلَ	لَهُمْ	فَاَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمْ	رِجْزًا
ظلم کیا	ان میں سے	بات کو	سوا	اس کے جو	کہی گئی تھی	ان کو	تو بھیجا ہم نے	ان پر	عذاب

ظلم کرنے والوں نے بات بدل ڈالی اس کے خلاف جس کا انہیں حکم دیا گیا تھا تو ہم نے ان پر

مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ (۱۶۲) ع وَسْئَلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ

مِّنَ السَّمَآءِ	بِمَا	كَانُوْا	يَظْلِمُوْنَ	وَسْئَلْهُمْ	عَنِ الْقَرْيَةِ	الَّتِيْ
آسمان سے	بدلہ	اس کا جو تھے	ظلم کرتے ۔	اور پوچھو ان سے	حال اس بستی کا	جو

آسمان سے عذاب بھیجا اس وجہ سے کہ وہ ظلم کرتے تھے۔ اور ان سے حال پوچھو اس بستی کا کہ آباد

ع

كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ اِذْ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ اِذْ تَاْتِيْهِمْ

وقف لازم

كَانَتْ	حَاضِرَةَ	الْبَحْرِ	اِذْ	يَعْدُوْنَ	فِي	السَّبْتِ	اِذْ	تَاْتِيْهِمْ
تھی	کنارے	سمندر کے	جب	زیادتی کرتے	میں	ہفتہ	جب	آتیں ان کے پاس

تھی ساحل سمندر پر جب وہ ہفتہ کے بارے میں حد سے بڑھتے جب ہفتے کے دن

حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَّيَوْمَ لَا يَسْبِتُوْنَ لَا تَاْتِيْهِمْ

حِيْتَانُهُمْ	يَوْمَ	سَبْتِهِمْ	شُرَّعًا	وَ	يَوْمَ	لَا	يَسْبِتُوْنَ	لَا	تَاْتِيْهِمْ
ان کی مچھلیاں	دن	ان کے ہفتے کے	ظاہر ہوکر	اور	جس دن	نہ	ہفتہ ہوتا	نہ	آتی ان کے پاس

ان کی مچھلیاں پانی پر تیرتی ان کے سامنے آتیں اور جو دن ہفتے کا نہ ہوتا نہ آتیں

النصف
معانقة

كَذٰلِكَ نَبْلُوْهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ (۱۶۳) وَاِذْ قَالَتْ اُمَّةٌ مِّنْهُمْ

كَذٰلِكَ	نَبْلُوْهُمْ	بِمَا	كَانُوْا	يَفْسُقُوْنَ	وَ	اِذْ	قَالَتْ	اُمَّةٌ	مِّنْهُمْ
اسی طرح	آزماتے ہم ان کو	اسکے بدلے	جو تھے	بے حکم	اور	جب	کہا	ایک گروہ نے	ان میں سے

اسی طرح ہم انہیں آزماتے تھے ان کی نافرمانی کے سبب اور جب ان میں سے ایک گروہ نے کہا کیوں نصیحت کرتے ہو ان

لِمَ تَعِظُوْنَ قَوْمًا ۙ اللّٰهُ مُهْلِكُهُمْ اَوْ مُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ

لِمَ	تَعِظُوْنَ	قَوْمًا	اللّٰهُ	مُهْلِكُهُمْ	اَوْ	مُعَذِّبُهُمْ	عَذَابًا	شَدِيْدًا
کیوں	نصیحت کرتے ہو	اس قوم کو کہ	اللہ	ہلاک کرنے والا ہے ان کو	یا	عذاب کرنے والا ہے ان کو	عذاب	سخت

لوگوں کو جنہیں اللہ ہلاک کرنے والا ہے یا انہیں سخت عذاب دینے والا ہے

قَالُوْا مَعْذِرَةً اِلٰى رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا

قَالُوْا	مَعْذِرَةً	اِلٰى	رَبِّكُمْ	وَ	لَعَلَّهُمْ	يَتَّقُوْنَ	فَلَمَّا	نَسُوْا	مَا	ذُكِّرُوْا
بولے	عذر کیلئے	طرف	تمہارے رب کی	اور	شاید وہ بھی	ڈریں	پھر جب	بھول گئے	جو	نصیحت دیئے گئے تھے

بولے تمہارے رب کے حضور معذرت کے لیے اور شاید وہ ڈرنے لگیں۔ پھر جب وہ ان (سب) باتوں کو فراموش کر بیٹھے جن

بِهٖۤ اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوْٓءِ وَاَخَذْنَا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

بِهٖۤ	اَنْجَيْنَا	الَّذِيْنَ	يَنْهَوْنَ	عَنِ السُّوْٓءِ	وَ	اَخَذْنَا	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا
اس کی	تو نجات دی ہم نے	ان کو جو	روکتے تھے	برائی سے	اور	پکڑا ہم نے	ان کو	جو ظالم تھے

کی انہیں نصیحت کی گئی تھی (تو) ہم نے ان لوگوں کو نجات دے دی جو برائی سے منع کرتے تھے اور ہم نے (بقیہ سب) لوگوں کو جو ظلم

بِعَذَابٍۢ بَـِٔيْسٍۢ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۱۶۵﴾ فَلَمَّا عَتَوْا عَنْ مَّا نُهُوْا

بِعَذَابٍۢ	بَـِٔيْسٍۢ	بِمَا	كَانُوْا	يَفْسُقُوْنَ	فَلَمَّا	عَتَوْا	عَنْ مَّا	نُهُوْا
عذاب	برے میں	بدلے اسکے جو	تھے	نافرمانی کرتے	پھر جب	سرکشی کی	اس سے کہ	روکے گئے تھے

کرتے تھے نہایت برے عذاب میں پکڑ لیا اس وجہ سے کہ وہ نافرمانی کر رہے تھے۔ پھر جب انہوں نے اس چیز (کے ترک کرنے

عَنْهُ قُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِـِٕيْنَ ﴿۱۶۶﴾ وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكَ

عَنْهُ	قُلْنَا	لَهُمْ	كُوْنُوْا	قِرَدَةً	خٰسِـِٕيْنَ	وَ	اِذْ	تَاَذَّنَ	رَبُّكَ
اس سے	تو ہم نے کہا	ان کو	ہو جاؤ	بندر	دھتکارے ہوئے	اور	جب	اعلان کیا	آپ کے رب نے کہ

کے حکم) سے سرکشی کی جس سے وہ روکے گئے تھے (تو) ہم نے انہیں حکم دیا کہ تم ذلیل و خوار بندر ہو جاؤ۔ اور یاد کرو جب آپ

لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَن يَسُومُهُمْ سُوءَ الْعَذَابِ ۗ

لَيَبْعَثَنَّ	عَلَيْهِمْ	إِلَىٰ	يَوْمِ	الْقِيَامَةِ	مَن	يَسُومُهُمْ	سُوءَ	الْعَذَابِ
ضرور بھیجے گا	ان پر	طرف	دن	قیامت کی	جو	چکھائے گا ان کو	برا	عذاب

کے رب نے خبردار کردیا کہ وہ قیامت کے دن تک ان پر ایسے لوگوں کو مسلط کرتا رہے گا جو انہیں برا عذاب چکھائیں گے

إِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيعُ الْعِقَابِ ۖ وَإِنَّهُ لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ (۱۶۷)

إِنَّ	رَبَّكَ	لَسَرِيعُ	الْعِقَابِ	وَ	إِنَّهُ	لَغَفُورٌ	رَّحِيمٌ
بیشک	آپکا رب	جلدی	سزا دینے والا ہے	اور	بیشک وہ	بخشنے والا	مہربان ہے

بے شک آپ کا رب ضرور بہت جلد عذاب دینے والا اور بے شک وہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔

وَقَطَّعْنَاهُمْ فِي الْأَرْضِ أُمَمًا ۖ مِّنْهُمُ الصَّالِحُونَ وَمِنْهُمْ دُونَ

وَقَطَّعْنَاهُمْ	فِي الْأَرْضِ	أُمَمًا	مِّنْهُمُ	الصَّالِحُونَ	وَمِنْهُمْ	دُونَ
اور متفرق کردیا ہم نے انکو	زمین میں	گروہ گروہ	بعض ان سے	نیک ہیں	اور بعض ان سے	سوا

اور ہم نے زمین میں انہیں کئی گروہوں میں بانٹ دیا ان میں سے کچھ نیک ہیں اور کچھ ان سے مختلف

ذَٰلِكَ ۖ وَبَلَوْنَاهُم بِالْحَسَنَاتِ وَالسَّيِّئَاتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ (۱۶۸)

ذَٰلِكَ	وَ	بَلَوْنَاهُم	بِالْحَسَنَاتِ	وَ	السَّيِّئَاتِ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُونَ
اس کے ہیں	اور	آزمایا ہم نے ان کو	نیکی سے	اور	برائی سے	تاکہ وہ	لوٹیں

اور ہم نے ان کی آزمائش کی نعمتوں اور مشقتوں کے ساتھ تاکہ وہ (حق کی طرف) رجوع کریں۔

فَخَلَفَ مِن بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَرِثُوا الْكِتَابَ يَأْخُذُونَ عَرَضَ

فَخَلَفَ	مِن بَعْدِهِمْ	خَلْفٌ	وَرِثُوا	الْكِتَابَ	يَأْخُذُونَ	عَرَضَ
تو پیچھے آئے	بعد ان کے	ناخلف	جو وارث ہوئے	کتاب کے	لیتے ہیں	سامان

پھر ان کی جگہ ان کے بعد وہ ناخلف آئے کہ کتاب کے وارث ہوئے اس دنیا کا مال لیتے ہیں

هٰذَا الْاَدْنٰى وَيَقُوْلُوْنَ سَيُغْفَرُ لَنَا ۚ وَاِنْ يَّاْتِهِمْ عَرَضٌ مِّثْلُهٗ

هٰذَا	الْاَدْنٰى	وَ	يَقُوْلُوْنَ	سَيُغْفَرُ لَنَا	وَ	اِنْ	يَّاْتِهِمْ	عَرَضٌ	مِّثْلُهٗ
اس	دنیا کا	اور	کہتے ہیں	جلدی بخشا جائے گا ہم کو	اور	اگر	آتا ان کے پاس	سامان	مثل اسکی

اور کہتے ہیں اب عنقریب ہماری بخشش ہو گی اور اگر ایسا ہی مال ان کے پاس اور آئے تو

يَاْخُذُوْهُ ۭ اَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِمْ مِّيْثَاقُ الْكِتٰبِ اَنْ لَّا يَقُوْلُوْا عَلَى

يَاْخُذُوْهُ	اَلَمْ	يُؤْخَذْ	عَلَيْهِمْ	مِّيْثَاقُ	الْكِتٰبِ	اَنْ	لَا	يَقُوْلُوْا	عَلَى
لیتے اس کو	کیا نہ	لیا گیا	ان پر	عہد	کتاب کا	یہ کہ	نہ	کہیں	اوپر

لے لیں گے ان پر کتاب میں عہد نہ لیا گیا کہ وہ

اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ وَدَرَسُوْا مَا فِيْهِ ۭ وَالدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ

اللّٰهِ	اِلَّا	الْحَقَّ	وَ	دَرَسُوْا	مَا	فِيْهِ	وَ	الدَّارُ	الْاٰخِرَةُ	خَيْرٌ	لِّلَّذِيْنَ
اللہ کے	مگر	حق	اور	پڑھا انہوں نے	جو	اس میں تھا	اور	گھر	آخرت کا	بہتر ہے	اس کیلئے جو

اللہ تعالیٰ پر حق کے سوا کوئی اور بات نہ کہیں اور انہوں نے اسے پڑھا اور بے شک آخرت کا گھر بہتر ہے

يَتَّقُوْنَ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ بِالْكِتٰبِ وَاَقَامُوا

يَتَّقُوْنَ	اَفَلَا	تَعْقِلُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	يُمَسِّكُوْنَ	بِالْكِتٰبِ	وَ	اَقَامُوا
پرہیزگار ہیں	کیا پھر نہیں	عقل تمہیں	اور وہ جو	تھامتے ہیں	کتاب کو	اور	قائم کرتے ہیں

پرہیزگاروں کو تو کیا پھر تم سمجھتے نہیں ہو۔ اور وہ جو کتاب کو مضبوط تھامتے ہیں اور انہوں نے نماز قائم کر رکھی

الصَّلٰوةَ ۭ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿۱۷۰﴾ وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ

الصَّلٰوةَ	اِنَّا	لَا	نُضِيْعُ	اَجْرَ	الْمُصْلِحِيْنَ	وَ	اِذْ	نَتَقْنَا	الْجَبَلَ
نماز کو	بیشک ہم	نہیں	ضائع کرتے	اجر	نیکوں کا	اور	جب	اٹھایا ہم نے	پہاڑ

بے شک ہم اصلاح کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے۔ اور (وہ وقت یاد کیجئے) جب ہم نے ان کے اوپر پہاڑ کو (یوں) بلند

فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهٗ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۚ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ

فَوْقَهُمْ	كَاَنَّهٗ	ظُلَّةٌ	وَّظَنُّوْٓا	اَنَّهٗ	وَاقِعٌۢ	بِهِمْ	خُذُوْا	مَآ	اٰتَيْنٰكُمْ	بِقُوَّةٍ
ان کے اوپر	گویا کہ وہ	سائبان ہے	اور خیال کیا انہوں نے کہ	بیشک وہ	گرنے والا ہے	ان پر	پکڑو	جو	دیا ہے تم کو	قوت سے

کر دیا جیسا کہ وہ (ایک) سائبان ہو اور وہ (یہ) گمان کرنے لگے کہ ان پر گرنے والا ہے تم وہ (کتاب) مضبوطی سے (عملاً)

وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۱﴾ وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ

وَّاذْكُرُوْا	مَا	فِيْهِ	لَعَلَّكُمْ	تَتَّقُوْنَ	وَ	اِذْ	اَخَذَ	رَبُّكَ	مِنْۢ بَنِيْٓ	اٰدَمَ
اور یاد کرو	جو	اس میں ہے	تاکہ تم	پرہیزگار بنو	اور	جب	پکڑا	تمہارے رب نے	سے بنی	آدم

تھامے رکھو جو ہم نے تمہیں عطا کی ہے اور ان (احکام) کو (خوب) یاد رکھو جو اس میں (مذکور) ہیں تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ۔ اے

مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ ۚ اَلَسْتُ

مِنْ ظُهُوْرِهِمْ	ذُرِّيَّتَهُمْ	وَ	اَشْهَدَهُمْ	عَلٰٓي	اَنْفُسِهِمْ	اَلَسْتُ
پیٹھوں اس کی سے	ان کی اولاد کو	اور	گواہ بنایا ان کو	اوپر	ان کی جانوں کے	کیا نہیں میں

محبوب ﷺ اور یاد کیجئے جب آپ کے رب نے اولاد آدم کی پشتوں سے ان کی نسل نکالی اور ان کو انہی کی جانوں پر گواہ بنایا (اور

بِرَبِّكُمْ ۭ قَالُوْا بَلٰي ڔ شَهِدْنَا ڔ اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا

بِرَبِّكُمْ	قَالُوْا	بَلٰي	شَهِدْنَا	اَنْ	تَقُوْلُوْا	يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	اِنَّا	كُنَّا	عَنْ هٰذَا
تمہارا رب	بولے	کیوں نہیں	ہم گواہ ہیں	یہ کہ	تم کہو	دن	قیامت کے	بیشک	ہم تھے	اس سے

فرمایا) کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ (وہ سب) بول اٹھے کیوں نہیں (تو ہی ہمارا رب ہے) ہم گواہی دیتے ہیں یہ اس لیے

غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷۲﴾ اَوْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اَشْرَكَ اٰبَاۗؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً

غٰفِلِيْنَ	اَوْ	تَقُوْلُوْٓا	اِنَّمَآ	اَشْرَكَ	اٰبَاۗؤُنَا	مِنْ قَبْلُ	وَ	كُنَّا	ذُرِّيَّةً
بے خبر	یا	کہو	سوائے اس کے نہیں کہ	شرک کیا	ہمارے باپ دادا نے	پہلے	اور	تھے ہم	اولاد

تاکہ قیامت کے دن یہ (نہ) کہو کہ ہم اس عہد سے بے خبر تھے۔ یا تم یہ کہو کہ در حقیقت پہلے ہمارے باپ دادا ہی نے شرک کیا تھا

مِّنۢ بَعۡدِهِمۡ ۚ اَفَتُهۡلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الۡمُبۡطِلُوۡنَ ﴿١٧٣﴾ وَكَذٰلِكَ

مِّنۢ بَعۡدِهِمۡ	اَفَتُهۡلِكُنَا	بِمَا	فَعَلَ	الۡمُبۡطِلُوۡنَ	وَ	كَذٰلِكَ
بعد ان کے	کیا ہلاک فرماتا ہے تو ہم کو	بدلے اس کے جو	کیا	اہل باطل نے	اور	اسی طرح

اور ہم ان کے بعد ان کی اولاد ہو تو کیا ہمیں ہلاک کیا جائے گا اس کام کی وجہ سے جو باطل پرستوں نے کیا تھا۔ اور اسی طرح ہم

نُفَصِّلُ الۡاٰيٰتِ وَلَعَلَّهُمۡ يَرۡجِعُوۡنَ ﴿١٧٤﴾ وَاتۡلُ عَلَيۡهِمۡ نَبَاَ الَّذِيۡۤ

نُفَصِّلُ الۡاٰيٰتِ	وَ	لَعَلَّهُمۡ	يَرۡجِعُوۡنَ	وَ	اتۡلُ	عَلَيۡهِمۡ	نَبَاَ	الَّذِيۡۤ
کھولتے ہیں ہم آیتیں	اور	تاکہ وہ	رجوع کریں	اور	پڑھ دیجئے	ان پر	خبر	اس کی کہ

تفصیل کے ساتھ آیتیں بیان کرتے ہیں اور اس لئے بھی کہ وہ کفر سے باز آ جائیں۔ اور اے محبوب ﷺ انہیں اس کا احوال

اٰتَيۡنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانۡسَلَخَ مِنۡهَا فَاَتۡبَعَهُ الشَّيۡطٰنُ فَكَانَ مِنَ

اٰتَيۡنٰهُ	اٰيٰتِنَا	فَانۡسَلَخَ	مِنۡهَا	فَاَتۡبَعَهُ	الشَّيۡطٰنُ	فَكَانَ	مِنَ الۡغٰوِيۡنَ
دیں ہم نے اس کو	اپنی آیتیں	تو نکل گیا	اس سے	تو پیچھے لگا اس کے	شیطان	تو ہو گیا	گمراہوں سے

سنائیے جسے ہم نے آیتیں دیں تو وہ ان سے کترا کر نکل گیا تو شیطان اس کے پیچھے لگا تو گمراہوں میں ہو گیا۔

الۡغٰوِيۡنَ ﴿١٧٥﴾ وَلَوۡ شِئۡنَا لَرَفَعۡنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗۤ اَخۡلَدَ اِلَى الۡاَرۡضِ

وَ	لَوۡ	شِئۡنَا	لَرَفَعۡنٰهُ	بِهَا	وَ	لٰكِنَّهٗۤ	اَخۡلَدَ	اِلَى	الۡاَرۡضِ
اور	اگر	ہم چاہتے	تو بلند کرتے اس کو	اس سے	اور	لیکن وہ	جھک گیا	طرف	زمین کی

اور ہم چاہتے تو آیتوں کے سبب اسے اٹھا لیتے مگر وہ تو زمین پکڑ گیا

وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الۡكَلۡبِ ۚ اِنۡ تَحۡمِلۡ عَلَيۡهِ يَلۡهَثۡ

وَاتَّبَعَ	هَوٰىهُ	فَمَثَلُهٗ	كَمَثَلِ	الۡكَلۡبِ	اِنۡ	تَحۡمِلۡ	عَلَيۡهِ	يَلۡهَثۡ
اور پیچھے لگا	اپنی خواہش کے	تو اس کی مثال	جیسے	کتا ہے	اگر	تو حملہ کرے	اس پر	زبان نکالتا ہے

اور اپنی خواہش کا تابع ہوا تو اس کا حال کتے کی طرح ہے تو اس پر حملہ کرے تو زبان نکالے اور

أَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ۚ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ

أَوْ	تَتْرُكْهُ	يَلْهَثْ	ذٰلِكَ	مَثَلُ	الْقَوْمِ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا
یا	چھوڑ دے اس کو	زبان نکالتا ہے	یہ	مثال ہے	اس قوم کی	جنہوں نے	جھٹلایا	ہماری آیتوں کو

چھوڑ دے تو بھی زبان نکالے یہ حال ہے ان کا جنہوں نے ہماری آیتیں جھٹلائیں

فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿١٧٦﴾ سَآءَ مَثَلَا ۣالْقَوْمُ

فَاقْصُصِ	الْقَصَصَ	لَعَلَّهُمْ	يَتَفَكَّرُوْنَ	سَآءَ	مَثَلًا	الْقَوْمُ
تو بیان کرو	واقعہ	تاکہ وہ	سوچیں	بری	کہاوت ہے	اس قوم کی

تو آپ نصیحت (واقعات) سناؤ کہ وہ غوروفکر کریں۔ بری مثال ہے ان لوگوں کی

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ﴿١٧٧﴾ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ

الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَاَنْفُسَهُمْ	كَانُوْا	يَظْلِمُوْنَ	مَنْ	يَّهْدِ	اللّٰهُ
جنہوں نے کہ	جھٹلادیا	ہماری آیتوں کو	اور اپنی جانوں پر	وہ تھے	ظلم کرتے	جسے	ہدایت دے	اللہ

جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور (درحقیقت) وہ اپنی ہی جانوں پر ظلم کرتے رہے۔ جسے اللہ

فَهُوَ الْمُهْتَدِیْ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿١٧٨﴾ وَلَقَدْ

فَهُوَ	الْمُهْتَدِیْ	وَ	مَنْ	يُّضْلِلْ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْخٰسِرُوْنَ	وَلَقَدْ
وہی ہے	ہدایت پانے والا	اور	جسے	گمراہ کرے	تو وہ لوگ	ہی	خسارہ پانے والے ہیں	اور بیشک

ہدایت فرماتا ہے پس وہی ہدایت پانیوالا ہے اور جسے وہ گمراہ کرتا ہے پس وہی لوگ نقصان اٹھانیوالے ہیں اور بے شک ہم نے دوزخ

ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۖ لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ

ذَرَاْنَا	لِجَهَنَّمَ	كَثِيْرًا	مِّنَ الْجِنِّ	وَ	الْاِنْسِ	لَهُمْ	قُلُوْبٌ	لَا	يَفْقَهُوْنَ
پیدا کیے ہم نے	جہنم کے لئے	بہت	سے جن	اور	آدمی	ان کے	دل ہیں کہ	نہیں	سمجھتے

کیلئے بہت سے جن اور انسان پیدا کیے ان کے دل ہیں جن سے وہ نہیں سمجھتے

بِهَا ۡ وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا ۡ وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا ؕ

بِهَا	وَ	لَهُمْ	اَعْيُنٌ	لَا	يُبْصِرُوْنَ	بِهَا	وَ	لَهُمْ	اٰذَانٌ	لَا	يَسْمَعُوْنَ	بِهَا
ان سے	اور	ان کے	آنکھیں ہیں	نہ	دیکھنے والی	اس سے	اور	ان کے	کان ہیں	نہیں	سنتے	ان سے

اور ان کی آنکھیں ہیں جن سے وہ نہیں دیکھتے اور ان کے کان ہیں جن سے وہ نہیں سنتے

اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿١٧٩﴾ وَلِلّٰهِ

اُولٰٓئِكَ	كَالْاَنْعَامِ	بَلْ	هُمْ	اَضَلُّ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْغٰفِلُوْنَ	وَ	لِلّٰهِ
یہ لوگ	چوپایوں کی طرح ہیں	بلکہ	وہ	زیادہ گمراہ ہیں	یہی	وہ ہیں	غفلت میں پڑے	اور	اللہ کے

وہ لوگ چوپایوں کی طرح ہیں بلکہ ان سے زیادہ گمراہ، وہی غفلت میں مبتلا ہیں۔ اور سب سے اچھے نام اللہ ہی کے ہیں

الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ۪ وَذَرُوا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ

الْاَسْمَآءُ	الْحُسْنٰى	فَادْعُوْهُ	بِهَا	وَ	ذَرُوا	الَّذِيْنَ	يُلْحِدُوْنَ	فِيْٓ
نام ہیں	اچھے	سو پکارو اس کو	ان سے	اور	چھوڑ دو	ان کو	جو کجرو ہیں	میں

تو ان (ہی) ناموں سے اللہ کو پکارو اور انہیں چھوڑ دو جو اس کے ناموں میں انحراف اختیار کرتے ہیں

اَسْمَآئِهٖ ؕ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٨٠﴾ وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ

اَسْمَآئِهٖ	سَيُجْزَوْنَ	مَا	كَانُوْا	يَعْمَلُوْنَ	وَ	مِمَّنْ	خَلَقْنَآ	اُمَّةٌ
اسکے ناموں	جلدی بدلہ دیئے جائینگے	جو	تھے وہ	عمل کرتے	اور	ان سے	جو پیدا کیے ہم نے	ایک گروہ ہے

عنقریب انہیں بدلہ دیا جائے گا اس کا جو وہ کیا کرتے تھے۔ اور جنہیں ہم نے تخلیق کیا ان میں سے ایک گروہ وہ ہے

يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ﴿١٨١﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا

يَّهْدُوْنَ	بِالْحَقِّ	وَ	بِهٖ	يَعْدِلُوْنَ	وَ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا
جو ہدایت دیتے ہیں	حق کی	اور	اسی سے	وہ انصاف کرتے ہیں	اور	وہ جنہوں نے	جھٹلایا	ہماری آیتوں کو

جو حق بات کرتے ہیں اور اس پر انصاف کرتے ہیں۔ اور جنہوں نے ہماری آیتیں جھٹلائیں

سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۲﴾ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ؕ اِنَّ

سَنَسْتَدْرِجُهُمْ	مِنْ حَيْثُ	لَا	يَعْلَمُوْنَ	وَاُمْلِيْ	لَهُمْ	اِنَّ
آہستہ آہستہ کھینچیں گے ہم ان کو	ایسا کہ	نہ	جانیں گے	اور میں ڈھیل دوں گا	ان کو	بیشک

جلد ہم انہیں آہستہ آہستہ عذاب کی طرف لے جائیں گے جہاں کی انہیں خبر نہ ہوگی۔ اور میں انہیں مہلت دے رہا ہوں بے شک

كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿۱۸۳﴾ اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا ٚ مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ ؕ

كَيْدِيْ	مَتِيْنٌ	اَوَ	لَمْ	يَتَفَكَّرُوْا	مَا	بِصَاحِبِهِمْ	مِّنْ جِنَّةٍ
تدبیر میری	مضبوط ہے	کیا	نہ	سوچا انہوں نے	کہ نہیں	ان کے صاحب کو	کوئی جنون

میری گرفت بڑی مضبوط ہے۔ کیا انہوں نے غور نہیں کیا کہ ان کے صاحب کو قطعاً جنون نہیں ہے وہ تو (نافرمانوں کو) صرف

اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸۴﴾ اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا فِيْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ

اِنْ	هُوَ	اِلَّا	نَذِيْرٌ	مُّبِيْنٌ	اَوَ	لَمْ	يَنْظُرُوْا	فِيْ مَلَكُوْتِ	السَّمٰوٰتِ
نہیں	وہ	مگر	ڈرانیوالے	ظاہر	کیا	نہیں	نگاہ کی	سلطنت میں	آسمانوں

واضح ڈر سنانے والے ہیں۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا آسمانوں اور زمین کی سلطنت میں

وَالْاَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ۙ وَّاَنْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ

وَ	الْاَرْضِ	وَ	مَا	خَلَقَ	اللّٰهُ	مِنْ	شَيْءٍ	وَّ	اَنْ	عَسٰٓى	اَنْ	يَّكُوْنَ
اور	زمین کی	اور	جو	پیدا کی	اللہ نے	کوئی	چیز	اور	یہ کہ	قریب ہے	یہ کہ	ہو

اور جو کچھ بھی اللہ نے پیدا فرمایا اور اس بات میں کہ شاید ان کا وقتِ مقرر قریب آگیا

قَدِ اقْتَرَبَ اَجَلُهُمْ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۭ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۵﴾ مَنْ

قَدِ اقْتَرَبَ	اَجَلُهُمْ	فَبِاَيِّ	حَدِيْثٍ	بَعْدَهٗ	يُؤْمِنُوْنَ	مَنْ
بیشک قریب آچکی	ان کی اجل	تو کون سی	بات پر	بعد اس کے	ایمان لائیں گے	جسے

ہو تو قرآن کے بعد وہ کس بات پر ایمان لائیں گے۔ جسے

يُضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ ؕ وَيَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۸۶﴾

يُضْلِلِ	اللّٰهُ	فَلَا	هَادِيَ	لَهٗ	وَ	يَذَرُهُمْ	فِيْ	طُغْيَانِهِمْ	يَعْمَهُوْنَ
گمراہ کرے	اللہ	تو نہیں	کوئی ہدایت دینے والا	اس کو	اور	چھوڑے گا ان کو	میں	ان کی سرکشی	بھٹکتے پھررہے

اللہ گمراہ کرے اسے کوئی ہدایت کرنے والا نہیں اور اللہ انہیں چھوڑ دیتا ہے کہ وہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے پھرتے

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ

يَسْـَٔلُوْنَكَ	عَنِ السَّاعَةِ	اَيَّانَ	مُرْسٰىهَا	قُلْ	اِنَّمَا	عِلْمُهَا	عِنْدَ
پوچھتے ہیں آپ سے	قیامت کے متعلق	کہ کب ہے	اس کا قائم ہونا	فرمادیں	اس کے سوا نہیں	اس کا علم	پاس

آپ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں کہ وہ کب قائم ہوگی تم فرماؤ اس کا علم تو میرے رب کے پاس ہے

رَبِّيْ ۚ لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ ؔ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

وقف لازم
وقف منزل

رَبِّيْ	لَا	يُجَلِّيْهَا	لِوَقْتِهَآ	اِلَّا	هُوَ	ثَقُلَتْ	فِيْ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ
میرے رب کے ہے	نہیں	ظاہر کرے گا اس کو	اسکے وقت پر	مگر	وہی	بھاری ہوگی	میں	آسمانوں	اور	زمین میں

اسے وہی اس کے وقت پر ظاہر کرے گا وہ آسمانوں اور زمین پر بھاری ہوگی

لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً ؕ يَسْـَٔلُوْنَكَ كَاَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا

لَا	تَاْتِيْكُمْ	اِلَّا	بَغْتَةً	يَسْـَٔلُوْنَكَ	كَاَنَّكَ	حَفِيٌّ	عَنْهَا	قُلْ	اِنَّمَا
نہیں	آئے گی تمہارے پاس	مگر	اچانک	پوچھتے ہیں آپ سے	گویا کہ آپ	خبردار ہیں	اس سے	فرمادیں	اسکے سوا نہیں

تم پر نہ آئے گی مگر اچانک تم سے ایسا پوچھتے ہیں گویا آپ نے اس کی خوب تحقیق کر رکھی ہے آپ فرمادیجئے اس کا علم تو

عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ قُلْ لَّآ اَمْلِكُ

عِلْمُهَا	عِنْدَ	اللّٰهِ	وَ	لٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا	يَعْلَمُوْنَ	قُلْ	لَّآ	اَمْلِكُ
اس کا علم	پاس	اللہ کے ہے	اور	لیکن	اکثر	لوگ	نہیں	جانتے	فرمادیں	نہیں	مالک میں

اللہ ہی کے پاس ہے لیکن اکثر لوگ جانتے نہیں۔ اے محبوب ﷺ آپ فرمادیجئے میں اپنی جان کے نفع نقصان کا خود مختار نہیں مگر

لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ

لِنَفْسِيْ	نَفْعًا	وَّ	لَا	ضَرًّا	اِلَّا	مَا	شَآءَ	اللّٰهُ	وَ	لَوْ	كُنْتُ	اَعْلَمُ	الْغَيْبَ
اپنی جان کا	نفع	اور	نہ	نقصان کا	مگر	جو	چاہے	اللہ	اور	اگر	ہوتا میں	جانتا	غیب

جو اللہ چاہے اور اگر میں خبر (غیب) بہ اذن الٰہی جان لیا کرتا

لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۚ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ۚ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ

لَاسْتَكْثَرْتُ	مِنَ الْخَيْرِ	وَ	مَا	مَسَّنِيَ	السُّوْٓءُ	اِنْ	اَنَا	اِلَّا	نَذِيْرٌ
تو اکٹھی کر لیتا بہت سی	بھلائی	اور	نہ	پہنچتی مجھ کو	کوئی تکلیف	نہیں	میں	مگر	ڈرانے والا

تو یوں ہوتا کہ میں اپنے لیے بہت سی بھلائی جمع کر لیتا اور مجھے اور کوئی تکلیف نہ پہنچی میں تو بہی ڈر

وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ ع هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ

معانقة

ع ۲۴

وَّ	بَشِيْرٌ	لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ	هُوَ	الَّذِيْ	خَلَقَكُمْ	مِّنْ نَّفْسٍ	وَّاحِدَةٍ
اور	خوشخبری دینے والا	اس قوم کو	جو ایمان لاتے ہیں	وہ	جس نے	پیدا کیا تم کو	جان	ایک سے

